TIGHT BINDING BOOK

UNIVERSAL
LIBRARY
OU_222354
UNIVERSAL
LIBRARY

Osmania University Library

Call No. ۸۹۱٫۴۳۵ ن - و

Accession No. U. 12928

Author واجد علی شاہ

Title نظم امور

This book should be returned on or before the date last marked below.

بعون صناع مکین و مکان و فضل خلاق زمین و

کلیات نواز تصنیفات حضرت سلطان [illegible] و معنیان مشتہر باسم تاریخی

نظام نامور

سنہ ۱۲۸۷ ہجری

تاریخ ترتیب کلیات مبارک

کاکل پریشان خیالی

سنہ ۱۲۸۵ ہجری

در شہر رجب المرجب سنہ ۱۲۸۷ ہجری بدار الحکومت کلکتہ

در مطبع سلطانی باہتمام ضرغام الدولہ زیور طبع آراستہ

CHECKED 1952

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دفتر اوّل در رقعہ ہا و مثنویہا وغیرہ

رقعہ متضمن چٹھی برخوردار مرزا محمد جلال بہا در از جانب نواب صاحبہ مخلصہا

ولا بعد حمدِ خدائی جہان	رقم نعتِ احمد کرای تبہ دان
پس از نعتِ احمد لکھہ اب منقبت	کری بلبل کلک گلکی صفت
وزیرِ محمد شہِ نیکنام	رسولِ خدا کا مدار المہام
نبی و علی ہر دو نسبت بہم	دو تا دیکی چون زبانِ قلم
پیمبر کی نسبت علی کے ہے ساتھ	ید اللہ بیشک خدا کا ہے ہاتھ

شہِ انبیا کا وہ داماد ہی | فلک پر فرشتونکا اُستاد ہی
امامِ ہُدیٰ شافعِ عاصیان | وہ خیبر شکن مالکِ انس و جان
ہزارون سلام اوسپہ ای نیکنام | سلامٌ علیکم علیک السّلام
پس از منقبت سب سبی ہے عرض حال | کہ پیدا ہوئی ہین محمّد جلال
خوشی اسکی ساری زمانیمین ہی | زرِ گل کا انبار خانیمین ہی
خدا طولِ عمر اسکو دیوی بہت | متاعِ مبارک یہہ لیوی بہت
یہہ ہی عرض صدر النّساسب سی یون | چھٹی مین ہی اس گلگی ہمراہ ہون
یہہ ہی بست و ہفتم جو شعبان کی | اونا سی ہین سن بارہ سو پر چلی
سہ شنبہ جو ہی روز اقبال مند | قرارِ خوشیِ شہِ عیش بند
مچی تاری کہلائین سب آنکر | بندہی شاخِ گل سی گلونکی کمر
مہیا ہی ہر سو نشاط و طرب | نہ ہی پائی بلبل کو گل سی ادب

نہ غم باغبانکو گلستانکا ہی
نہ گلکو الم کچھہ گریبانکا ہی

خلش خارکو ہی نہ گلزارسی
نہ یارونکو مطلب ہی اغیارسی

نہ گلچین کو ہی خوفِ روزِ الست
ہی سرسبز انگور کی وا ربست

گلونکو ہی گلشن مین یون جہانک تاک
کہ بلبل ہی کہتا ہی روحی فداک

ہر اک چشم انگورسی وا ربست
شمارِ ستارہ مین ہی خود پرست

چھٹی کی سُنی ہی جو کچھہ دُھوم دہام
ہی سیّارونکا چرخپر اژدحام

ثوابت سی ثابت ہی روز طرب
شبِ عیش ہی حسن و زطرب

بس اس بزم عالیمین ای صاحبو
کرم مجھپہ کرکی مجھی خوش کرو

کرو پیار پو رخوش اقبال کو
کہ لو جانعالم کی تم لال کو

ہی اونسی بہی یہہ عرض صدر النسا
جو تشریف لائین بڑہی مرتبا

مہیّا ہین ہر سمت جشن خوشی
ہر اک باتکی ہی یہان دل لگی

الٰہی پھر یہ اسطرح بکون
خوشی مثلِ اختر ہون شاب و مسن

مثنوی بنام نواب تصویر محل صاحبہ

قمر چہرہ خورشید دوش نازنین — ضیا بیز مہتاب رومہ جبین
خوش اقبال خوشبخت خوش مرتبا — حسین مہروش ماہ بدرالدجیٰ
مری ملکۂ بیوفا خوبرو — پریچہرہ نازک ادا دلنشین خو
سلامت رہو گلشنِ دہر مین — ہمیشہ رہی نام ہر شہر مین
پس از اشتیاقِ ملاقاتِ یار — زبانِ قلمسی ہون مطلب نگار
کہ جویائی اخبار اخیار ہون — خداسی خوشی کا طلبگار ہون
ہی من بعد کچھہ عرضِ حالِ جنون — جو فرمائی اوسکو ظاہر کرون
سرِ صبح تحریر خاصِ حضور — ملی مجھکو پیدا ہوا اک سرور

مرا حال دل ہی خدا جانتا
بشر اوسکو ہرگز نہین مانتا

مجھی جسسی الفت ہوئی اسی نگار
مرا دل ہی ہر وقت تصویر آر

شب و روز خواب اور بیدار مین
گذرتی ہی آہ و فغان زار مین

تری بیوفائیسی نالان ہون مین
سحر کیطرح چاک دامان ہون مین

گریبان گل سی او بہتا ہون مین
کبھی دست غل سی او بہتا ہون مین

کبھی شور کرتا ہون بلبل کی شکل
کبھی ہاتھہ گردنمین ہون غل کی شکل

کبھی آئینہ وار حیرت زدہ
کبھی مثل قمری محبت زدہ

کبھی نغمہ و شور قلقل سی تنگ
کبھی ساقی و ساغر و مل سی تنگ

کبھی مثل دیوانہ آہ و بکا
کبھی کہتا ہون رو کی باد صبا

مری یار کو مجھسی نفرت ہی کیون
دلا آہ تجھکو محبت ہی کیون

درختونسی کرتا ہون یہہ گفتگو
کہ باغ جہان مین گئی آبرو

مین طالب ہون جس گلکا بی بوہی وہ — پری زادہی اور بدخو ہی وہ

مری طرح وہ بہی ہو عاشق اگر — تو کہلجای احوالِ خستہ جگر

درختونسی کرتا تہا مین یہہ کلام — کہ آبیٹہا اک بلبلِ نیکنام

کیا اسطرح اوسنی مجہسی خطاب — کہ غمگین ہی کیون شاہِ عالیجناب

عبث رنگِ رخسار کہلاگیا — کچہہ ارشاد بندیسی ہو کیا ہوا

چمن مین جو بلبل کو پایا شفیق — ہوا بحرِ احسانمین مین بہی غریق

کہا مینی ای بلبلِ خوش بیان — مری جان مائل ہوئی ہی جہان

وہ ہی بیوفا دشمنِ دوست رو — نہ پوچہہ اسکا احوال ای نیکخو

تو بلبل یہہ بولا کہ ای شاہِ پاک — بیان کیجئی حال روحی فداک

جو الحاحِ بلبل نہایت ہوئی — تو مینی بہی یہہ داستان چہیڑدی

لیب
مین مرتا ہون جسپر سن ای عندلیب — مریجانکی وہ ہوئی ہی رقیب

کہا اوسنی کیا وجہ سلطانِ ہند
کہ پیدا ہوئی آپتو جانِ ہند

یہہ سب اہلِ کلکتہ دیوانی ہین
تو ہی شمع سب تجھپہ پروانی ہین

ترا دل دکہایا ہی کس ماہ نی
رخِ داغ پایا ہی کس ماہ نی

کہا مینی تصویر ہی اوسکا نام
کہ پریونکی افسر ہی وہ مہ مقام

اوسی اسقدر مجھسی نفرت ہی یا
ہٹاتی ہی مونہہ مین جو کرتا ہون پیار

جو ہمراہ لیتون تو کرتی ہی پشت
جو مین نرم ہوتا ہون وہ ہی درشت

مرا وصل ہی سنگ سی بہی وون
جو چمٹون تو ہوتا ہی اوسکو جنون

جو روون تو ہنستی ہی بات پر
وہین طعن کرتی ہی برسات پر

اگر مونہہ ملاون تو آشفتہ ہو
اگر پاس جاون تو آشفتہ ہو

کہا ایکدن مجھسی ای عندلیب
کہ شامت ہی آئی جو تیری قریب

لگا دلپہ نشتر یہہ اوسکا سخن
ہوا ابر نظر مین سارا چمن

نہ کی مہر الفت کبھی سی مری
کئی پست میری بڑہی حوصلی

مین سمجھا تا تہا ای مہ خوشمقام
چلو رای پر میری ہو نیکنام

نکالی مری ای خودرائی کی
غضب کردیا ہائی خودرائی کی

مین کہتا تہا وہ چال چلئی حضور
کہ ہوئی سخاوتکا ہروم ظہور

جو تقریب شادی مین جائین حضور
تو پنجاہ کا صرف وہان ہی ضرور

سخاوت ہی اور تہی بہ نام آوری
دعا دینگی سب آئی رشک پری

نہ مانی مری بات تخفیف کی
بڑی تہی کرامات تخفیف کی

بس اوس روز سی بلبل خوش بدن
کیا ترک از خود وہ مینی چمن

ہوا آبدیدہ رخ عندلیب
گرا پاؤ پر اور رکہا وانصیب

ہزارون ہی گلزار مین ہو پہین
کروروں ہی اک بار مین ہو پہین

خداوند فرمان روای وشکوہ
زغوغای مردم نگردد ستوہ

اگر شیرہ کی نہین چشم شاہ
نہین چشمۂ مہر پر کچھ گناہ

چلو اوٹھو سیرِ دلارا کرو
بس اب ہجر اوسکا گوارا کرو

ابہی ظلِّ سلطان مین ہین یُوم و رَ
نہ چاہی جو تمکو وہ کب ہی بشر

نصیحت یہہ دلکو گوارا ہوئی
کہ وہ قصرِ تنہین دلارا ہوئی

کہا سچ کہا تو نی ای عندلیب
روا نہ کرو نمین جوابِ حبیب

اوٹہا خامہ لکہتا ہون اب صاف صاف
بُلا نیسی بندیکو کیجئی معاف

نہ تم شمع ہو اور نہ پروانی ہم
پری ہو نہ تم اور نہ دیوانی ہم

نہ ہیرا ہو تم اور نہ ہم سنگ ہین
نہ ہمو زن ہین اور نہ ہمرنگ ہین

نہ تم شاہزادہ نہ ہم ہین وزیر
نہ تم ہو فقیر اور نہ ہم ہین امیر

نہ بلبل ہو تم اور نہ گلشن ہین ہم
قبا ہو نہ تم اور نہ دامن ہین ہم

نہ یوسف ہین ہم نی زلیخا ہو تم
نہ مجنون ہین ہم اور نہ لیلی ہو تم

نہ فرہاد ہین ہم نہ شیرین ہو تم
نہ زاہد ہین ہم اور نہ بیدین ہو تم

نہ وامق ہین ہم اور نہ عذرا ہو تم
نہ مُرواہین ہم نی مسیحا ہو تم

اگر کیمیا کا وہان ذہیر ہو
طبیعت ہوس سی یہان سیر ہو

تلوّنسی تیری چمن خار ہی
تری ہجر مین خار گلزار ہی

جلانیسی تیری مجھی عار ہی
ترا وصل اب سخت دشوار ہی

نکلجاؤن او سجا جہان تو نہو
رہون عمر بہر آجہان تو نہو

دعا گو ہون تیرا جہان ہون صنم
کرم ہی کرم ہی کرم ہی کرم

تری راہ کو کاٹ کر مین چلون
قدم راہ غم مین نہ ہرگز دہرون

جو ہوا وسطرف کعبہ چہوڑون نماز
کہون یون ہی وی بخش ای بی نیاز

وہ تحفہ صنم لاؤن آغوش مین
وہ بیہوش اور آئی تو ہوش مین

نہ پوچہون کبہی تیرا حال عجب
غضب کر دیا ری غضب ہی غضب

کرون ترک سب سی ملاقات مین
کرون فرط غمسی کچھہ بات مین

اگر تو مجھی راستی پر نہ لائی
تو کجر و صنم عمر بھر تو کہائی

ینا عشوہ مجھسی نکالا پری
نہ بہائی مجھی تیری آشگری

بُلاتی ہی کیون ای مہ آسمان
نہ آئیگا اختر کبھی مہربان

مرا آنا ہی دشمنو پر وبال
پُر از شکوہ ہی میرے جان یار ان

ہی شامت مری جو تری پاس آون
عبث داغ نفرت بدنکو لگاون

تو البتہ ہی نازنین ماہرو
مری پاس کیا ہی گلِ نیلگو

بُلا نیسی آتا ہی تمکو حجاب
ہمین اپنی آنیسی ہی پیچ و تاب

دَوڑی بدنمین کمر مین ہی درد
کئی دنسی ماندا ہون ہی رنگ زرد

دکہانیکی قابل یہہ چہرا نہین
مجھی کیا کبھی تنی دیکہا نہین

حقارت مُلا نسے رہے گی نصب
نگاہون سے مری ہو بردم قریب

مین لایق تری کام کی اب نہین	یہہ دل آجکل ہی کہین کا کہین
قلم ہیر شاعر دعا کیطرف	اوٹہا ہاتہہ اپنی خدا کیطرف
الٰہی ہین جب تک مہ و آسمان	رہی قایم آباد یہہ نوجوان
ستارہ کمان ترا تیر باد	کمندت سپہر جہانگیر باد
مری نور چشم و سرور جگر	زکیہ جوہین دختر خوش سیر
اونہین پیار کرنا سن ای بیوفا	دعا دینا جیتی رہی مہ لقا
سر شمس پائی پر انوار باد	رخ زہرہ چرخ رخسار باد

کمیت سیہ فام اختر مدام
بجولانگہ عشق دارد خرام

رقعہ متضمن چہٹی نواب رتبہ آرا بیگم صاحبہ از جانب نواب سلطان محل صاحبہ

کر اب حمد پاک خدائی قدیر	تو پھر نعت احمد شہ خوش سریر

ولا منقبت مین تو مصروف ہو | محبت و لایت مین معطوف ہو
امیرِ عرب شافعِ نیکنام | رسولِ خدا کامدار المہام
حبیبِ نبیؐ اشرف الاوصیا | وصیِ محمدؐ علیؑ مرتضا
جو یہہ منقبت اب ہوئی ہی تمام | تو بارہ اماموںکو پہنچی سلام
یہہ ہی عرض سُلطان محل و ستو | بگوشِ خوشی سُنّی و الوسنو
سنو گوشِ دل سی یہہ قصہ مرا | ہوا مجھپہ پھر فضلِ ربِ ہُدا
دوبارہ شجر پُر ثمر ہوگیا | چمن پر دُعا کا اثر ہوگیا
تولد ہوئین شاہزادی حسین | بہری ہین خوشی سی زمان و زمین
ہوئین رُتبہ آرا جو عالم فروز | دُلہن بنگئی شب تو نور و روز
سرِ باب گلشن کنول ہوگیا | تو گیسوئی سنبل مین بل ہوگیا
شبِ مہ نی روشن کیا باغ کو | مٹایا گلِ لالہ نی داغ کو

جوانانِ گلشن ہرن ہوگئی
جو تہی خار تن خود چمن ہوگئی

ہوا ناچتی آئی گلزار مین
صدا نغمی کی ہی لبِ خار مین

ستمکش جو تہی عیش زا ہوگئی
جو صیاد تہی وہ ہوا ہوگئی

ندیمانِ مجلس طرب خیز ہین
رفیقانِ محفل گھُر یز ہین

شرر ہائی روئی چمن ہین نہال
بجُھی آتشِ گل ہوئی سبز لال

سرِ تخمِ انگور مدہوش ہی
گلستانمین گلچین بہی روپوش ہی

صبا جُھومتی ہی جو مستونکی سا تہہ
چنارِ چمن خود بڑہائی ہی ہاتہہ

ہر اک گل کی پتّی بلا لیتی ہین
رُخِ بلبلِ خوش نوا لیتی ہین

سبک ہو رہا ہی نہالِ چمن
ترقّی پہ اب ہی جمالِ چمن

بس اس موسمِ وصل نوخیز مین
صد فہائی پُر بار و لبریز مین

کرم اب مری ساتہہ والی کرین
قدم کُلبۂ عیش مین سب دہرین

جو تاریخ اونیسوین آئیگی — چھٹی شاہزادی بہی منگوائیگی
ہوئی بارہ سو پرا و ناسی جو سن — کہلین گی اسی سنمین خوشبو چمن
یہہ احباب سب مہربانی کرین — کہ خود آئین اور قدردانی کرین
محل عیش کا ہی نشاط و طرب — مین سلطانعالم سی کہتی ہون اب
کہ خود آکی دختر کی عزت بڑہائین — محبت سی مجکو بہی تاری دکہائین

سر عیش خوش تاج الماس باد
دل دشمنان بہر و بیواس باد

مثنوی عشقیہ در جواب رقعۂ نواب شہزادی بیگیصاحبہ

سر سرفرازان و تاج شہان — مجلّی کن دین عاشقان
پریزاد شہزادی بیگم قمر — دل و روح سلطان و جان و جگر
سلامت رہو با نشاط و طرب — غم دین و دنیا نہو ایک شب

ملا رقعۂ فرحت آسا مجھی | کہ جس رقعہ کی تھی تمنّا مجھی
عیادتکو جرنیلصاحب کی جاؤں | اجازت تہین ہی اونہین دیکھہ آؤں

رخِ لالہ گون رشکِ مہتاب باد
الہای نیرنگ چون خواب باد

رقعہ متضمن چھٹی محفل آراے انوار معصومیہ بیگیصاحبہ از جانب نواب صنوبر محلصاحبہ

بتائیدِ حق اور بہمن بنے | بلطف عطاے علیِّ ولے
یہہ ہی عرض کرتی صنوبر محل | سنین اسکو سب صاحبان دول
ہوا مجھپہ احسان ربِّ کریم | چلی میری گہر پر خوشگوار نسیم
مہیا ہین سامان عیش و سرور | برسنی لگا آسمانی مین نور
زرگل کی انبار ہین ہر طرف | جو تارونکی گھنگرو ہین توسہ کا دف
عجب رقص کرتی ہین طاؤس باغ | گلستانمین بلبل ہی ہین ترو ماغ

نشاط و طرب سی بهرا هی چمن
نضارت سی بالکل هرا هی چمن

دُرِ گل سی هین گوشِ گلشن بهری
هوئی تازگی سی چمن بهی هری

جو پتّی هین دستِ دُعا هین تمام
نظاریکی قابل هی هر صبح و شام

کهین عندلیبین هین نغمه کُنان
کهین صرفِ عشرت هین سب باغبان

کهین ظرفِ گُل مین مئی لاله فام
کسی تختی مین نرگسونکی هین جام

طرب خیز هین بُلبلانِ چمن
هوئی مستِ صهبا جوانِ چمن

نشیمن پری کا هی شاخِ شجر
تو تاجِ سُلیمان هی اک اک ثمر

گلونکو هنساتی هی بادِ سحر
کفِ باغبانمین هی پهولونکا زر

یهه خوشیان نمودار هین اسلئی
مقدّر نی پیغام تحفه دئی

چهٹی محفل آرا کی هوئیگی آج
خوشیکی سبب سی هی بدلا مزاج

وه نوّاب معصومه بیگم جو هین
وه مهتاب معصومه بیگم جو هین

چھٹی اونکی آج آئینگی دھوم سی ۔۔۔ ہوا کیون نہ گلشنمین خوش خوش چلی

جو ہی بست و ہشتم اسی ماہ کی ۔۔۔ خبر دیتی ہی تربہ و جاہ کی

مہینہ ہی ذالحج مبارک ہین سن ۔۔۔ ملی دُرِ عشرت مجھی لاکھہ من

اوناسی ہین سن بارہ سو پر جواب ۔۔۔ کھلا ہی اسی سن مین باب طرب

ہی اس کوٹھی کا آسمانی خطاب ۔۔۔ جہان دُختِ اختر ہوئین فیضیاب

وہین مجھپہ سب مہربانی کرین ۔۔۔ تحیفہ کی سب قدردانی کرین

مری گھر مین تشریف احباب لائین ۔۔۔ زچہ مجھکو سلطانعالم بنائین

بعید از مروت نہو گی یہہ عرض ۔۔۔ کہ دور از محبت نہو گی یہہ عرض

خدایا تو سلطانِ ذیجاہ را ۔۔۔ عطا عیش کن جملہ این شاہ را

دلِ دوستان در جہان شاد باد

سرِ کینہ خواہانِ شہ باد باد

رقعہ متضمن چھٹی قراحسین میرزا بہادر از جانب نواب شہزادہ مخلصا جمہ

بفضلِ خداوندِ لیل و نہار
بلطفِ نبیؐ شاہِ رفرف سوار

بہ حُبِّ علیؑ ولی شاہ دین
بہ فیضِ امامانِ جنت نشین

ہی اجابسی عرضِ گیہان ہی
صدا دی ہی ہین دل و جان ہی

کہ مین تمکو تکلیف دونگی ضرور
مئی عیش سی سبکو ہوگا سرور

دوبارہ پہلا میرا نخلِ مراد
نوین اس مہینی کی رکہئی گایا

چھٹی ہوگی اوس روز شہزادیکی
بپا ہوگی گہر بہر مین میری خوشی

ضرور آگی بزم طرب دیکہنا
مجہی تا ری دیکہلا کی سب دیکہنا

وہ پیدا ہوا ہی جو نورِ نگاہ
خوش اقبال شہزادہ طیمور شاہ

قراسی اگر ضم کرو نمین حُسین
تو ظاہر ہو رنگِ رخِ نورعین

عیان بلبلو نمین ہی جوش و خروش
نہال چمن ہی ہر اک لالہ پوش

یہہ پھر بار آور ہوئی میری شاخ
ہر اکسو نبی ہین جواہر کی کاخ

خدا کا کرم دُوسری دفعہ ہی
عنایت ہوئی پھر مجھی عمر شی

مری شاخِ امّید مین پھل لگا
بہ عمرِ طبیعی یہہ پہنچی خدا

یہہ فرزند تم سبکا ہی نورِ عین
یہہ سلطانِ عالم کی ہی لختِ عین

مین اونکو بھی لکھتی ہون امیر یجان
مہیا ہی سامانِ عشرت یہان

قدم رنجہ تم بھی یہا پر کرو
یہہ پورِ خوش اقبال حاضر ہی لو

یقین ہی کہ حضرت یہون آکر شریک
زچہ نی لکھا حال سب ٹھیک ٹھیک

زاختر بدنیا رُخِ رنگ باد
زاقبالِ طیمور او رنگ باد

رقعہ متضمن چھٹی بنت الملک نواب صغرا بیگم صاحبہ
از جانب ملکۂ ملک تاج النسا نواب معشوق محل صاحبہ

پس از حمد و نعت رسول امم
پس از منقبت ہی رواں یون قلم

کہ بلبل نی سر اونچا گوندہاہی آج
فلک پر ہی ہر گلستانکا مزاج

ہر اک قمری سرو گلپوش ہی
گلستانِ من ہر پھول پرجوش ہی

کہ بنت الملک کی چھٹی آج ہی
یہہ ہی دختِ شہ خود مری تاج ہی

یہہ ہشتم ہی اس ماہ کی جو سعید
یہی روز مجھکو ہوا روزِ عید

یہہ ہی عرض احبا بسی اسگھڑی
کہ تشریف لائین یہی ہی خوشی

مجھی تاری دکھلائین سب آنکر
کرو جانعالم کو جاکر خبر

وہ خود آکی محفل کو ترتیب دین
وہ دختر کو خود آکی گود مین لین

سہ بارہ ہوا مجھپہ فضلِ کریم
شجر کو لگی میری باد شمیم

ہوا تخمِ اُمید پھر بارور
سہ بارہ لگا اس شجر مین ثمر

الٰہی بحقِ رسولِ عباد
ملی سبکی بس اسطرحسی مراد

قدم محفل عیش مین سب دہرین | مئی عیش و راحتسی ساغر بہرین

شرح دستخط خاص بر عرضداشت والدهٔ عثمکانی

خطائی دلم بود ای مہربان | کہ الحال ناگفتنی آن بیان

شما مادر زوجہ ام خیرخواہ | شما بود کارندهٔ بادشاہ

شما را خدا بہر رنج آفرید | ز ذاتِ شما در دو بر دل رسید

چہ میبود ای مایهٔ بادشاہ | کہ در دی نمودی و کردی نگاہ

زیادہ نمیرفت از پنج و شش | فنا سم بسی کم رسیدہ برش

مگر گوہر عزت و اعتبار | سپردی بدستِ رخِ ننگ و عار

برین سینہ زوری چہ امید است | صفائی چنین قابلِ دید است

ز لطفِ ملاقات داری معاف
نوشتم چو آمد بدل صاف صاف

مثنوی

سرمایۂ عیش و کامرانے — شکر شکنا گل جوانے
من بعد کنار و بوس پیاری — گوش دلسی سنو ہماری
آیا جو نیقۂ خوش آئین — پھولون نہ سمائی جانِ غمگین
ہو عقد رضا تہین مبارک — ہوتا مین شریکِ بزم بیشک
ناچار ہون سُست ہی طبیعت — اور درد کمر کی ہی ہی شدت
اسوجہ کرو معاف مجھکو — جو عذر مرا ہی اوسکو سُن لو
تاریخ سعید مولوی سی — دریافت کرو تم اپنی جی سی
کچھہ میری نہین ہی اسمین حاجت — اختر کی نہین ہی اسمین حاجت

حُسن تو مدام روز افزون
نوروز چو روز شب ہمایون

مثنوی عشقیه بنام نامی نواب ملکهٔ سیمتن صاحبه

ای مرهم زخم سینه ریشان
ای حسن نمای عشق کیشان

ای روی تو روضهٔ جنان
ای غازهٔ روی بیقراران

ای تاج سر حبیب پروردد
ای گرمی بادهٔ رخ سرد

ای نخبت باغ نیکنامی
ای بوی گل شگفته کامی

ای مایهٔ عیش روح پرور
ای معدن جان گل معطر

ای طوطی شکّرین عسل ریز
ای مخزن حسن خوش نمک بیز

ای ملکهٔ سیمتن فتد رخ
اختر ترا دیکهه لی اگر رخ

سو بار چکور ساهو صدقی
تجهه ابر په مور ساهو صدقی

الله تجهی رکهی سلامت
هر لحظه فزون هو عمر و دولت

آفاق تری کنار مین هو
سبزه تری جوئبار مین هو

ہم عمرِ مسیح دہر مین ہو — بلقیس کطیرِ شہر مین ہو

شاداں رہی مثلِ گل ہمیشہ — ریّان رہی مثلِ گل ہمیشہ

بانوسی تری شبِ عروسی — دکہلائی بہارِ سینہ بوسی

یہہ زلفِ خمیدہ راست رو ہو — ہم ہون شبِ مہ ہو اور تو ہو

ہر بل رُخِ زُلف کا کری راست — پہنچی نہ تمہارا عذرِ ناخواست

جوڑی مین تری مرا بندہی دل — چونٹی ہو تو پیچمین کہلے دل

شانہ سرِ گیسوئی رسا ہو — یہان بال مین روئی دل بندہا ہو

تو روغنِ خوش سی جب کری میل — ہوجائی بہارِ باغِ جان تیل

سُرمہ او دہرا نکہڑ یو نمین ہوئی — یہان نرگسِ مست جان کہوئی

وہان سُرمیکی میل چشم مین ہو — یہان بحرِ نیل چشم مین ہو

وہان آنکہو نمین ڈوری ہون گلابے — یہان لوگ مجہی کہین شرابے

وہان پلکونکی تیز نیشتر ہون — سو فارمین یہان دل وجگر ہون

وہان خوابسی بند ہون جو آنکھین — تشبیہہ مجھی خمارسی دین

وہان ابروٗنکا جو وار چل جائی — دم میرا پھڑک کی یہان نکلجائی

ماتہی کا جو چاند ہونمایان — بنجائین نقابِ اشک مژگان

رُخسارا ودہر جو جلوہ گر ہون — یہان زعم مین پارۂ قمر ہون

وہان بینیِ خوش ہو جلوہ آرا — چلّا کی یہان کہو نمین مارا

وہان پرّۂ بینی کی پھڑک ہو — یہان قلبِ نحیف مین تپک ہو

وہان ہونٹونکو بوسہ بازیسی کام — یہان ہوش کا نام کو نہین نام

وہان دانت کیسکی رُخپہ ہالہ — یہان چپ نہین سکتا اک نوالہ

وہان مونہہ مین زبان یار ہوئی — یہان بات پہ دل نثار ہوئی

وہان چاہِ ذقن پہ ہوئی جو بن — یہان داغ بدل شعاعِ دامن

وہاں گوش سی لو لگی کسیکی — گل شمع یہاں ہو دل لگی کی
گردن ہو وہاں چراغِ گلشن — یہاں ہوئی گلی پہ تیغِ آہن
مینائی گلو وہاں چھلک جائی — یہاں کوکبِ درد و غم چمک جائی
وہاں غبغب خوش پہ تاب ہوئی — یہاں زیست تلک سراب ہوئی
وہاں شانو نپہ عالمِ تجمّل — یہاں دلکو نہیں شکیب بالکل
وہاں بازو نپر بھار صدقی — یہاں شانو نپہ تیری یار صدقی
وہاں کہنیو نپر ہو عالمِ نور — یہاں سنگِ فراقسی جگر چور
وہاں گول کلائیو نپہ نرہبت — پژمردگی کی دہر ہی صورت
وہاں دستِ نگار طمہ زن ہین — یہاں داغونسی دست و پا چمن ہین
وہاں انگلیو نپر چمک نمایان — یہاں کارِ غم جگر پہ برّان
وہاں ناخن ماہتاب صورت — سیماب سی یہاں جگر کی حالت

وہان سینہ صاف رشکِ الماس — یہان زندگی کی نہین ذرا آس
وہان چھاتیون پر غضب کا جوبن — یہان دست بکف ہی تیغ آہن
وہان قمقمی نور کی نمایان — یہان جانِ حزین چمک سی گریان
وہ کھلاتی ہین پیٹ وہ ہنسی سی — یہان سیر شکم ہی زندگی سی
وہان ناف ہی عقدہ محبت — یہان بحرِ الم مین غرقِ آفت
وہان مو میانِ یار باریک — یہان زندگی و عدم مین تشکیک
وہان مچھلیان ساقین نمایان — بی آب یہان ہی ماہئی جان
وہان ہین کفِ پائی یار گلرنگ — یہان خار کشی ہی پا کو آہنگ
یہہ ہی ہوس حیات خستہ — دروازیسی تیری ہو وہ بستہ
اینٹونکیطرح اگر گرائے — چاہتسی نہ روح باز آئے
ہو نقش قدم بہار جاوید — اوس نقش مین دل ہو مثل خورشید

چھوڑون نہ کبھی نگارِ خوش کو | آغوش مین لاؤن یارِ خوش کو
توکاہ رہا ہی کاہ ہون مین | ملکہ ہی جو تو توشاہ ہونمین
ای سانولیجان نیک انداز | ای باغ و بہار سروِ اغماز
پوشیدہ نہین ہی تجھپہ کچھہ حال | کسطرح لکھونمین سارا احوال
کچھہ ہوش نہین سوائی الفت | لکھتا ہون کہ ہائی ہائی الفت
وصلی ہو مثال جزو تن سی | لمحہ بہی الگ نہو بدن سی
دیوار کا تیرے سایہ ہونمین | کرسی ہی جو تو تو پایہ ہونمین
ہون آہکِ منزلِ پریزاد | فریاد ز دستِ عشق فریاد
کسطرح ہون صاف تجھسی جانی | اک عشق ہزار بدگمانی
سایہ بہی نہین پسند مجھکو | کیونکر کرون دلمین بند تجھکو
آئینی کو توڑ ڈالون فی الفور | وہ شکلِ رقیب ہی کرو غور

مستی کو نہ لگنی دو نمین لب سی
کیونکر نہ لڑے نمین بی ادب سی

لاکھی پہ تری ہزار خون ہون
پاپوش سی غیرونکو جنون ہون

سُرمہ نظر آئی گر کسیکو
دون سخت سزا مین اپنی جیکو

گر دستِ حنائی دیکھی ایجان
وہ اپنی صفا ئے دیکھی ایجان

چھلونسی تری جو دل لگائی
وہ داغِ فراق تنپہ کہائی

برگشتہ جو قولِ پاک سی ہو
تو اوسکو تپاک خاک سی ہو

چھُٹ میری جو جسم تیرا دیکھی
مُردہ وہ جہا نمین اپنا دیکھی

جو بوسۂ لب سی پائی لذت
چھُٹ میری چھُٹی وہ تا قیامت

جو غمزۂ خوش سی ہو شکر خوار
چھُٹ میری خدا ہو اوس ستمگر

جو قندِ دہن پہ مونہہ لگائی
چھُٹ میری ہمیشہ مونہکی کہائی

جو گردن خوش مین باہن ڈالی
چھُٹ میری اوسی خد انکالی

جو غبغب خوشہ بوسہ زن ہو — چھٹ میری وہ قیدیِ محن ہو

جو ہاتھہ مین تیری ہاتھہ ڈالی — چھٹ میری اوسی قضا وبالی

جو مرد تری چمن کو دیکھے — چھٹ میری وہین کفن کو دیکھے

جو مونہہ مین تری زبان لیوی — چھٹ میری تو اوسکی جان لیوی

جو مائل بوسہ ذقن ہو — چھٹ میری وہ کشتہ محن ہو

جو قید ہو سیمن ہو گرفتار — جائی وہ کنار گور غمخوار

بس بس دہن غزل سرائی — اچھی نہین اتنی خود نمائی

معشوقونکا ہی مزاج نازک — کلسی بہی سواہی آج نازک

شاید نہ بُرا وہ مان جائین — کچھہ طعن نہ اسمین جان جائین

تو لینی کی دینی اور پڑ جائین — نقشی یہہ بنی ہوئی بگڑ جائین

اب ختم دعا پہ کر یہہ نامہ — عریان نہ بن پہن لی جامہ

یارب پئی حضرتِ علیؑ اور — بہر حسنینؑ متقے اور
از بہرِ چھپاردہ ائمہ[۱۴] — ہو نیک یہہ نامہ کا تتمہ
جبتک ہی بہار باغِ دنیا — جبتک کہ ملی سراغِ دنیا
جبتک رہی سبز باغِ عالم — جبتک ہین سیاہ زاغِ عالم
ملکہ رہی میری شاد و خرّم — جز آلِ عباؑ نہو کوئی غم

این خنگ زمانہ زیر ران باد
خوشنام ہمیشہ در جہان باد

رقعہ متضمن چٹھی نواب بزم آرا بیگم صاحبہ از جانب نواب محلصا صاحبہ بصویر

پہلی تو ہی حمد کبریا کی — من بعد ہی نعت مصطفیؐ کی
پہر منقبتِ علیؑ عالی — مشہور رہی مہ سی تابا ہی
کہتی ہی یہہ ملکۂ معظّم — اونسی جو ہین صاحبانِ اکرم

سُنلین مری عرض جُملہ احباب — دل سینی مین ہی خوشی سی بیتاب
کیا دن مجھی حق نی ہی دکھایا — مینی گُل بامُراد پایا
پیدا جو ہوئین ہین بزم آرا — دل عیش کا کرتا ہی اشارا
دو سو جو ہزار پر بڑہی سن — اسّی جو زیادہ پھر ہوئی سن
اس سنہ مین جو ہی ربیع ثانی — دیتا ہی پتی خوشی نشانی
اس ماہ مین شاہ کی کرسمی — کہتی ہی شبِ طرب یہہ ہمسی
سامانِ خوشی کرو مہیّا — ہر جا ہو سرور و عیش برپا
شہزادہ کی آئینگی چہٹی سہے — بادامی مین ہوگی دل لگی ہی
تاریخ دہم یہہ لطف ہوگا — ناچینگی چمن مین سرو ہر جا
پریان رُخِ خوش پہ ہلکی غازہ — ناچینگی چمن مین ناچ تازہ
دامانِ صبا بہار پر ہی — شوخی سرِ شاخسار پر ہی

پھولونسی بہرا ہی دامنِ باغ
گلشن کی ہوا سی لال ہین زاغ

نوشاہ بنا ہی یاسمن زار
گلچین کی گلی مین ہین پڑی ہار

اِستادہ ہی بھر رقص شمشاد
قُمری کا ترانہ جانِ صیاد

سرسبز ہین برگہائی نسرین
ہر پھول ہی رشکِ ماہ و پروین

بلبُل کی زبانپہ داستان ہی
ہر برگِ لطیف قصہ خوان ہی

ہر طائرِ روح شادمان ہی
ہر مُرغِ بہار قصہ خوان ہی

نکہت سی نسیم ہنس رہی ہی
بلبُل تہ دام پھنس رہی ہی

آفاق مین غُلغلہ ہی برپا
تُو نخلِ امید بار لایا

خم ہی سرِ شاخ جشن پیوند
پیدا جو ہوئی ہی شہ کی دلبند

لبہائی کرم درون نی کھولی
اندھون نی ہی لعلِ لب ٹٹولی

صیادِ چمن نی دام پھینکا
گلچین نی کمیتِ نام پھینکا

مطرب نی رباب کو سنبھالا — تار رگِ جانِ غم نکالا

قمری نی جڑاؤ طوق ڈالا — شمشاد نی قد کو دیکھا بھالا

صحن چمن بھار آرا — ہر پھولسی کرتا ہے مدارا

انگور کی تاک پر ہے جوبن — ہی موئی میانِ صحن گلشن

پیونسی ہری ہین نخل با آب — لعلونسی بہری ہوئی ہین تا لاب

تسبیح کرم گلونکی لب پر — گلدشتونکی بو ہی عطر خوشتر

ہی وقت سعید و روز بہتر — آئین مری دوست سب مری گہر

تاری مجھی ملکی سب دکھائین — گہر مین مری شاہ آپ آئین

خدمت مین ہون سبکی دست بستہ — مین دیکھہ رہی ہون بسکار ستہ

گلزارِ طرب مدام خندان
بہائی خوشی دوام خندان

رقعۂ روزہ کشائی نواب سیر آرا بیگم صاحبہ از جانب برادر خود آصف الدولہ

پس از حمد و نعتِ رسولِ الٰہی
لکھون منقبت اور تعریفِ شاہی

بفضل خداوندِ صوم و عبادت
ہوئی مجھپہ اللہ کی اب عنایت

نوان سال اللہ نی ہی دکھایا
مجھی امرِ واجب کا ہی ہیان آیا

مری باپ مان نی یہہ فرمایا مجھکو
کہ رکھہ اب تو روزہ جو اللہ خوش ہو

یہہ ہین سن اونا سی جو اب بارہ سو
مہینا مبارک ہی اور روز خوشتر

جو ہو بست ہشتم مرا صوم ہوگا
رکھونگی مین اوس روز یہہ پہلا روزا

بزرگون نسی امید رکھتی ہون انی
کہ سلطانخانہ مین آئین وہ جلدی

مجھی روزہ کھلوائین ممنون کرین سب
مری آبرو آکی افزون کرین سب

کرون دست بستہ بہونکی مین خدمت
ہر اک کو بدل مین دکھاون اطاعت

مری قبلہ و کعبہ تشریف لائین
مری بہائی آپ آج شادی مین آئین

در خرّمی ہو کشادہ دلونپر
جہانمین سلامت مری باپ اختر

رقعہ متضمن جھپٹی مملکت آرا نواب خدیجہ بانو بیگم صاحبہ

بعد حمد کبریا و نعت شاہ انبیا
منقبت ہی حیدر صفدر کی جو ہی پیشوا

منقبت کی بعد ہی یہہ عرض ہے احباب سے
ہی مہیا بزم شادی کی جہاں آب و تاب سے

مملکت آرا خدیجہ بانو بیگم صاحبا
ہو چکین پیدا خوشی عالم مین ہی ہر سو سوا

بلبلون نی باغ مین گلگون کیا رخسار کو
عشق پیچہ نی لپیٹا سرسی گل کی یار کو

جشن جمشیدی عیان ہی چار سو گلزار مین
گوہر یکدانہ در آئین ہین گوش خار مین

ہر طرف ہی نغمہ پیرا بربط و چنگ و رباب
چشمۂ حیوان بنا ہی آب نہر ماہتاب

ہر روش ہین جھومتی گلزار مین سرو و شجر
شاخ نخل سرو تر ہی نازنینونکی کمر

ہر طرف چہلین عیان ہین شادیونکی دمبدم
دشمن دولت جو ہی وہ دلمین خود مغموم ہے

ایسی وقت پر طربمین ہی چھٹی شہزادیکی — ہی تولد کی نمایان دلمین ہراک کی خوشی

گر شریک بزم عشرت ہو جی آئی مراد — لطف جشن قیصری انشاالله آئیگا یاد

جانعالم آپ بہی تشریف لائین بزم مین — ہی یہی امید میری دلکو آئین بزم مین

حقتعالی سبکی دل کی حسرتین پوری کری

غنچہ امید تاج خرمی سر پر دہری

رقعہ متضمن چھٹی میرزا محمد بابر بہادر از جانب نواب اکلیل محل صاحبہ

بعد حمد اور پس از نعت رسول مقبول — صفت حیدر کرار ہی ایمان کا پہول

عرض اکلیل محل کرتی ہی احباب سے یون — گوش مطلب کو ہی سبحتی در خوش آب سے یون

جوش پر فصل بہار ی ہی عجب جوبن ہی — باغبانونکا ز رگل سی بہرا دامن ہی

عندلیب چمن حسن حسینان ہی بہار — سرو گلزار ہین اوتاد قنات رخ یار

قصر زنگار فلک آئینہ مہ سی ہی صاف — نجم سیار کو ہی گنبد محفل کا طواف

قمریان باغِ جہانمین ہین فرشتہ پرواز — گوشِ ناہیدمین طبلی کی ہی پہنچی آواز

اطلسِ چرخ پہ رقّاصہ ہی ہر وقت پری — شاہِ مہتاب نمایان ہی فلک پر باجیش

اون کو اکبگا ہی تیار رہوا بندہن آ — چشمِ افلاک تماشائی ہی خوبیلِ ونہا

سبب و باعثِ افراطِ خوشی کیا ہی دلا — دوستونکو بہی فرحِ اقصہ پرعیش سنا

قرۃ العینِ شہِ ہند محمد بابر — صدفِ عصمت و عفت کا یہہ پاکیزہ دُر

ہوا پیدا یہہ خوشی اوسکی تولد کی ہی — تہنیت پیکِ صبا نی بہی گلونکو دی ہی

باغبان نی شجرِ حسنِ حسینان سینچا — کہل گیا فرطِ تعیش سی چمنمین بیلا

جامۂ سرخ پہن لالۂ گلزار جہکا — گلِ چنپا ہی کہین طرّۂ دستار ہوا

اب یہہ ہی عرض سب احبابسی باعیش و خوشی — ہی چٹی پور خوش اقبال کی تیار ہوی

ہی یہہ اونیسوین تاریخ جو شعبانکی نمود — بارہ سو پر جو اونہتر ہین ہیہ سن ہین مسعود
۱۹ ۶۹ ۱۲

ہی شبِ جمعہ کو کی مینی بنای محفل — بزمِ خوشوقتمین احباب ہی ہوین داخل

تا بہم لطف طرب خیز مہیا ہوئی
نغمہ و رقص کا ہر گوشہ مین چرچا ہوئی

تا ری دکھلائین مجھی آنکی ارباب طرب
مجھپہ احسان کرین سب مری احباب طرب

عمر بھر سبکی مین ممنون مروت ہونگی
عمر بھر سبکی مین پابند محبت ہونگی

جانعالم سی بہی یہہ عرض ہی آئین جلدی
اپنی فرزند کو گودی مین کہلائین جلدی

بزم احباب جہان خرم و شاداں بادا
اختر بخت شہ ہند درخشاں بادا

رقعہ متضمن چٹہی میرزا محمد جوگی بہادر از جانب پناہ عالم نواب جہان پناہ مخلصا حبہ

حمد اللہ کی بعد اور پس نعت رسول
منقبت حیدر صفدر کا ہی دلکو قبول

شیر یزدان شہ مردان گل باغ ایمان
زوج زہرا رخ دین شہر رضا کا سلطان

مخزن حلم و کرم مجمع اخلاق و حیا
بانی دین نبی باعث انداز وفا

خویشِ احمدؐ سرِ معراجِ پیمبرؐ گلِ دین
بلبلِ باغِ ہُدا مالکِ ہر تاج و نگین

بعدِ تعریفِ علیؑ عرض ہی احبابسی یون
ساغرِ حسن بہرا ہی مئی خوشابسی یون

یہہ مہینہ جو رجب کا ہی طرب آور ہی
بارہ سو پر جو اوناسی ہوئی سن خوشتر ہی

پُورِ خوشبخت خوش اقبال محمدؐ جو گی
اِنکی اظہار ہوین تاریخ چھٹی ہی ہو گی

طولِ عمر انکو عنایت کری اللہ کریم
فیضِ سُلطانِ جہانسی یہہ ہو الطافِ عمیم

عرض کرتی ہی یہہ ہراک سی پناہِ عالم
بزمِ شادی مین جو آجائینگی شاہِ عالم

تاری احباب مجھی ملکی دکھائین اوسدن
ولکو ممنون کرین سبکی سب آئین اوسدن

بار آور کیا اللہ نی یہہ نخلِ مراد
بلبلین باغ و گلستانمین ہین ہر شاخہ شاد

تہنیت منزلِ سُلطانیمین ہر اکجا ہو گی
محفلِ عیش و طرب خوب مُہیّا ہو گی

ہی یہہ امید کہ کرنا نہ مرا ردِ سوال
ہونگی مشکور زمانیمین سبہونکی مین بحال

عرض ہی شاہِ جہانسی بہی لائین شرف
تہنیت منزلِ عالیمین ہوا جلاسِ شرف

جملہ احباب کو اللہ یہہ دن دکھلائی | شجرِ آرزو ہر ایک کا میوہ لائی

تہنیت نامہ یہہ مضمونِ خوشی ہی تمام
والسلام اختر تابانِ فلک والاکرام

رقعہ متضمن شادی مکتب قراعلی میرزا خوشبخت بہادر از جانب نواب اختر مخلصا

ہی الف نامِ خدا اور محمدؐ مین عیان | بو تراب اب جو کہون با عرب ہو شایان

تا فوقانیسی تلوار بنی میرا قلم | اور ہو ثا مثلث سی ثنائی اکرم

جیم سی جامِ مئی عشرت و آرام ملی | حا حطی سی حنا بندی کا پیغام ملی

خای با نقطہ سی خرّم ہی ال برگِ درخت | یہ تہین گی شادی مکتب مین جو مرزا خوشبخت

دال سی دال یہہ ہی دامِ دلِ ہر ہی وہ | ذال سی ذائقہ کام و دہانکا ہی شور

رای بی نقطہ سی رای دلِ عالم ہی ہم | رای با نقطہ زیادہ کری الطاف و کرم

مہملہ سین سی سانسو نمین سما یا ہی سہاگ
سین بانقطہ سی شیرین ہوئی شہنائی بہاگ

صاد سی صولت صیحکم جو صادر ہوگی
ضاد سی ضابطۂ عیش کی ہوئیگی خوشی

طار بی نقطہ سی طالب ہو اطاہر ایدل
ظار بانقطہ سی ہی ظلِ ہما ہی شامل

عین سی عین عنایت کی عبارت ہے عیان
غین سی غاشیہ بردار ہوئی غول جہان

فا سی فی الفور یہہ ہی فایدہ فایز ہی فیض
قاف سی قاف بنا مائدہ فایز ہی فیض

کاف سی کام دہان کرم و کلک ہی کان
لام سی لامعہ لمس لب لاف ہی جان

میم سی مہر و محبت مئی محبوبین ہی
نون سی نام کی نیکی صفتِ خوبین ہی

واو وارفتہ ہی وہ خود مئی عشرتسی مدام
ہار ہو زسی ہو اہوش ہوا بہر جام

یا سی یون یا دہی یا رب یہہ خوشی عالم ہی
راتدن عیش و طرب لطف کا پیغام ہی

عرض کرتی ہی یہہ اختر محل اک عالم سی
چھٹی تاریخ ملی آنکی ہر اک ہمسی

یہہ جمادی جو ہی آخر مہ باعیش و طرب
بارہ سو اسی ہین ہی سن مہ تعلیم و ادب

نور چشم و جگر حضرت اختر کوین — دونگی مکتب مین بیٹھے اوس مہ منور کوین

آسمانیمین ہی تقریب خوشی جد سی سوا — ناچ اور راگ کا ہر سمت بپا ہی چرچا

روز معہود کو تشریف جو سب لائینگی — مجھپہ احسان مری دوست یہہ فرمائینگی

سبکی خاطر مین ذرا بہی نکرونگی مین قصور — لطف و احسان و مروت سی نہین مجھکو دور

جانعالم کو یہہ پیغام ہی صاحب آنا — صاحب عالم و فرزند کو تم پڑہوانا

عیش و عشرت پئی یاران جہان تا دمدام
یا الٰہی بحق چاردہ معصوم کرام

رقعہ متضمن چٹھی نزاکت آرا بیگم صاحبہ
از جانب نواب سرفراز محل صاحبہ

حمد محمود و نعت احمد لکھہ — منقبت ای قلم تو بیحد لکھہ

شیر یزدان علی شہ کونین — مرد میدان جیش بدر و حنین

سرورِ دین وصیِ شاہِ انام — رہبرِ کامل اور سبکی امام

بعدِ تعریفِ صفدر و غازی — مین حکایت سناؤن اک تازی

عرض کرتی ہی سرفرازِ محل — سُنین سب دوستانِ نیکعمل

کہ مجھی حق نی آبرو دی ہی — مثلِ گُل باغِ دل مین بُو دی ہی

چمن مُدّعا ہوا سرسبز — طوطیِ عیش کی ہوئی پرسبز

زور پر ہی بہارِ نخلِ چمن — عندلیبو نپہ ہی عجب جوبن

کارِ مشّاطہ کر رہی ہی صبا — گل و غنچہ ہوئی ہین تنگ قبا

شکلِ طاؤس باغ بُوٹی ہین — ثمرِ حُسن و عشق ٹُوٹے ہین

مست ہین میکشانِ جامِ بہار — گلِ نرگس کو بہی ہوا ہی خمار

شامِ بیہوش ہی گلِ سُوسن — صبحِ مینوش ہے چمن کا چمن

باغبانسی ہوا ہی فعلِ شنیع — مست ہین دربانِ قصرِ رفیع

طالبِ زر ہی قاضیِ گلزار
مُہرِ محضر ہی ایک ایک انار

شاہدِ باغ ہے ترانۂ عشق
آگ چُکا ہی زمین سی دانۂ عشق

باغبان مست ہین چمن بیہوش
فوجِ گل ہوشیار دوش بدوش

شکلِ منقل ہی لالۂ روشن
عطردان بُو سی ہی ہر ایک چمن

بہینی بہینی ہوا ہی چار طرف
باغبان نغمہ زن ہزار طرف

مستِ صہبائے عشق بُلبل ہی
ساغرِ گُل مین شورِ قُلقُل ہی

وجہِ عشرت سناؤن مین سنکو
اِنکا باعث بتاؤن مین سنکو

بارہ سو پر جو سن ہین اب اَسّی
ماہِ عیدِ شجاع بھر خوشی

بست و ہفتم کی رات کو احباب
میری گھر پر کرم کرین ہیہ شتاب

بست و ہشتم کو آئین سب ملکر
ہوئین پر تو فگن شہِ اختر

کہ چھٹی ہی نزاکت آرا کی
شادی ہی میری ماہ پارا کی

طولِ عمر اسکو دی خدائی کریم | چڑھی پروان ہی بفضلِ عمیم
جمع ہونگی جو میری ہمراہی | پاؤنگی مین جہانکی شاہی
سبکی خدمت کرونگی آنکھونسی | جام اُلفت بھرونگی آنکھونسی
نامور ہونگی مین زمانیمین | آؤنگی مین ہی سبکی خانیمین
شاہ اختر ذرا ادھر دیکھو | اجی میری بھی کوئی بات سنو
سنو سلطانِ عالم ای جانی | ای مری جانِ عالم ای جانی
ای شہِ ہند ای ابوالمنصور | ناصر الدین شک و غیرتِ حور
ای مرے جان ای سکندر جاہ | کجکلہ غنچہ تاج شاہنشاہ
ای مری بادشاہ عادل یار | ای مری تاجدار تاج گذار
میری قیصر زمان پری صورت | شہِ دارا حشم خجستہ صفت
شہِ واجد علی سلیمان فر | غازیِ دین ہو حضرتِ اختر

میری خورشید حشمت ای خاقان — ابن سلطان ہو ابن سلطان جان
ابن خاقان ہو ابن خاقان ہو — ابن قاآن ہو ابن قاآن ہو
خلد اللہ ملکہ ابداً — زید اللہ ملکہ ابداً
ای قرا یوسفی بداغی ہو — اوسپہ ولبند شاہ غازی ہو
تم ہو فرزند حیدر کرار — تم نبی فاطمہ ہو عرش وقار
کہہ نہین سکتی ای گل خوبی — ختم ہی تیرہ طرز محبوبی
میری گہر آوفرازی ہو — ہم تہین وکہین سحر سازی ہو
شاہزادہ ہی منتظر ہر آن — گو دمین لو اسی تم ای سلطان
تاری دکہلاو آنکر مجکو — لو اب آنا ذرا جواب تو دو
ہی جو مشہور یہہ اسد منزل — جائی شیران حضرت خوشدل
سب اسی کوٹہی مین نزول کرین — لطف ہائی ولی حصول کرین

بہرِ احبابِ عیش بادا مدام
یا الٰہی بحقِ آلِ کرام

رقعہ متضمن مجلسِ جناب سید الشہدا علیہ السلام
از جانب نوّاب تصویر مخلصا حبہ

لکھون شوقِ عزائی ابنِ حیدر — قلم نجائی میرا چوبِ نشتر
سیاہی کی سیہ کپڑی ہو ن ظاہر — المسی تختہ کاغذ ہو ماہر
یہہ وہ غم ہی کہ ہی پیرِ فلک خم — زمین پر روی جن و انس ہر دم
یہہ وہ غم ہی کہ آدمؑ کو ہوا ہی — یہی غم شیثؑ نی دلمین سہا ہی
خلیل اللہ تہی اس غم سی باہم — ذبیح اللہ ماتم مین تہی ہر دم
یہی غم ہی کمالِ گریۂ نوحؑ — یہی غم ہی مآلِ گریۂ نوحؑ
رہا یعقوبؑ کو یہہ غم ہمیشہ — ہوا ایوبؑ کو یہہ غم ہمیشہ

کیا یوسفؑ نی اس غمسی پرہیز — رہی دریا مین یونس اشکِ غم ریز

فلک پر حضرتِ عیسیٰ ہین غمگین — ہوئی موسیٰ کو اس غم سی تسکین

سُلیمانؑ و سکندر باہمہ جاہ — غمِ شبّیر سی تہی نعرہ زن آہ

سُلیمانؑ جب گئی دشتِ بلا مین — نہ چلنی کی رہی طاقت ہوا مین

اگر ی تختِ روانسی جب سُلیمانؑ — زمینِ نینوا پر پہنچی گریان

لگی چُوٹ اسقدر صدمہ اوٹہایا — بدنسی اپنی جاری خون پایا

بہرا دل رو دی غم سی سُلیمانؑ — ہوا سی یون ہوا ارشادِ سُلطانؑ

مجھی صدمہ دیا کیون اس زمین پر — اوٹہا لیچل یہانسی اب کہین پر

ہوا تہرائی اور یہہ عرض کی آہ — نہین طاقت اوٹہاؤن تیکو ای شاہ

نسیم و صرصر و بادِ صبا کی — نہین ہے یہہ مجال اے شاہِ عالی

کہ اس دشتِ ستم سی تیکو لیجای — مگر جبتک نہ ربّ الریح فرمای

سُلیمانکو ہوا غم اور تازہ — بنائی خاکِ دشتِ پاک غازہ

جبین اپنی دھری خاکِ الم پر — لگی یہہ التجا کرنی کہ داور

قصور اس بندۂ خاطی کا کیا ہی — عتابِ ربِّ عزت کیون ہوا ہی

سُلیمانی نہ باقی ہی نہ اب زور — اوٹھا سکتا نہین مین دانۂ مور

مجھی تو بخش ای ربِّ زمانہ — دکھا پھر مجھکو وہ ہی کارخانہ

وہین آوازِ غیب اک اونکو آئی — ہمین یہہ طرز تو بہ کچھہ نہ بہائی

وساطت پنجتنؑ کی اب اگر ہو — تو میری عرش اعلیٰ تک خبر ہو

دیا جب واسطہ پانچون تنون کا — لگا بادِ صبا کا اونکو جھونکا

ہوا ارشادِ ربّ سُن ای سُلیمان — یہی ہی جائی ذبحِ شاہِ شاہان

ہوا اسجا لہو تیرا ابھی شامل — شہید و نمین ہوا بی شُبہہ داخل

بہت گریان ہوئی سُنکر سُلیمان — ہوا بادِ صبا کو حکمِ سُلطان

بس اب یہیں مجھی دشتِ جفا سی — پٹا دل قصۂ آلِ عبا سی

روانہ ہوگئی باجاہ و حشمت — عطا کی پھر خدا نی وہ ہی ثروت

چراتی تھی بزین اکروز موسیٰ — وہ پیاسی تھین کہ تا کا سمتِ دریا

نبیِّ حق نی چاہا ہون یہہ سیراب — غنایم نی پیا ہرگز نہ وہ آب

سبھون نی بلکہ اپنا سر اوٹھایا — اشارہ جانبِ افلاک پایا

نہ سمجھی موسیِ عمران جو یہہ حال — خدا سی عرض کی رتِّ مہ و سال

نہین پی تین جو پانی بی زبانین — تعب مین ہین پڑی ان سبکی جانین

یہہ کیا ہی رمز ای ربِّ دو عالم — ہوا ارشاد حق ای مہرِ اکرم

انہین سی پونچہہ وجہِ خستہ حالی — رہیگا پیاسیا یہان اک شاہِ عالی

سُنا نامِ مبارک روئی موسیٰ — کہا اللہ سی ای ربِّ اعلیٰ

محمدؐ کا نواسہ جانِ حیدر — نہ پانی پائیگا اس سرزمین پر

فرات اس نہر کا ہی نام بدرنگ
یہین پر ہو گی آلِ مصطفےٰ تنگ

بجا ہی پہر یہین پانی یہہ کیونکر
چلی جب گردنِ تشنہ پہ خنجر

یہہ وہ غم ہی کہ عزرائیل کو ہی
یہہ وہ غم ہی کہ میکائیل کو ہی

اسی غم مین ہین جبریلِ مقرب
اسی غم مین رہی ہین خاصۂ رب

لک و بست و چہار الف ہین نبی جو
وہ ہر شب صبح کر دیتی تہی رو رو

نحیفہ کو بہی ہی ارمان دل سی
یہی رکہتی ہون مین ایمان دل سی

بروزِ بست و پنجم ماہ ذالحج
سنِ مشہورِ مردم ماہِ ذالحج

اوناسی ہین جو بارہ سو پہ مشہور
کرونگی مجلسِ غم اسمین معمور

اُمیدِ دوستی سب سی یہی ہی
مرا دل ملتجی سب سی یہی ہی

جو ہی بادامی کوٹہے مرجِ غم
وہان ہی بزمِ رنجِ شاہِ عالم

مجہی محروم رکہین اب نہ احباب
لٹائین آکی دُرِ اشکِ نایاب

وہ بیٹھین بزمِ ماتم مین ہر کجا | رہی تصویر بیگم دست بستہ

ہر اک دل کو غمِ آلِ عبا ہو
بپا بزمِ ذبیحِ نینوا ہو

رقعہ متضمن چھٹی منزلت آرا بیگم صاحبہ از جانب نواب محبوبہ محل صاحبہ

پس از حمدِ خدائی پاک و دانا | قلم نعتِ محمدؐ کر تو انشا
تو پہر لکھہ منقبت شیرِ خدا کی | ولیِ حق وصیِ مصطفےؐ کی
رقم کر منقبت کی بعد اسکی کلک | جواہر کی جو ہوئی خوش گہر سلک
عجب رنگِ چمن ہی سبز و شاداب | بہری ہین جا بجا تہالی ہین پر آب
بنفشہ مو ہی سنبل لالہ گلنار | چمن ہی مایۂ ثروت سی زردار
سمنبر لوٹتی ہین حسنِ لالا | تو گوشِ گل مین ہی موتے کا بالا

دُلہن کی شکل ہر ڈالی بنی ہی
جو جو ہی ہی وہ ہیر کی کنی ہی

نواڑی اور بیلہ اور سُوسن
دُر آئینہ صدف کی شکل روشن

کہین شبّو ہی دنکو ڈہ ڈہاتی
کہین نرگس ہی ہی آنکہین دکہاتی

کہین سرو چمن ہین دست بستہ
سڑک ہر ایک جنت کا ہی رستہ

اُنّاسی تراشی ہین وہ گلدان
تماشا ہین ہین جنکی حور و غلمان

لبِ نہر چمن ہی کاربار یک
کہ نقّاشیِ مانی کی ہی تشکیک

سزاوارِ پرستان باغِ گُل ہی
لبِ مینوش مین جو ہی کی مُل ہی

کسی سوا رغوان ہی ارغوانی
گل چنپہ کہین ہی زعفرانی

مہینہ بہادونکا اور ساونی خوب
جو طبعِ می پرستانکو ہو مرغوب

گل کیوڑہ کہین بُودی رہا ہی
چمن عطر پرسی کیا بسا ہی

روش پٹری ہی شفّاف اور چہڑ کی
درِ منزل ہر اک جنت کی کہڑکی

کنول جھاڑا و راسباب طرب خیز — گویّی کسبیان قوّال گلریز

کہین ہین ڈوم ڈہاڑی ساز و مرچنگ — کہین سارنگی اور طبلی ہین خوشرنگ

ہر اکسو باغبان دہن گا رہی ہین — چمن دریاسی سب لہرا رہی ہین

سبب کیا اس خوشی کا کر تو اظہار — یہہ سامانِ تعیّش کب ہین بیکار

ہوئی ہین منزلت آراجو پیدا — سبب اس سی خوشی کا ہی ہویدا

خدا دی طولعمر اس سرو قد کو — جگہہ محسود دی دلمین حسد کو

مین مادر اسکی ہون مشہور جانو — مین ہی ہون آقمہ اس خط کی سُن لو

مرا ہی نام محبوبہ محل ہی — یہہ شہزادی نہایت خوش عمل ہی

چھٹی اسکی کرونگی ہی ارادہ — خوشیکا حوصلہ ہی اب زیادہ

مین مہمان تمکو بلواتی ہون آؤ — زچہ بنتی ہو نمین تاری دکہاؤ

مرا نخل تمنّا بار لایا — خدا نی مجھکو ایسا دن دکہایا

مجھی حسرت بہت تہی ایسی دنکی | ملی یون آرزو شاب ومسن کی

ہر اک کو حقتعالی شاد رکہی
مری آغوش کو آباد رکہی

رقعہ متضمن چھٹی بلند جا مرزا محمد عسکری بہادر از جانب نواب عیش مخلص صاحبہ

شکر خدائی ارض و سما پر ضرور ہی | جلوہ اوسیکا اور اوسیکا ظہور ہی

من بعد نعت سید خیر الانام ہی | پہر منقبت کی سمت زبان و کلام ہی

اور بعد منقبت ہی بیان جان بزم عیش | ہوتا ہی اب قلم سی عیان جان بزم عیش

محفل طرب کی اور خوشی صبح و شام لطف | جلسہ خوشی کا دیتا ہی ہر دم پیام لطف

کرتی ہی عرض عیش محل یہہ بصد خوشی | شادی مین آئی کہ نہایت ہی دل لگی

سامان جشن بر شکوہ جشن خسروی | ہر سو سی آرہی ہی صدائی رباب ہی

پیدا ہوئی ہین بطن سی میری بلند جاہ
اللہ طولعمر کری ہو یہہ مہ کلاہ

بست و دوم کو محفلِ عشرت رچاؤنگی
مہمان تم سبہو نکو مین او سدن بلاؤنگی

اوّل جمادی کا ہی مہینہ طرب فزا
سن بارہ سو ہین اسی نہین فرق اک ذرا

سلطانِ عالم آپ بہی تشریف لائیے
مجہکو زچہ بہی ہاتہہ سی اپنی بنائیے

یہہ روز پنجشنبہ مبارک ہی دوستو
آسائش و خوشی کی لئی جلد آئیو

آسائش آکی کوٹہی مین بخشی گا کردگار
مہمانو نیر بہی ہو گی عجب طرحکی بہار

حسن و ضیائی اختر تابان مدام باد
پیغامِ لطف و عیش پئی خاص و عام باد

رقعہ بنام نواب ممتاز بیگم صاحبہ و نواب شوکت بہو سردار بیگم صاحبہ

ماہ وشانِ فلکِ احترام
زہرہ و ناہیدِ سرِ چرخِ کام

مخزنِ اسرارِ وفا مہر کیش | معدنِ انداز و حیا مہر کیش
افسرِ فرقِ شہِ انجم نثار | آبرو رنگِ دُرِ آبدار
کانِ محبت شجرِ باغِ جان | آئینہ وطوطیِ ہندوستان
مطلعِ دیوانِ دلِ شہریار | مقطعِ مجموعۂ شبہائے تار
بیتِ غزل مصرعِ بحرِ سریع | نیک عمل مصرعِ بحرِ سریع
شمعِ شبستانِ رُخِ انجمن | لعل لب و مہر رخ و گُلبدن
ہمدم و رنگین سخن و نازنین | مونس و ہمشیرہ و پہلو نشین
ایفلک عمر پُر از طول باد | دشمن تو خارِ رہِ غول باد
بعد تمنائی ملاقات خوش | آرزوئی وصلِ سُوالاتِ خوش
خامۂ گلریز ہی مطلب نگار | لکھتا ہی احوال دلِ رازدار
پہلی تو سمدھن کو ہمارا سلام | دوسری سردار کو ہی یہہ پیام

خوش ہوئی ہم مثنویان جب ملین | بند جو کلیان تہین دلونکی کھلین
پائین عرضداشتین دوواہ واہ | خوش ہوا دیکھی سی دلِ بادشاہ
آتا ہی ذیحجہ بفضلِ خدا | اسمین مزا پائیگا دیدکا
شادی کی تقریب ہی اس ماہ مین | حوصلہ افزون ہی دلِ شاہ مین
ہوگی قمقدر کی شادی ضرور | ہوئیگا دونا مجھی عیش و سرور
دونونکی ہی دیکھنی کا اشتیاق | چند دنونکی ہی جدائی ہی شاق
دوصد و یک الف لیلہ پی زاورا | بھیجتا ہی دونونکو یہہ خیر خواہ
بھیجی ہین سمدہن کو فقط آٹھہ سو | یاد مین سردار کی ہی دلمین ضو
روشنئ دلسی بہم کر کی لو | بھیجا ہی سردار کو ہی چار سو
جلد خدارا انکہین پہنچائی | آئی ای مہر و وفا آئی
تاکہ ہی اس باغ جہانمین بہار | تاکہ ہی پُر داغ دلِ لالہ زار

گوشِ گلستانمین ہین پہولونکی دُر
حلق مین بُلبُل کی نمایان ہین سُر

سرو کی استادگی ہی جبتلک
شیشہ و ساغر مین ہی مئی جبتلک

قُمریان ہین طوق و فنگن در گلو
باغمین جو ہی کی مہکتی ہی بُو

سرو ہین جبتک روشین باغکی
رنگتین اَنسو ہین رُخِ داغ کی

طوطی و آئینہ غزال و چمن
جو بنو پیرانکی ہی جبتک پہین

اصل مین ہی فرع شجر مین ثمر
پتّو نمین گل صحنِ چمن سبز و تر

حُسنِ حسینان کا ہی جبتک بناؤ
شمسِ فلک کا ہی جہانمین دہاؤ

شام و سحر ظلمت و نور و شفق
عیش و خوشی شادی و رنج و قلق

سمد ہنونکی عمرین ہون وہ چند اور
روز براتونکی نمایان ہون طور

اختر خوش نامہ ہوا اختتام
پہنچی وفادارونکو تیرا سلام

رقعہ اسمی نواب شباب مجلصاحبہ

آج مینی یہہ سُنا مجھکو بُلاتی ہو تم
نہین معلوم کہ کیون عشق جتاتی ہو تم

مین وہی ہون کہ مری بات نسی نفرت ہی تمہین
صاف ظاہر ہی اَجی جھوٹی محبت ہی تمہین

ورنہ فرمائش خلوت کو نہ یون ٹالتین تم
اپنی عاشق کی محبت کو نہ یون ٹالتین تم

کیا کہین جیسی ہی شرمندگی ایسی ہمکو
سر بہر الرزہ چڑہا یہو لگی سب غمکو

آنکھین اب چار نہین ہوتین تری سر کی قسم
تیری دانتونکی دہن کی تری گہر بہر کی قسم

نظم در ادای شکر ملاقات سکرتر صاحب بہادر

شرف گہر کو ہوا اختر کی دلکو اب یقین آیا
ستارہ نیک تہا اِسکا جو تُجھسا مہ جبین آیا

ادبسی تو گویان سپاہ نجم و کوکب ہی
پئی احوال پرسی آسمان بہر زمین آیا

بہت آئی گئی انصاف والی لاکن ای منصف
کوئی عادل زمان حال مین تُجھسا نہین آیا

کم و بیش اسمین اب ممکن نہین وہ حکم عالی ہی — ہمین فرق نہین خوف کرا ما کا تبین آیا

اثر گفتار مین وقت سخن ہی پہول جھڑتی ہین — ہنسا وہ مثل لالہ جو کوئی اندوہگین آیا

ہوا پہیچی ہی اسکی قدم چلنی مین آگی تہی — ہوا شبدیز باد خوش جو تو بالای زین آیا

کلاہ فخر تا چرخ چہارم کیون نہ اب پہنچی — رخ گاڑیسی مجکو یاد لطف شہ نشین آیا

بس اب بہاگین گی جور و ظلم و جبر و قہر و رنج و غم — الا ایدل کہ عادل منصفی سی خوب تر آیا

عدالت اسکو کہتی ہین وہ ہین پاتی سزا اوسی — دُرشت افعال کو جسدم خیال ناز نین آیا

وہین وہ شحنۂ عدل و سیاستمین ہوا قیدی — کوئی دشمن و غارد وستی مین جب کمین آیا

ہوا ہندوستان روشن جو مہر رخ ترا چمکا — شرف پایا مکان و شہر فی نور مکین آیا

مری اخلاصمندی خانۂ دلمین مؤثر تہی — سکر تر مہر اعظم مخلص طاعت گزین آیا

ازلسی آجتک دنیا مین ایسا منصف و عادل — نہین آیا نہین آیا نہین آیا نہین آیا

زمین پر مستغیث و داد خواہ غم ہین آجسی — مسیحا چرخ چارم پر ہین خوش حامی دین آیا

ادب وان قاعدہ دانجمن دان سب جہانگیری
پڑی ہی ہوم اہلِ علم و دانشمین ہین آیا

ہر اک نقشِ قدم کو دیوِ ہندستان کرین سجدہ
پرستانمین پہر پریونکی زبان وہی حسین آیا

عجب انداز سی حسنِ ممالک کو بڑہایا ہی
قباحِ ہندمین عنقا صفت ہین قبح بین آیا

ڈری مظلوم سی ظالم زمین چرخِ چہارم ہی
سکندر ہندمین یا عیسیِ دوں نشین آیا

شہنشاہونکو جو لازم ہی شاہونسی وہ سبمین ہی
الا دل جندار روشن کن شمع نگین آیا

عطارِ ملک و مال و نقدِ دولت روزجاری ہی
تمنا سی یا دو پایا جو حسرت قرین آیا

سروشِ غیب نی مجہکو صدا دی دہونی خاتن
بس ای شاہِ اودہ خوش ہو کہ رازونکا امین آیا

نظم در ادای شکر ملاقات وزیر الممالک نواب گورنر جنرل بہادر

والیِ مملکت کی زیارت ہوئی نصیب
اب مجہکو ملک و مال و ریاست ہوئی نصیب

حالاتِ نیک و بد کی نمایش ہوئی ہی خوب
اعمی کو آج چشمِ عدالت ہوئی نصیب

تاجِ سرِ خدیو جہان جلوہ گیر ہی — بالِ ہُما سی مجھکو شرافت ہوئی نصیب
قصدِ ثنائی پاک کیا اوسنی دلمین جب — سحبانکی بہی زبانکو فصاحت ہوئی نصیب
اک مشتِ استخوان پہ کرم ہی جو سربسر — سمجھا ہمائی حرص سعادت ہوئی نصیب
یون فخرِ اتحاد ہی مُخلص کو بلکہ صاف — زاہد کو مین کعبہ عبادت ہوئی نصیب
بارہ[١٢] برس گذر کی پھری گاہ کی ہی دن — تیرہ[١٣] برسکی بعد ضیافت ہوئی نصیب
عصیان جو کچھہ ہوئی تہی وہ سب محو ہو گئی — ہی ہر گناہ عفو شفاعت ہوئی نصیب
جب سلسلہ مین مدح کا لایا کلام مین — میری زبانمین مجھکو بلاغت ہوئی نصیب
اس عہد مین شریر ہی نایاب ظلم دور — البتہ اک صنم کو شرارت ہوئی نصیب
گردنکو جسنی خم کیا پہنچا وہ چرخ تک — سرکش ہوا تو اوسکو قباحت ہوئی نصیب
ہم پلہ اب نہ جم ہی نہ کسری نہ سیم و زر — جو دلمین چاہتا تہا وہ دولت ہوئی نصیب
یہہ تازگی نہین سرِ شاخِ گلاب مین — تمسی گلونکو عین صباحت ہوئی نصیب

یہہ رشک ہی کہ ساتہہ رہا آپتک وہ کیون
سائیکو میری مجہسی رقابت ہوئی نصیب

صبح و مسا و شام و سحر آرزو یہہ تہی
برسونکی بعد چشم عنایت ہوئی نصیب

ذکرِ رخِ ملیح سی لذّت قلم کو ہی
لفظِ ملیح کو ہی ملاحت ہوئی نصیب

سب آرزوئین شاہِ اودہ کی برآئینگی
مشکور بال بال ہی دعوت ہوئی نصیب

دفتر دوم در مخمس و رباعیات و سلاہا و نوحہ ہا

مخمس مصرع غزل نواب صدر محلصا جبہ

سمندر کے ہوئی ہین لہرا دائین ناصر دینگی
ہوئین زلفونکی حقین زہرا دائین ناصر دینگی

نبی ہین دشتِ دلمین شہرا دائین ناصر دینگی
عروسِ نازکی ہین مہرا دائین ناصر دینگی

جوانیمین تو ہونگی قہرا دائین ناصر دینگی

بدی چشم بصیرتسی دکہائین ناصر دینگی
ظہور ناتوانی ہی جفائین ناصر دینگی

ہزارون سال تک ہون رو بلائین ناصرِ دینگی
ضعیفی مین ہین مستحکم بنائین ناصرِ دینگی

جوانیمین تو ہونگی قہر ادائین ناصرِ دینگی

نمایش بیٹہنی سی اوسکی ہوگی خانہ زینون کی
جگہہ ہر گز نہین اس قصر دلمین برخش و کین کی

قواعد ٹہیک ہین حاجت نہین کچہہ حکم و آئین کی
ضعیفی مین یہی رنگت رخ کی ہی آئینہ چین کی

جوانیمین تو ہونگی قہر ادائین ناصرِ دینگی

جدہر نکلی او دہر ضرب تعشق عاشقونکو دی
بضاعت جنس مہر و یانکی جو کچہہ تہی وہ اونسی لی

کلیجی ہل گئی تہا نا ہراک نی غمسی اپنا جی
کوئی غش نہو گیا سر دی کہین پانی کہین گرمی

جوانیمین تو ہونگی قہر ادائین ناصرِ دینگی

بہارِ باغِ صد آرا بجا تہی بجا تہی
کلام ایسا درست و صاف موزون ہوا تہی

جو مصرع مطلعِ اوّل غزل کا تہا لکہا تہی
بس آخر مصرعِ خامس سی یکجا مضمون کہلا تہی

جوانیمین تو ہونگی قہر ادائین ناصرِ دینگی

اشعار

اشعار متفرق و رباعیات و قطعہ ہا

بیت

اگر نذر بندگی ہوی قبول — تو دنیا کی دولت مجھے ہو حصول

دستخط خاص بر اشتیاق نامہ خانم صاحبہ

حدت آفتاب سی ہی گریز — اسلئی وصل مہ سی ہی پرہیز

دستخط لفافہ اسمی نواب ملکہ سیمتن صاحبہ

پہنچی یہہ لفافہ مبارک — اوسکو کہ جو سیمتن ہی بیشک

دستخط ناصیہ محبت نامہ نواب تصویر محلصا صاحبہ

بڑا ہواس ہوائی بد کا جوہر کرنے ہاتی ہی — صدائی اختلاج قلب یہہ مضمون سناتی ہی

نہ جبتک موسم بارد ہوائی سرد ہو ملحق — تکل تب تک نہ خسخانی ہی گو ملکہ بلاتی ہی

رباعی فارسی

ای رُخِ تو نورِ کرم بیخته | بحرِ مودّت بهم آمیخته
چون نشود از دلِ من دور غم | رشحهٔ الطافِ تو هم ریخته

رباعی عربی

شمس افلاک و ضیاء الشمع طور | عارضُ خدّ القمر جبل البلور
توئی آفتاب آسمانها و روشنی شمع طور | رخسارهٔ تو رخسار قمر است و کوه بلور
فی قیام باعث الصبر القلوب | انّ هذا شمعه تسبیح نور
در قیام تو اسباب صبر دلها است | بتحقیق که قیام تو بصورت شمعهٔ تسبیح نور

قطعه

حضرتِ آدم زمین پر آئی جب | صُلب مین تہا اونکی نورِ مرتضا
نوح کشتی مین تہی نورِ پاک سی | آتش ابراہیم پہ لالہ ہوا

قطعه

اک نور سی محمد و حیدر رہین جلوہ گر | دو جزو ایک نور کی اللہ نی کہی
دنیا مین جب ہدایتِ مخلوق کو آئی | چہرونسی انکی رشک خور و ماہ نی کہی

قطعہ

کوئی فرزند نہین بابسی آگی پیدا
نورِ حیدر ہوا ظاہر یہان قبل از آدم

مین تم ای شیرِ خدا دونو کا ہی قبل ظہور
ہنس کی فرماتی تہی دامادسی احمد مجرم

قطعہ

منور ہوئی نورِ حیدر سی دنیا
نہ پیدا ہوئی تہی کوئی چیز پہلی

سکہائی روش حمدِ حق کی انہین نی
فرشتون کو بہی تہی نہ تمیز پہلی

قطعہ

کوئی شیعہ جو کبہی جاتا ہی وجہ کی پاس
اوسکی نطفہ مین ملادیتی ہین آب جنت

دوستی اس سی علی کی اوہی حصول
خاکِ شیعہ ہی ہمیشہ سی لعابِ جنت

قطعہ

چوبیس[۲۴] ہزار سال آدم سی قبل
پیدا ہوا نورِ مرتضیٰ شیرِ خدا

فرمایا محمد نی کہ ای میری دوست	ہم تم اک نور سی ہوی جلوہ نما

در زبان حبشہ

اَتی اَنی مَنا کو تو بوی راجہ سُدراتی تو میری گہر آیا آنسو آنکھ سے بہا گی	بدینہ فدی انا بیلا الکان افا چی روتی دی مین بہو کا ہون انت زبان کاٹتی ہیز

در زبان انگریزی

گاڈ سیف دہ کنگ کورن وکٹوریہ خدا سلامت رکھی بادشاہ ملکہ وکٹوریہ کو	مای برادر کا نیلی سنس ٹو یو میرا بہائی سلام بولتا ہے

در زبان بنگلہ

تُمہین جہنتر پتی سیہچے تم بادشاہ ہو	آمی پیٹ کہیتی سیہچے مین بہو کا ہون

در زبان پنجاب

تینڈی جند دی علی دی امان تیری جان پر علی کی امان	تینڈی پران وینون دو لیکو پہچان میرے دلکی بات پہچان لو

در زبان بہاکھا

رجنی بہانی اور گہٹ گئی چندر جوت رات بڑہ گئی اور گہٹ گئی چاند کی روشنی	پی نا گہٹوری عالی میری جیا کی ہیت مگر نہ گہٹی ای ساتہہ والی میری دلکی ہیت

شعر در زبان کشمیر

ہَسیوں زَنَن کہیوں دَرَ رُونہ — زلیخا صورتا یوسف نمونہ
ہنستی ہوئی جیسی کہنچی ہوئی پوری چاندنی — زلیخا کی ایسی صورت اور یوسف کا ایسا طلعت

کلمہ در ترکی

شاہ اودہ سنقاخ گیدی سکر تریا نندا
اودہ کے مالک اوٹھہ کھڑا ہو وزیر گورنر آیا ہے
اکی گمش اونے یا نندا ورو آل گیا ترن
کتنا قرض تیرا چاہتا ہے کہہ کہ ادا کرے

سلامہا

۱

سحابِ غم مین مہِ امامت فی چرخ آفت پہ مونہہ چھپایا
ستاری ٹوٹی زمین کی اوپر فلک پہ ابرِ تعب گہر آیا
علی کی اولاد پر ستم تہا جوان و خورد و کلان کو غم تہا
ہر ایک راہی سوئی عدم تہا جناب خیر النسا کا جایا
لکہا ہی راوی فی بعدِ سرور عجب الم تہا رخِ جہان پر

سرونکو ٹکراتی تہی سمسنبر بلا تہا تخت لعین کا پایا

جناب زہرا تہین سر گشادہ بکاسی اندوہ تہا زیادہ

رسالت آرا بہی تہی پیادہ چلا جو مقتل مین شاہزادا

سنوارا اکبر کو شاہ دین نے بنایا دولہہ بہی دلحزین نی

کیا جو رخصت شہ زمین نی تو چشم حور مین بہی خون بہر آیا

حضور شاہنشہ زمانا نثار ہوتا تہا ہر یگانا

ہجوم مردم سی آستانا بنا تہا عرش خدا کا پایا

لعین لگاتی تہی تیر و خنجر لب شہ دین پہ یاد داور

بدن پہ ہر زخم کی برابر شعاع خورشید چتر آسا

وفور رنجش ظہور آفت فتور دنیا سر مصیبت

خدائی عالم پی حمایت رکو عین تہی وہ شاہ والا

ٹپک رہی تہی جو زخم کاری چمک تہی شمس و قمر کی ساری

ہر اک جراحت گلِ بہاری غضب تہا بند و نہ چھٹتا لا

وہ دھوپ صحرائی بدشگونی وہ پیاس وہ بھوک اور وہ گرمی

جگر مین سوزش تو دلمین سردی زبان بخشش پہ شبنمی گویا

وہ گرم جنگل زمین دہکتی لہو کی ہانڈی تہی تنمین پکتی

ہوس سی خیمہ ہر آنکھ تپتی تہی پکارا زینبؑ کبھی سکینا

ہر ایک ذرہ دہک رہا تہا تو زخمِ سینہ ٹپک رہا تہا

لہو سب اعضا مین پک رہا تہا ہر اک جراحت سی تہا وہ بہتا

مکان سی تہا خوف ہر مکین کو فرشتی تہا نبی تہی سب زمین کو

ادہر تشدد تہا بغض و کین کو کہین پہ خنجر کہین پہ بھالا

کمان مین تہا تیر ایک جانب زبان پہ تقریر ایک جانب

لہو کی تحریر ایک جانب یہ الم مین تمہارا مولا

کبھی وہ پہلو بہ پہلو ہونا تڑپنا ریتی پہ گاہ رونا

رُخ اشکبِ آفت سی شہکا دہونا جگر مین سوزش لبونپہ نالا

کوئی یہہ کہتا تہا مار ڈالو بس آؤ اب حوصلہ نکالو

اوٹہا و خنجر تبر سنبہالو وہ دیکھو غش مین ہی شاہِ دُنیا

بڑہا جو اک نابکار اوسدم تو دیکہا احمدؐ بچشمِ پُرنم

یہہ کہہ رہی ہین کہ نورِ عینم بلا کی جنگل مین تجھکو مارا

وہ زخم آنکھونسی ہین لگاتی جنابِ احمدؐ ہین رنج کہاتی

حسنؑ کو زہرا کو ہین دکہاتی مری نواسی کا حال ہی کیا

بوقتِ ذبح شہ مکرّم عجب تلاطم بپا تہا اوسدم

تہا مرغ و ماہی کا ایسا عالم کہ ساری دُنیا تہی زیر و بالا

زمینِ کرب و بلا تہی غمگین ہوا تہا آبِ فرات پُرکین

حُسینؑ دیتی تہی سبکو تسکین کریگا سیراب حقتعالا

ہوئی تہی زخمونسی چور سرور ہزارونہصد تہی زخم تن پر

کسی نی مارا الم کا خنجر لگایا آکر کسی نی بہالا

ہزار افسوس اہل بدعت علیؑ کی فرزند کی حمایت

ہوئی نہ تمسی یہہ ہی شکایت نہ بخشی محشر مین حقتعالا

جو دیکہا مُرتدنی روئی خندان حُسینؑ گلگون قبا کا یارا ن

پہر ٹیسی چہیڑا کہا یہہ دندان ہین خوب روشن جو ہی اوجالا

جہاد ایسا کیا تہا پیہم شمار مین وہ نہ آیا اوسدم

ہوا یہہ مجروح شاہِ عالم کہلا تہا زخمونسی بلغ لالا

نہ تہی چمن مین بہار باقی مگر تہی گلشنین خار باقے

رہی وہ بیدین ہزار باقی گُلِ امامت خزان رسیدا

شعاعِ شمس و قمر گہٹی تہی تو چہاتی افلاک کی پہٹی تہی

ہوس فرشتونکی بہی ہٹی تہی ہوا جو طوفان تیر و نیزا

کوئی یہہ بُولا کہ دین مین رخنا پڑا ہی کیسا غضب ہی مولا

دُرِ امامت ہی غرقِ دریا تباہ اُمت کا ہی سفینا

سکینہؑ دوڑین کہا کہ دیکہو ہماری بابا پڑی ہین لوگو

نہ سر ہی دہڑ پر جو ہمسی بولو اُٹہو کہی سی ہماری شیدا

بس آج اختر ہی سوگواری بانپہ فریاد و آہ و زاری

علیؑ کی آئی جو ہین سواری کہا زمین پر پڑی ہو بیٹا

سلام ۲

ظہورِ حضرتِ آدم سی تا زمانِ حال ہوا نہ ابن یداللہ سا کسیکو ملال

نصیب آب و غذا تین دن اوسنی ہوئی — کہ جسکی باپ نی سائل کا رد کیا نہ سوال

قطعہ

کہا یہہ شاہِ غریب الوطن نی پانی دو — ہوا ہی ناریوشما ہپیاس سی بیحال

کہا یہہ حُر نہ ملہ نی لو یہہ جامِ آب پیو — لگا یا تیر کہا بس کرو نہ قیل و قال

بوقت ذبحِ شہنشاہ نیرِ اعظم — جہانمین روشنیِ ماہ پر ہوا تہا زوال

کسوف اور خسوف اور اندہیرا چہا تہا — پڑا تہا خاکپہ ہر اکا جبکہ بدرِ کمال

اوجاڑا گلشنِ ایمان لُٹی بہارِ دین — کیا یہہ باغیو ہمانکو بُلا کی نہال

ندا یہہ نعشۂ اکبر پہ مصطفی نی دی — ملا ہی خاکمین یوسف تمہارا حسن و جمال

وہ دہوپ عشر کی دن تہی کہ سرخ جنگل تہی — وہ گرمی تہی کہ دہکتی ہون جسطرح سنی زغال

صدائی نزع ہی اکبر نی دی تہی بابا کو — اوتر گئی تہی کلیجی مین جبکہ تیر کی ہبال

رُخِ شہیدِ جفا پیاس سی ہوا تہا سبز — زمینِ دشتِ بلا خونسی ہوئی تہی لال

نہ طاقت اونمین تہی تلوار کی پکڑ تیکی — عطش کی زور سی زین العبا ہوئی تہی ڈہال

نمود و خال سیہ زیر ابرو ے اکبر — کہ جسطرح تہہ محراب سوے ہی ہو ن ہلال

عمامہ سر سی ٹپک کر کہا یہہ قاصد نی — کہلانہ فاطمہ صغرا پہ کربلا کا حال

از بسی معرکہ کربلا لکہا حق نی — حدیثین ہی ہین شہادت پہ شاہ و نیکو ال

پچہاڑین کہاتی تہین جو رین ملک پر یشان تہے — کہلی تہی زینب و کلثوم کی سرونکی بال

ملیگا روز جزا جو وہ دیکہی گی دنیا — نہ بہی کینہ وراس ظلم و ظالمی کا ل

کہا یہہ لشکر شہنی جہکا کی اپنی سر — قدم بڑہانی دین ور کو کیا ہماری مجال

لب فرات جو پیاسی اسیر جانی تہی — سرونکی بال تہی ماہئی بحر عکی جال

کبک بہی ٹہو کرین کہاتی تہی وقت جنگ و غزا — خرام ناز شہید انسی تہی عدو پامال

ہلال وار تہی شمشیر صاف قبضی مین — سرونپہ دو دل آہ تہی ہر اک کی ڈہال

سرا ور دو مسی وہ باہم ہوا تہا آمد مین — خرام دلدل خوشگام تہا کہ موکی چال

غضب کی حدت شمس فلک تہی عشر کو — کہ دیگدان فلک مین بہی آگیا تہا ابال

ظہورِ نرگسِ شہلا عیون اکبر تہین — کہ رنمین آنکہین چراتی تہی شوخ چشم غزال

کٹا جو دشتِ مصیبت مین سروِ باغِ مراد — درختِ شرع کی باقی رہی نہ کوئی ڈال

عیان پیامِ قیامت تہا وقتِ قتلِ حسین — بیانِ بحر تہا اسوقت موج موج وچہال

سیاہ رنگ ہوئی تہی ہر اک قبائی گل — کسی درخت مین غمسی رہی نہ باقی چہال

محبو ماہ محرم مین تم بہی اشک بہاؤ — کہ رنج حضرتِ زہرا کو اندنون ہی کمال

بوقتِ جنگ و غزا ہاتہہ روک کر فی الفور — کہایا شاہ نی ظاہر کرو کچہہ اپنا کمال

عزیز و بعد شہادت امامِ تشنہ کی — جمالِ فتح سی چہری ہوئی بدونکی بحال

وہ ماضی ہوگئی جو جو کہ نا مور تہی عدو — سبہونکو ہوئیگا معلوم حالِ استقبال

حیا سی اہلحرم اپنا مونہہ چہپاتی تہی — جو ملگئی تہی نساؤنکی درمیان جال

لڑائی ہو رہی تہی دوپہر کو شدت سی — زوالِ مہر سی موقوف ہوچکا تہا جدال

نہ تنپہ کپڑا نہ سر دہڑ پہ غرقِ بحرِ خون — پڑا تہا ہو مین عریان ہر اک خجستہ خصال

یہہ خوف کرتی تہی سجّاد روزِ عاشورہ
جنابِ حضرتِ باریکو آنجائی جلال

چلی تہین آندہیان طاری تہی زلزلہ بہاری
نہ باز آتی تہی اسپر ہوئی وہ نشست افعال

بہت دلیری و ہمت سی لڑتی تہی اصحاب
بدونکو بھیجتی تہی نارین وہ خیرسگال

سرابِ یگ کو دریا سمجھکی گرتی تہی
لہو کی تہالی تہی پیاسونکی حقین جام زلال

ہر ایک سمت سی وا وار ہا گتی تہی
ٹہہر نہ سکتی تہی شیرونکی سامنی وہ شغال

جو گفتگو سرِ دربار کی یزیدی سخت
کہا یہہ نینبِ ناشادنی زبان سنبہال

فنا مین پیش ہی اختر کو گو کہ ہجرِ بقا
جنانمین حورِ بہشتی سی ہوئی اسکا وصال

سلام ۳

ہوا نہ رنمین تشنہ کا کلام تمام
کیا جو حُر ملہ نی لختِ دل کا کام تمام

ہزار و نہصد و پنجاہ زخم تن پہ تہی
بہری تہی خونمین ہوار کی لجام تمام

کہا یہہ شاہ نی شبدیز زور سر پٹ ہی — چھٹی ہی جاتی ہی طاقت کی اب زمام تمام

کہا یہہ ساقیِ کوثر سی شاہِ تشنہ نی — بہرا نہ پانی سی افسوس مینی جام تمام

کہا یہہ شہنی کمانکی طرحسی قد خم ہون — بدنکی ٹکڑی ہین پیوستہ ہین سہام تمام

نہ پانی دین کہا عباسؑ نی فنا ہونگی — کریگی ناریونکو بُرشِ حسام تمام

کہا یہہ صغریٰ نی شمعِ سحر ہون قتلسی — گھلی ہین آتشِ غمسی مری عظام تمام

لہو برس گیا سورج گہن ہوا ونکو — محبّور نمین ہوئی جب شہِ انام تمام

اوٹھا نہ سکتی تہی لاشیکو گھوڑی پر شہ دین — یہہ چور زخمونسی تہی اکبرِ کرام تمام

بزیرِ آہنِ محرابِ خنجرِ ظالم — ملائکہ نی ندا دی ہوا امام تمام

بوقتِ ذبح شہنشاہِ دین نی یسی کہا — بروزِ حشر رہی اب ہماری کام تمام

قلم بہی جھک گیا سجدیکو یہہ ملی لذت — لکہی جو لوح پہ چودہ تنونکی نام تمام

جبین کو خاکپہ شہبازِ دین جھکاتی تہا — کشادہ پر تہی اودہر تیرونکی حمام تمام

اگر سیاہی ہو دریا فلک نبی قرطاس
نہو سکی یہہ مگر حالِ غم مدام تمام

نہ سیری جانکو رونیسی اور نہ عکمی کی
دل اس الم سی ہاکر تا ہی وام تمام

سرونکو صبح کو داخل کیا ہی حیرانی
ہوا سرور سی آئینہ بند شام تمام

چھپی تہی بلبل ایمانکی پاؤنمین کانٹی
بچھائی اہونمین صیاد وینے دام تمام

بدونکی واسطی آہ سفر نمایان تہی
پڑی تہی خلجیہ ہیہات نیکنام تمام

کسی مین ہوش نہ باقی تہا وقت قتل حسینؑ
کلیجی تہام کی روتی تہی خاص و عام تمام

گری جو اکبرؑ ناشاد گہوڑیسی افسوس
پھرائی لاشی پہ ہوا تیز گام تمام

اسیر حضرت سجادؑ تہی حرم کی سبہ
ہوا نہ اونسی نقاہت مین ایک گام تمام

برہنہ سر سر اشترٹہا دیا ہی ہی
سُنا نہ شمر نی کلثومؑ کا کلام تمام

حرم تہی اونٹونپہ انبوہ خلق اتنا تہا
بہری ہوئی تہی تماشا ئیونسی بام تمام

کٹی پڑی ہوئی تہی کلک ماہ مرتضویؑ
مجتو ہوگئی پامال خوشخرام تمام

حسینؑ امام نی بازارِ کفر و زرغہ مین
چکائی حبسِ امامت کی دام و دام تمام

بروزِ حشر تمامی ہی اس کہانی کی
رہا یہہ قصّۂ پُر درد ناتمام تمام

قلیل ہی تہی جو مجروح پیاس سی گذری
عطش سی نین ہوئی آہ ناتمام تمام

مدارِ کارِ امامت تہا ابن حیدرؑ پر
ہوئی تہی سہل شہادت کی سب مہام تمام

بوقتِ صبح چہڑی جب لڑائی میدان مین
کیا کسی نی نہ پھر صلح کا پیام تمام

کسی کو طاقتِ گویندگی نہ تہی زین مین
تہا سر جھکائی ہوئی فرقۂ ظلام تمام

اگرچہ لاشی تہی ظاہر مین خاکپر لاکن
بزیرِ عرشِ برین تہی وہ خوشمقام تمام

گئی رکوع مین جسدم تو صبح صادق تہی
کہا حسینؑ نی بس ہو چکا قیام تمام

غضب کی شدّتِ رقت ہی روح زہراؑ کو
بس اب ولا چکی اختر کرو سلام تمام

منقبت ۴

دشت و کوه و نور و نار و شمس و ماه و خاص و عام

خشک و تر سُرخ و سفیدان سبکا مالک هی امام

معدنِ جود و سخا بحرِ شجاعت پیشوا

مخزنِ لُطف و کرم دُرِّ امامت نیکنام

ای دُرِ دریائی رفعت هادیِ دینِ مبین

مطلعِ دیوانِ احمدؐ تُحفه مادح کا سلام

شهریارِ ملکِ همت قاطعِ بازوئی کُفر

تاجدارِ شهرِ غُربت رازدارِ خاص و عام

معنیِ آلِ عبا محبوبِ یزدانِ پارسا

بیت و مضمونِ عطا جانِ رسُولِ نیکنام

سبطِ احمدؐ روحِ زهراؑ پارهٔ جانِ علیؑ

ای حسن کی بہائی نور دین خیر الانام

شاہِ شاہان جہان سلطانِ دین حبل المتین

ماہتابِ چرخِ رفعت آفتابِ لعل فام

قصرِ دلمین یاد ہو جب چہرۂ پُر نور کی

مہرِ عالمتاب حشمت کیون نہوئی روشنی بام

سائلِ درگاہِ والا دو جہان مین سیر ہی

مدح خوان کی تم ہو شاہا تُمسی ہی ہر وقت کام

نجم و افلاک و قمر خورشید دریا نیک و بد

رکھتی ہین جن و بشر دیو و پری سب تُمسی کام

بخشدو سائل کو کہانا تیسری روز یمین جب

پھر بھلا رہجائی کیونکر اس جہانمین میرا کام

تم دوائی دردمندان بازوئی جبریل ہو

تمسی فطرس تک ہوا ای تاجِ عالم شاد کام

عرض کرتا ہون شہا دربارِ عالیجاہ سی

مُدّعا میرا بر آئی اور نہ اُنکی کوئے کام

تر زبان ہون مدحِ ذاتِ پاک سی صبح ومسا

سرخ ہو جائی نہ کیونکر نامِ خوش سی روئی کام

بارِ جود و بخششِ مولیٰ جو اوسپر لادون

ہوی گاوِ ارض کو مُشکل اوٹھانا ایک گام

بلبلِ وداؤد طوبیٰ طوطیِ اسجا بند ہین

مدحِ سبطِ مُصطفیٰ سی کیون نہو نمین خوش کلام

ای غزالِ وادیِ کعبہ ہنر بر دشتِ جنگ

آپکی چشمِ سیہ سی پُتلیتن ہون کیون نہ رام

تیرا عہدِ خوش نصیب اونکو اگر ہوتا شہا

روئی انور کی تصدّق ہوتی ہر دم ہام وسام

کھینچی دستِ دُرفشان بعدِ شہادت بہی اگر

تیغِ انور کی چمک سی موم ہون بہرام وسام

ریشِ انور کا جو سایہ گُلشنِ جان پر پڑی

بُلبُلِ دلھائی عالم پھڑ پھڑائین بھر دام

مست ہون نامِ خدائی پاک سی مجلس مین مَین

بادۂ وحدت سی بھری آپ میری دلکا جام

دَور یاد آئی امامِ تشنہ کی جب پیاس کا

مدِّ بسم اللہ بنجائی ہمارا خطِّ جام

قتل کرکی آپ کو وہ زہر مار اسکو کری

سرنگون کیونکر نہ ہو جائی یعین کار وئی جام

ای مہ زہرا جو پی تہی بعد قتل شہ شراب

لیگئی دوزخ مین سید ہا کافرونکو مہر جام

سیر کیا ہوگا یعین خستہ دل اوس بہوک مین

بی محبت آپکی بخشش ہی بالکل نان جام

مطلع

ای مہ چرخ امامت عرض کرتا ہی غلام

چشم خوش آہوئی کعبہ زلف شبگون لام لام

بی سبب اعدائی دین کرتی ہین ذاکر کو حلال

بی جمال وروئی انور زندگی اب ہی حرام

شاد باشی آمدی خوش بارک اللہ جبّذا

ہر طرف مرغ و ملک زائر کو دیتی ہین پیام

نسرِ طائر مرغِ سدرہ کی ہین لرزان بال و پر

روضۂ انور پہ ہی حور و ملک کا انتظام

چہپ چکی ہی لوحِ حق پر مُہرِ نامِ پاکِ شاہ

عرشِ انور جائی اجلاس آپکا عالیمقام

چودہوین سی غرّہ تک ہر شب اوسی نقصان ہی

جہیتا ہی چہرۂ پُر نور سی ماہِ تمام

چنگ زن شمشیرِ شہ سی ہی برات بدقماش

تاجِ فرقِ روسفیدان سرخرو ہی یہہ غلام

خاک نظر ائی نہ دیگی ایکدم مین باغیو

تینین صفرا کو پکائی رات دن سودائی خام

میرا جھگڑا کیجئی فیصل ستمدیدہ ہون مین

سائلونکا آپ سی ہوتا ہی قصہ اختتام

کیون نہ میکائیل و اسرافیل ہون جاروب کش

روضۂ انور پہ ہی جبریل بہر اہتمام

آستانہ قبۂ پرنور کا افلاک ہین

عرش پر روح القدس کو ہی یہان کا احترام

پائی شبدیز فلک کسطرح اوس سی بڑہ چلی

تیری دلدل کی شہا جبریل تہامی ہی لگام

روز و شب صبح و مسا ہر وقت کرتا ہی دعا

روضۂ پرنور پہ ذاکر کا شاہا ہو قیام

مطلع

مطلع

جب الم تیغِ دوپیکر ہو تو اکدین ہو تمام
ہفت گردون دو کری تجھہ ماہ کا روئی نیام

تیری نارِ غیظ سی دریا ہو آتش سی سوا
سرد مہری سی تری سورجکو ہو جائی زکام

ذکر تیری باپ کی شفقت کا آجائی اگر
روحکو یمو نکر نہ نبجائی یہہ تن دار السّلام

رزق رزّاقِ حقیقی سی کری گر اوسکا بند
عمر بھر اوسکی لئی ہر وقت ہو ماہِ صیام

زخم تیرا کہائی کافر جب نبرد جنگ مین
شوقِ دیدِ تیغ مین ہرگز نہو ذی التیام

تیری اعدا روسیہ نارِ جہنّم مین جلین

دوستونکا کیون نہو محشر مین روئے سُرخ فام

کہہ زمین کو آسمان ہو آسمان ہوئین زمین

ہوئے چشمہ کوہ و صحرا تجھسی ای معجز خرام

مین تو ہون لیل و نہار ای شاہِ عالم یاد مین

فکر ریش و رُخ مین تیری کر رہا ہون صُبح و شام

کوکبِ نصرت قرین و شمسِ برجِ کربلا

آفتابِ دین و دُنیا مہ رُخ و گردون مقام

بیوطن مظلوم غربت مین بسر کرتا ہونمین

چھوڑنا ہرگز نہ ای شہ میرا قصہ ناتمام

ہی مکانِ دلمین یادِ نورعین بوتراب

عرشِ اعلیٰ پر تفاخر کر رہی ہی سقفِ بام

سیر ہو تم ابتدا سی تشنہ لب مذبوح ہو

تم وہ ہو راہ خدا مین دیدیا تنی طعام

کہینچ لینا جذبِ شفقت سی انہین ہی اپنی پاس

ای ہمائی فرقِ اُمّت جب کہلین میری عظام

ہین امام اثنا عشر شیعونکی بخشش کا سبب

بس مُرادِ مُصطفیٰ انسی ہی ہی آلِ کرام

عقدۂ لاحل کی حل ہونیکا باعث ہو تمہین

سہل ہو جاتی ہین ناخن سی تہاری ہر مہام

کی نماز ایما اشاریسی ہوئی جسدم شہید

تمکو شغلِ سجدۂ و طاعت عبادت تہا دوام

ان کمانداران ظالم سی بچاؤ ای شہید

بی بسی اور ظلم کی پیوستہ ہین تینمین سہام

وِرد ہی وہم وخیال وظن وعقل وہوش کو

جاگتی سوتی تمہارا نام لیتا ہون مُدام

عترتِ اطہر کی ہمرہ ماہِ سر پہنچا تہا جب

روشنی سی اوسکی روشن ہوگیا تہا شہرِ شام

زلزلہ چرخ وزمین وکوہ وصحرا کو ہوا

جب کہنچی اوس لشکرِ بیدین پہ حضرتکی حُسام

یاد کیجیگا ضرور اختر کو ای ماہِ بتول

آئیگا ساتہہ جہدے کی جوہرِ انتقام

سلام ۵

وہ ہونگی داخلِ جنّت جو روتی ہین رولاتی ہین

ہوا ہی خلد واجب اونپہ جو آنسو بہاتی ہین

نہین باقی کوئی خویش و پسر یار و برادر تک

پئی جنگ و وغا اب شاہِ دُنیا آپ جاتی ہین

کہا اہلحرم نی صاحب مکر و دغا یہ ہین

سمجھکر ہمکو عُریان تن عبث کوڑی لگاتی ہین

گریبانِ سکینہؑ چاک کرکی دیتی ہین تسکین

حرم کو جادۂ صبر و رضا حضرتؑ بتاتی ہین

نہ سمجھو خُشک لب ہمکو کہا اہلحرم نی یون

ہماری اشک ریزی سی سمندر ڈوب جاتی ہین

کہا قاسمؑ نی ہمکو یاد دلوادو پھوپہی امّان

ہمارا نام حضرت وقتِ رخصت بھول جاتی ہین

کہا کلثوم نی سر پیٹ کر نانا دُہائی ہے

یہہ ننہی بچی سب بی آب و دانا تلملاتے ہین

سکینہ رو کی چلّائی بوقتِ غارتِ خیمہ

پہوپہی اماں مری دُر چھپا کر ظالم ڈراتی ہین

کہا کبریٰ نی زینب سی کہ دیکھو ای پہوپہی اماں

وہ غاطیں ہین قاسم خونمین مہندی لگاتی ہین

وطنمین فاطمہ صغرا یہہ ہمسایونسی کہتی تہے

خبر ملتی نہین مجھکو نہ بابا کی خط آتے ہین

ہوا مذبوح پیاسا ناخدائی کشتیِ احمدؐ

سفینہ اپنا بحرِ جرم و عصیانمین بہاتی ہین

صدا اکبرؑ نی دی وقتِ شہادت شاہِ دُنیا کو

رکا بو نمین ہماری پاؤن بابا ڈگمگاتی ہین

سنبہل کی تیر خیمہ کیطرف پہینکو کہا شہ نی

چمک سی انکی میری ننہی بچی سہمی جاتی ہین

جو بعدِ قتل اکبرؑ آئی جہولی پر کہا شہ نے

چلو اصغرؑ ہماری گود مین نانا بلاتے ہین

پنہائین بیڑیان عابدؑ کو جب کہنی لگی ظالم

دوائی درد سر کرتی ہین ہم صندل لگاتی ہین

حرم کی ناقونکی ہمراہ زین العابدین ہی ہین

اوٹہاتی ہین کبہی ظالم کبہی اونکو بٹہاتی ہین

لٹی ہین زینبؑ و کلثومؑ سر عریان سکینہؑ ہین

زنانِ ہاشمی کو اہلِ کین دَر دَر پھراتی ہین

بہڑک لوکی جو اوٹہی رو کی بولین فاطمہ صغرا

وہ دیکھو مسندِ شبّیر کو کافر جلاتی ہین

یقینِ بخششِ روزِ جزا کیونکر نہو ہر دم

خود اختر روتی ہین اور مرثیہ پڑہکر رولاتی ہین

سلام ۶

خضر نی نعشِ حیدر پر تنی اشکونکی بارانی
کر کیونکر نہ پھر بحرِ الم ذاکر کا طغیانی

نہ نصِ ظاہری سمجہی اوٹہایا ہاتہہ اسی
مٹائین کافرون نی جانکر آیاتِ قرآنی

نہ پاسِ خانۂ زہرا نہ رتبہ عترتِ خوش کا
نہ آلِ احمد کی کفر سی توقیر کچہہ جانی

عداوتکی عوض دعوت کے بہر حیدرِ صفدر
گلیمین باندہکر رومال کہینچا کی ہیہ مہانی

علی صایم ہوا زخمی تہ دستِ تیغسی لیکہی
بڑہی زلفِ شبِ بست و یکم کی جب پریشانی

نہ سمجھی لعنتِ حق قتلِ حیدر سے عیاں ہوگی
نبی بی عقل بالکل کافرون نی کی جو دانی

علیؑ پر کی جفا زہراؑ کا پہلو ظلم سی توڑا
حسنؑ کو زہر اور شبیر سی وکا گیا پانی

زبانِ زخمہائی تنسی لفظِ بخشش امت
نہ تہی شبیر کو اوسوقت ہرگز فکرِ جسمانی

ہر اکسو بعدِ اکبرؑ شاہِ والا لڑتی پھرتی ہے
برس جاتا تہا آبِ تیغ جیسی ابرِ نیسانی

مسلمانی ولائی حیدر صفدر ہی دین مین
سمجھتی ہی نہی ہیدین ہرگز امرِ ایمانی

بچائیگا یزیدِ روسیہ یا شمرِ بی ایمان
سفینہ امتِ احمدؐ کا جسدم ہوگا طوفانی

لکھا ہی مرغِ روحِ مرتضیٰؑ جنت مین جا پہنچا
زمرد ہوگئی جسوقت یاقوتِ بدخشانی

پہرایا سر برہنہ اشتران بی کجاوہ پر
یہہ کی آلِ عباؑ ئی حیف کیسی تبہ دانی

نہ ڈر نارِ جہنم کا نہ خوفِ غصۂ احمدؐ
بہت بی شرم دیکھی کربلا مین ظلم کی نانی

سبب بخشش کا مثلِ شمس روشن تر ہی دنیا مین
ہماری اشک ریزی پر ہی اختر نصِ قرانی

سلام ۷

مجو قصۂ ظلم و ستم مجھکو سُنانا ہی — مرقع تختۂ کرب و بلا کا ہی دکھانا ہی
چھک ای عندلیب کلک گلزار مصیبت مین — خوش الحان بلبل ایمان کا رنمین آشیانا ہی
صغیر اطفال روتی ہین حرم سب بلبلاتی ہین — دل پیر و جوان تیر حوادث کا نشانا ہی
ندائی غیب آئی شدت گرما مین سر کو — حسینؑ اس پیاسمین تیری محبت آزمانا ہی
جو تنہا رہگئی سرور رہا اہلحرم سیون — خدا راضی ہی گو پھر گیا سارا زمانا ہی
کہا سر و نی اہل کین سی قصر نار پاؤ کی — بتاؤ حشر کی دن کیسجگہہ سیکا ٹھکانا ہی
لہو پونچھا نہ چہرہ کا زبانسی شہنی فرمایا — اسی رتسی مجھکو فاطمہ کی پاس جانا ہی
زرہ زخم بدن سب جمع ہی حضرت نی فرمایا — مجھی سو دای جنبش اُمت چکانا ہی
سرہانی سید سجادؑ کی چلاتی تہین زینبؑ — ہوئی ہین تین دن ہی ہی پانی نہی دانا ہی
کہا مسلم نی کو فیمین بیان حال حضرت کی — عقیل و نکتہ فہم و دین سنج و شاہد دانا ہی

کہا بانو نی مین نا دانو نکو کسطرح سمجھانا ہی
بلکتی پھرتی ہین خیمی مین پانی ہی نکہانا ہی

کہا سرو نی یہہ مکار دہر کی آبرو کی ہین
ہمارا قتل ہی منظور بیعت کا بہانا ہی

لہو دولہہ کا مل لو شہر بانو نی یہہ فرمایا
تمہین مہندی ہے دونون ہاتھون مین کیون لگانا ہی

بوقتِ قتل قاتل نی کہا شہسی کہ اب لیٹو
گلی کو ذائقہ شمشیرِ بران کا چکھانا ہی

بوقتِ جنگ مانع ہو کی زینب نی کہا اکبر
کلمہ کوئی بہی ایجان پھوپہی ماننکا مانا ہی

ذرا ٹھہراؤ اونٹونکو کہا عابد سی زینب نی
دلہن کو لاش پر دولہہ کی چلتی وقت لانا ہی

کٹی جب دستِ عبداللہ چلا کر کہا اونسی
مجہی اپنی چچا کو ہر طرح زنہار بچانا ہی

وطن مین آئی جب اہلحرم زینب نی فرمایا
دعائی فرقتِ شبیر صغرا کو پڑہانا ہی

کہا اہلِ وطن سی زینب غمگین نی ورو کر
ابہی آئین ماتمداریِ سرور سکہانا ہی

نہو گی سال بہر فرصت کہا اسطرح زینب نی
مصیبت جو کہ گذری ہی وہ ہر اک کو بتانا ہی

جو کوئی پوچہتا تہا کسکا سر ہی کہتی ہی عابد
یہہ وہ سر ہی کہ جس سر کا رسول پاک نانا ہی

عبث بیعت کا جھگڑا کہی یہہ شمر سی شہنی ہی
تجھی مو زیستی سی سینی کو ظالم دبانا ہی

کہا عابدؑ نی دیکھو کافر و حضرتکی جانب کو
ملک نی موم جامہ اشکو نکالا شی پہ تانا ہی

ہر اک وزیر فرماتی ہین زینبؑ ہر امحرم مین
مجھی ہر طرحسی اس یہ خانیمن آنا ہی

نہ فرماؤ کلام یاس زینبؑ نی کہا شہسی
تمہین ای نور چشم دین مری لکو دکھانا ہی

بوقت مرگ اکبرؑ شہنی فرمایا نہ گھبرانا
ابہی پہلو مین بیٹا نعشہ اصغرؑ لٹانا ہی

کہا اصغرؑ نے بابا گر سلامت آئی اس گھر مین
مین نذر مرتضیٰؑ خیرات دونگی مینی مانا ہی

عزا خانہ شہ دینکا در قصر بہشتی ہی
فرشتی چومتی ہین روزہ آستانا ہی

مکان سب کہد گئی خانہ بدوشی ہی یا تم ہو
نہین اختر کا شاہا دین دونیا مین ٹھکانا ہی

نوحہا

۱

بانوؑ نی کہا کسنی تمہین جانسی مارا ای سید بیکس

بیرحمی و جلّادیسی سر تن سی اوتارا ای سیّد بکس

ہجرِ شہ تشنہ سی مراحال دگرہی کچھہ تمکو خبر ہی

کیونکر ہو فراقِ رُخِ خوشرنگ گوارا ای سیّد بکس

کھانا نہین پانی نہین دانہ نہین افسوس دل زیست سی یوماس

تقدیر نی جنگل مین مجھی لاکی اوتارا ای سیّد بکس

معلوم نہتا ہجر ہی قسمت مین لکھا ہی اب وصل مٹا ہی

دُنیا سی گئی چھوڑ کی تم ساتھہ ہمارا ای سیّد بکس

تلوار کہین ڈہال کہین خود کہین ہی گھوڑا ہی نہین ہی

چہرہ ہوا آغشتہ بخون رنمین تمہارا ای سیّد بکس

سب قتل ہوئی خویش و برادر پسر و یار اور مونس و غمخوار

باقی نہ رہا دشتِ بلا مین کوئی پیارا ای سیّد بکس

مقتل مین ہی کشتہ وہ مرا نورِ نظر آہ مین تنگئی اللہ

وولہہ کیطرح مینی تہا اکبر کو سنوارا ای سیّدِ بیکس

گھبراتی ہی جان چین نہین ایک گھڑی بہر مغموم ہون مضطر

سیما بکی حالت ہی مرا دل ہی کہ پارا ای سیّدِ بیکس

روپوش ہوا زیرِ زمین خالی ہی جھولا اصغر ہی سدہارا

پانیکا بہی کرتا نہین وہ لال اشارا ای سیّدِ بیکس

اب دودہ پلاؤن کسی ای عاشقِ باری جینی ہی ہو غاری

لب تشنہ تہا کوثر پہ جو شش ماہہ سدہارا ای سیّدِ بیکس

ٹلتی نہین کوہِ غضب و بغض و عداوت اور غیظ و شقاوت

پر بارِ مصیبت سی مرا قلب نہارا ای سیّدِ بیکس

دُنیا مین رہی نام نہ زندہ رہا کوئی اور تمکو مین روئی

یوسف نہ سلیمان نہ سکندر ہی نہ دارا ای سیّد بیکس

وادی ہی کی گو دیمین اوسی دیکھو شاہا دل غمسی کیا

اصغر ہی مین بس وہیان لگا ہی مرا سارا ای سیّد بیکس

جب لیگئی اصغر کو تو مین رہگئی ششدر دیکھا نہ مکرر

لاتی نہ اوسی بہیر کی خیمی مین دوبارا ای سیّد بیکس

دھمکاتی ہین ظالم کبھی دُرچھینتی ہین آہ غم دیتی ہین مگر آہ

جینی کا سکینہ کی نہین کوئی سہارا ای سیّد بیکس

مہر رُخِ اکبر تہا چراغِ دلِ عالم مہتابِ معظّم

بالائی زمین خاکیہ ہی چرخ کا تارا ای سیّد بیکس

خوشیان ہین دہل بجتی ہین شادان ہین ہر اکسو دہپلی کو کو

ہی ہی مری وارث کو مری شاہ کو مارا ای سیّد بیکس

پہچان گئی تہی نہ بچی گا مرا جانی وہ احمدِ ثانی

اسپِ علی اکبرؑ نی بہرا جبکہ ترارا ای سیّدِ بیکس

تم قتل ہوئی لوٹی گئی عترتِ اطہرؑ بنتِ شہِ صفدر

گردنپہ چلا قیدیونکی ظلم کا آرا ای سیّدِ بیکس

پہر سانس نہ لی اصغرِ بی شیرنی اوسدم تہا موکا عالم

اک تیر لگا تہا جو ہین گردنپہ قضا رارا ای سیّدِ بیکس

سچ ہی نہ کبہی چہوڑتی دُنیا مین ستمگر غمخوار و دلاور

مرنیکی سوا کوئی نہتا آپکو چارا ای سیّدِ بیکس

افسوس پڑی خاکپہ ہوتن ہوا زخمی اور یت ہی جلتی

دیکہو مری جانب شہِ مظلوم خدارا ای سیّدِ بیکس

اختر کی رعایت رہی فی اکر ہی تہارا مظلوم ہی مولا

شاہان چہ عجب گر بنوازند گدارا ای سید بسکیں

نوحہ ۲

ہیہات ہا دل ہی مین ارمان سکینہؑ
اندہیارسی نذانکی گئی جان سکینہؑ

رہنے نہ دیا باپکا سر گود مین اونکی
توڑا تہا لعینون نی ہیہ پیمان سکینہؑ

گلزار حسینی ہوا پامال حوادث
پژمردہ خزانسی ہی گلستان سکینہؑ

سر شاہ کا رکہا تو کہا خولی نی فوراً
نیزی پہ چڑہایا گیا قرآن سکینہؑ

ظاہر مین تو نیزی پہ تہا سر شاہ ہدیٰ کا
پر چرخ چہارم پہ تہا فرقان سکینہؑ

جب کوفیونکی بچونکو پڑہتی ہوئی دیکہا
یاد آگیا بانو کو دبستان سکینہؑ

دیکہا جو ہین سر باپکا زندان بلا مین
بس ہوگیا مُردہ دلِ نالان سکینہؑ

سرسبز نہتا کوئی گلِ تر چمن اُجڑا
کیا خشک ہوا ظلم سی بستان سکینہؑ

تاب آئی نہ دید سبب جور و جفا کی
مرجانا تہا شبیر پہ ایمان سکینہؑ

نی غسل نہ تابوت نہ گیرہ نہ مرقد — افسوس مٹا قید مین ساماں سکینہؑ

ہمراہ عزا کوئی نہ تھا مجلسِ غم مین — رویا کیا احوالپہ زنداں سکینہؑ

آتی تھی نظر صورتِ غم اوسمین مکدر — آئینہ بنا تھا رخِ حیران سکینہؑ

روتی تھی صدو راہ مین افسوس کناں تھی — دل کرتا تھا ٹکڑے دلِ گریاں سکینہؑ

واوَیلا کوغش آیا گری خاک پہ ناہید — بس مرثیہ پڑھنا ہی تھا الحان سکینہؑ

لب خشک ہوئی پڑ گئی کانٹی ہی زبان مین — بی آبسی سوکھا چمنستان سکینہؑ

تھا برگِ خزان دیدہ ہر اک عم و برادر — کمھلائی چمنمین گل و ریحان سکینہؑ

ذیعقل بھی بیتا بسی سب نعرہ زناں تھی — چپ ہوگیا غمسی دلِ ناداں سکینہؑ

اختر سرِ اشتر جو جفا کارونے کی غور
دیکھا ملک الموت ہدیخوان سکینہؑ

نوحہ ۳

بانو نی کہا میں تری قربان سکینہ
کھول آنکھو نکو اور بابکو پہچان سکینہ

بانو نی کہا فوج سی دور اسکو رکہہ ہی
ڈر جائیگی اس بہیڑ مین ناوان سکینہ

او بچہا ہی دل پاک رخ شاہ ہدی سی
زلفو نکیطرح ہی جو پریشان سکینہ

قلعی کہلی بال آگئی جب شیشۂ خبر
آئینی کی صورت ہوئی حیران سکینہ

بانو نی کہا روتی ہین سب بابکو تیری
باقی نہین غمسی کوئی انسان سکینہ

ایجان جہان رنج و غم شاہ ہدی سی
انسان نہ باقی ہی نہ حیوان سکینہ

حسرتسی کہا بانو نی جب قید ہوئی وہ
بچ جائیگی مجلس مین تری جان سکینہ

زینب نی کہا کیا کرون کچہہ بس نہین چلتا
دل ہی تری مظلومی سی نالان سکینہ

فرمایا یہہ زینب نی کہ گو ہمکو کیا قید
لاکن نہ گہٹی مرتبہ و شان سکینہ

بانو نی کہا گو دمین آدیکہہ نہ مقتل
سورہ مریجان میرا کہا مان سکینہ

مکتب کہان بسم اللہ کہان بانو ہو صدقی
دیکہا نہ جنازیکا بہی سامان سکینہ

بانو نی کہا چرخ بریں آب ہوئی ہین — روتی ہین ملک اب نہو گریان سکینہ

لب ہلتی ہین بانو نی کہا دیکھہ او دہر تو — پڑہتا ہی سر شاہ ہی قرآن سکینہ

بانو نی کہا شاہ کو مارا نہین ہی ہی — مٹتا ہی لعینون نی یہہ فرقان سکینہ

دو بندی جو تہی کانو نمین ہلتی تہی تعب سی — تکتی تہی ہر اک چہرہ یکو انجان سکینہ

پژمردہ ہی ہر گل کہا بانو نی صدا افسوس — سوکہا تری اماں کا گلستان سکینہ

گل زرد ہوئی سرخ ہوا رونی لگی باران — بی آبسی ہی خشک ہہ بستان سکینہ

لاشی پہ سکینہ کی کہا فاطمہ نی یون — حاضر ہی یہہ ادی بہی پہچان سکینہ

مقتلمین کہا بانو نی تالو مرا تڑقہ — آتش سی چمکتا ہی یہہ میدان سکینہ

دن حشر ہی بانو نی کہا دہوپ ہی سی — سورہ تو مری جان پہ ہی احسان سکینہ

بانو نی کہا مونیون نی اوس سی دعا کی — توڑا نہ تری باپ نی پیمان سکینہ

حاضر سر دربار ہون عابد نی کہا آہ — حاکم کا یہی آیا ہی فرمان سکینہ

جان سوختہ ہی جلگیا قلب و جگر و تن
ہم آتشِ غمسی ہوا بریان سکینہؑ

کافر عمر سعد ہی سُن بانو کی جائی
شبیرؑ کا سالم رہا ایمان سکینہؑ

بانو نی کہا بہوکھہ مین پہنچی تری موہہ تک
ملجائی جو اُشتر پہ کوئی نان سکینہؑ

بانو نی کہا لشکرِ کین نار نشین ہی
بہڑکا تا ہی اس فوج کو شیطان سکینہؑ

بانو نی کہا دیکھی گی کن آنکھو نسی لاشی
ہی رحِ حزین پر تری سُو ہان سکینہؑ

تاراج ہوا ملک و فا و جڑ امدینہ
مقتول ہوا دین کا سُلطان سکینہؑ

تاج اولٹی بدن کانپ گئی وقتِ شہادت
تخت و نسی گری قیصر و خاقان سکینہؑ

بیعت کا بہانا تہا فقط قتل تہا منظور
شبیرؑ پہ چوڑا ہی یہہ بہتان سکینہؑ

بانو نی کہا دیکھہ کی سُرخی سرِ شہکی
کہاؤنگی نہ مین عمر بہر اب پان سکینہؑ

اختر جو اجازت ابہی شبیرؑ کی پائی
رو رو کی کری نوح کا طوفان سکینہؑ

نُدبہ

حضرتِ خیرِ نسا کا جایا حسینؑ حسینؑ حسینؑ

پانی نہ اوسنی دشت مین پایا حسینؑ حسینؑ حسینؑ

تیر لگی تلوارین پڑی ہین برچھیان غمکی دلمین گڑی ہین

بہال سر وہی نیزہ لگایا حسینؑ حسینؑ حسینؑ

حضرتِ قاسم دولہہ تہے سہریکی جا پر تیر لگی تہے

گھوڑیکو ڈوبا خونمین پایا حسینؑ حسینؑ حسینؑ

معرکہ آراعونؑ و محمدؑ تشنگی سی لب اونکی زبر جد

دونونکو شہنی دولہہ بنایا حسینؑ حسینؑ حسینؑ

اکبر و اصغر چھوٹ چکی ہین خیمی عدو سب لوٹ چکی ہین

شعلۂ آتش گہر مین لگایا حسینؑ حسینؑ حسینؑ

چیر العین نی گوش سکینہؑ ہوگیا بی ضو غمسی مدینہ

گلشنِ زہرا خوب مٹایا حسینؑ حسینؑ حسینؑ

رانڈ بنی مقتل مین ہوئی ہی شادی عجب جنگل مین ہوئی ہی

بدلی حنا کی خون رچایا حسینؑ حسینؑ حسینؑ

غُلغُلہ ہی آفاق مین برپا شورِ قیامت حشر کا چرچا

سب نی دو ہتڑ سر پہ لگایا حسینؑ حسینؑ حسینؑ

کوئی نہین غمخوار رہا نمین رنج ہی ظاہر کون و مکان مین

ہائی فلک نی دن یہہ دکھایا حسینؑ حسینؑ حسینؑ

زینبؑ کی ناچار برادر ہوگئی کُشتہ آہ مُقدر

شہرِ بقا کو جا کی بسایا حسینؑ حسینؑ حسینؑ

شاہِ ہُدیٰ اب دُور رہوئی ہین آئینۂ دل چُور رہوئی ہین

قصرِ فلک آہون نی گرایا حسینؑ حسینؑ حسینؑ

ای مری والی ای مری آقا سیدِ بیکس یکّہ و تنہا

تمکو یہہ دن قسمت نی دکھایا حسینؑ حسینؑ حسینؑ

مضطرب و بیحال ہوا دل مُرغِ جگر ہی طائرِ بسمل

اکبرؑ کو نیزہ لگایا حسینؑ حسینؑ حسینؑ

ضبطِ تعب اب ہو نہیں سکتا تمکو سمندر رو نہیں سکتا

پیٹتا ہی سر اپنا پرایا حسینؑ حسینؑ حسینؑ

مشرقِ آفت چاک گریبان سینہ و دل ہی داغِ عزیزان

بحرِ تمنا غمسی بہر آیا حسینؑ حسینؑ حسینؑ

منبعِ محنت جانِ حزین ہی مخزنِ آفت مہرِ مُبین ہی

آہ رسولِ پاک کا جایا حسینؑ حسینؑ حسینؑ

سوزنِ غم نی زخم سیاہی رشتۂ صد و لکو دیا ہی

آہ کفن بکیں نی نہ پایا حسینؑ حسینؑ حسینؑ حسینؑ

روبقفا کیونکر نہون دشمن آلِ نبیؐ پر خنجرِ آہن

زخمونسی گلزار بنایا حسینؑ حسینؑ حسینؑ حسینؑ

تازہ کروشبیر کا ماتم حضرتِ زہراکو ہی بہت غم

مومنو تمنی رنج بٹایا حسینؑ حسینؑ حسینؑ حسینؑ

رہبر کامل قتل ہوا ہی فاطمہ کا دل قتل ہوا ہی

خانۂ تنمین ورد سمایا حسینؑ حسینؑ حسینؑ حسینؑ

جانِ مجبان ورد رسیدہ مضطر وبسمل مرغِ طپیدہ

اشکِ الم حورون نی بہایا حسینؑ حسینؑ حسینؑ حسینؑ

نوحہ کرین سب مومن وشیعا مرثیہ پڑہکر روئین ہرالجا

اختر نی یہہ ندبہ بنایا حسینؑ حسینؑ حسینؑ حسینؑ

نوحہ

سکینہؑ کہتی تھین رو کر مری بسیر مری بہائے — علی اکبر علی اکبر مری بسیر مری بہائے

شعاعِ نیّرِ تابان فروغِ کوکبِ رخشان — سمندر شکلِ پیغمبر مری بسیر مری بہائے

سرِ پُر نور نیزی پر دھرا ہی ای مہ انور — پڑا ہی خاک پر پیکر مری بسیر مری بہائے

ہوا سینی کا کیا عالم نہین باقی ہی تنمین دم — روانِ سبطِ پیغمبر مری بسیر مری بہائے

گئی دنیا سی ہے پیاسی کہون کس سی کہ وہ یکہی — خفا ہین ساقیِ کوثر مری بسیر مری بہائے

رخِ شمس و قمر حیران جمالِ مشتری بان — فدا تُم پر مہِ انور مری بسیر مری بہائے

ملا مٹی مین رنگِ تن برا ہی دشت کا دامن — دھرا ہی سر ہی نیزی پر مری بسیر مری بہائے

تمہاری آہ تکتی ہون تڑپتی ہون بلکتی ہون — کھڑی ہی ہون در سی پر مری بسیر مری بہائے

دلِ دنیا و تاجِ دل خدا کی راہ کی سائل — شہِ دین خلق کی افسر مری بسیر مری بہائے

چمک برقِ الم کی ہی تڑپ سینہ مین غمگی ہی — تہمی کیونکر رہے چشمِ تر مری بسیر مری بہائے

دلاسا دو پھوپھی جانکو اوٹھاؤ خاکسی انکو
کھڑی ہین زینبِ مضطر مری بسیر مری بہائے

یعین مجھکو ڈراتی ہین سبھی آنکھین دکھاتی ہین
چھنی ہین کانونکی گوہر مری بسیر مری بہائے

برہنہ سر ہین اونٹونپر حرم باحالتِ مضطر
نہین ہی مقنع وچادر مری بسیر مری بہائے

لگائی آگ آکر ہواہی خیمہ خاکستر
جلایا شاہ کا بستر مری بسیر مری بہائے

کہین تیر و تبر دیکھی کہین روئی شیر دیکھی
کہین ہی نیزہ وخنجر مری بسیر مری بہائے

بہن کی ہوش ہین اب گم سلیمانِ جہان ہی ہم
ہوا مرغِ جگر بی پر مری بسیر مری بہائے

فدائی راہِ حق تم ہو اطاعت خواہِ حق تم ہو
مطیعِ خالقِ اور مری بسیر مری بہائے

ہوئی ہین ظلم جو ہمپر وہ کہنا مو بمو یکسر
بہ پیشِ داورِ محشر مری بسیر مری بہائے

جبین و رو و پا زخمی یعینون نی کیا زخمی
وہ ناحق پر ہین تم حق پر مری بسیر مری بہائے

غضب کی لگ گئی برچھی لیا جسنے تہا مارا
کھٹک ہی سینہ کی اندر مری بسیر مری بہائے

زمانہ ہوتا تہا شش در لہو روتا تہا ابتر
سکینہ کہتی تہین اختر مری بسیر مری بہائے

دفتر سوم دیوان مبارک

تری الفتمین ہر سلطانکو رتبہ ہی گدیکا
سوا تیری کسی ینده ہی دعوی خدا یکا

لگی ہو چوٹ جسکو عشق کی باتونمین اچھی ہو
زبان فی خاصہ پیدا کیا ہی مومیا یکا

نہ مثل مہر تابان ہے نہ شعلی سی مطابق ہی
نیا انداز ہی ای سیتمن رنگ طلا یکا

زبان چشم جانا نسی صدائی اشک سنتا ہون
صدف کو غم ہی ای بحر کرم دری کی جدا یکا

بڑہین داغ جنون کیون نکہ نہ جسم زار کی اوپر
نہایت شک ہی ہو نہ نہ نہ سی کی رسا یکا

قفسمین بند ہی بی بال و پر ہی دم ہر کتا ہی
سبب ہی کو نسا صیاد بلبل کی رہا یکا

بتا دون دین عشق پاک مین دونون گرو ہو نکو
پڑی جب مو من و کافر مین جھگڑا پارسا یکا

صل

سُراغِ میکشان ای محتسب ہوگا تجھی حاصل
کبھی باندھا گیا ہی ہاتھ بہی دُزدِ حنا ئیکا

ترا عتبہ فلک رُتبہ ہی دارا جسکا دربان ہی
جہان قائل ہی ای سُلطان ہما رہی جبہہ سا ئیکا

حلب کا ئیسا اور چینی کہان ہی عکسِ رُخ اختر
یہہ آئینہ تو پر تو ہی تہاری رونُما ئیکا

غزل

رنگِ گُلِ گُلشن کو کبھی یاد نکرنا
ای مرغِ قفس شکوہِ صیاد نکرنا

ای بادِ صبا تجھکو قسم دشتِ جنونکی
خاکِ دلِ پژمردہ کو برباد نکرنا

گُلشن مین سرِ گل سی نہ چھو جائین تیری پاؤن
یہہ بی ادبی بُلبلِ ناشاد نکرنا

دل لیکی مرا کہنی لگا وہ شہِ خوبی
اُجڑا ہوا کشور رہی یہہ آباد نکرنا

مجنون کبھی لیلی سی مرا حال نہ کہنا
مکتب مین کہین شکوہِ اوستاد نکرنا

ایدل یہہ نصیحت کسیے ناصح کی ہی سُنلی
بہولی جو تجھی اوسکو بہی تو یاد نکرنا

روئین جو مری حالیہ جن و ملک وحور | انسا نپہ یہہ جور پریزا د نکر نا

کافی ہی فقط لام سر زلف چلیپا
ہین دستخط اس عرضی پہ اب صاد نکرنا

غزل ۳

تو سلامت رہی دُنیا مین نرگس اکت آرا | تیری شوکت رہی دُنیا مین نرگس اکت آرا

چترِ افلاک بنین سر پہ ہُمائی اقبال | پُر سعادت رہی دُنیا مین نرگس اکت آرا

پائی عمرِ خضر و دولتِ بلقیس سبا | تاجِ عزّت رہی دُنیا مین نرگس اکت آرا

رنگ و بوئی گلِ تازہ بہی ہی اس دوشیزہ پا | پُر نزاکت رہی دُنیا مین نرگس اکت آرا

دامنِ عصمت و عفّت مین ہمیشہ تو پلی | تجہی راحت رہی دُنیا مین نرگس اکت آرا

سایہ پنجتنِ پاک مین پلنا ہو نصیب | با حمایت رہی دُنیا مین نرگس اکت آرا

دورِ شمس و قمر و زہرہ و ناہید ملک | تیری صورت رہی دُنیا مین نرگس اکت آرا

بنتِ سلطانِ جہان وارثِ شہرِ تو قیر
سرِ ثروت رہی دُنیا مین نز اکت آرا

معدن و مخزنِ لعلِ کرم و بوئی جشم
عطرِ دولت رہی دُنیا مین نز اکت آرا

خُلقِ خاتونِ قیامت کے تصدّق مُدام
با مروّت رہی دُنیا مین نز اکت آرا

سایۂ دامنِ اُبوین مین آباد ہو تو
با حکومت رہی دُنیا مین نز اکت آرا

تختِ اقبال و سخا تاجِ سرِ حُسن و وفا
چترِ حشمت رہی دُنیا مین نز اکت آرا

کانپ اوٹھین نامِ مبارک سی گُلِ گلشنِ دہر
روئی صولت رہی دُنیا مین نز اکت آرا

نورِ چشم و جگرِ حضرتِ اختر ہی تو
مہر صورت رہی دُنیا مین نز اکت آرا

غزل

ای طبیبِ جانِ نازک بہرِ درمانِ غم نکہا
کر دوائی درد سب نکلین گی ارمانِ غم نکہا

خوشخرامی سی عجب کیا ہر روش گُل لالہ ہو
سُرخ رو سرسبز کر دیگا گلستانِ غم نکہا

عکسِ روی یار سی تو ہی مقابل ای قمر
اب ترا داغِ جگر ہوگا درخشان غم نکہا

ای اسیر و غلغلہ کرتی ہین زنجیرین عبث
آن پہنچا یہہ مقید تجھین زندان غم نکہا

وہ ہی پروانی وہی محفل وہی عیش و طرب
بزمِ وصلت ہی وہی شمعِ شبستان غم نکہا

خام طینت بزم مین خوش کر کی رولانی لگے
بات پختہ سیکہہ لی خلوتمین نادان غم نکہا

پیشِ اختر چل جواہر مول لی ای جوہری
اب ملین گی دُرِ مضمون قافیہ دان غم نکہا

غزل

پابند دل ہوا ہی تمہاری خیال کا
ہر دم ہی پیشِ چشم تصوّر جمال کا

عقدی کھلی جو گیسوء عنبر شمیم کی
دہوکا تری کمر پہ ہوا ہمکو بال کا

کیونکر لقب نہ قاتل و سفاکِ خلق ہو
نقطہ ہی چہرہ ظلم کا تل تیری گال کا

ای ماہ تیری مصحفِ عارض کی سیر کی
دہوکا ہوا جبین پہ جو ہمکو ہلال کا

صیاد دیکھا جالیکی کرتیسی پیٹ کو
ہر تار مرغِ دلکو ہوا ڈور اجال کا

تقویم سال رفتہ ہوا عشق مہ رخان
اب نے اپنچہ بناؤنگا اس ماہ و سال کا

وہ عارضونکو کہتی ہین آئینہ دیکھکر
دریا بہرا ہوا ہی عبیر اور گلال کا

زلفونسی مار مار کی آواز آتی ہی
بیٹھا ہی گنجِ حسن پہ کالا ہی خال کا

یہہ شوخی یہہ سیاہی مستی یہہ کہان نصیب
شہرا ہی کیا جہانمین چشم غزال کا

بازی جو کھیلی گنجفہ کی تاجدار نی
کبکِ دری غلام ہوا اوسکی چال کا

اُلفت ہی جیسی حسنِ حسینان دہر سی
سیکھلا رہا ہی عشق طریقہ وصال کا

فرصت ہی کب کہ عشق دلِ غیر مین لکھون
طومار ہو چکا ہی فقط میری حال کا

ہوئین جو اس اختر عاصی مین بعد مرگ
دیوی جواب قبر مین پورا سوال کا

غزل ۶

نکہتِ گل کیطرح پیکِ صبا لیجائیگا
شوقِ وصل آپہی مری خط کو اُڑا لیجائیگا

بخش دیگا نامۂ اعمال کو ربِّ کریم
دستِ عصیانمین جو تو اپنا لکہا لیجائیگا

زندگی مین ایک بارہ بہی نہیں دیکہا تجہے
قبر مین دل حسرتِ لعل و طا لیجائیگا

سُرخیِ لب دیکہکر رویا کرونگا قاتلا
بحرِ غم مین مجہکو شوقِ خون بہا لیجائیگا

اُستخوانسی دردِ فرقت کی بہی نہیں جہٹپٹا
کیا کنارِ گور سی کر ہما لیجائیگا

جامۂ عُریان پہنایا ہی عبث ایخضر دون
کیا لگا کر دلکو کوئی خوش قبا لیجائیگا

ساتہہ چہوڑا بہائیون نی چاہِ ذندان ہی نصیب
بہیڑیا اب یوسفِ دلکو اوٹہا لیجائیگا

جادۂ کُفر و ہدایت دیکہکر شل ہوگئی
کعبۂ کوئی بُتان تک کیون خدا لیجائیگا

نامۂ اعمال ہی اختر ترا دیوانِ عشق
چہوڑ جائیگا اسی دُنیا مین یا لیجائیگا

غزل

مری زبانسی پونچھو مزا محبت کا
یہہ خوب جانتی ہی دلقا محبت کا

پڑا ہی پاؤنمین اب سلسلا محبت کا
بنی ہی جال یہہ زلف دوتا محبت کا

جو عقد گوش ہوا اما جرا محبت کا
جڑاؤ بنکی وہ بندہ رہا محبت کا

ہماری موم دلی کا اثر نمایان ہو
بتونکی دلکو مزا دی خدا محبت کا

وہ شاہ حسن بکا لیگا گردنی دیکر
بھریگی دم جو زبان گدا محبت کا

بچیگی جان حزین کسطرح رقیبونکے
رہی گا یوہین اگر سامنا محبت کا

کج ابرو کر کی کیا قتل ایک عالم کو
او گال دیکی دیا خون بہا محبت کا

بڑا ہی ہوتا ہی انجام کار عاشق حسین
کچھہ اچھا نام نہین ہی دلا محبت کا

جہانکی سنگدلی بیوفائی تم مین ہی
ہمارا قلب تو ہی آشنا محبت کا

بندہی ہین دوش سرو دست و پا گرد دل
اسیر زلف ہو نمین مبتلا محبت کا

نصیب فتح ہو یا ہو مجھی شکست اختر
خدا بچائی ہوا سامنا محبت کا

غزل ۸

بیٹھا جاتا ہی دل ای رشکِ مسیحا اوٹھہ جا
تو نی کیون نامہ اغیار چھپایا اوٹھہ جا

مین نہ آؤنگا کبھی جان تری محفل مین
روز کہتا ہی بہری بزم سی اوٹھہ جا اوٹھہ جا

سیدھا چل سیرِ گلستان کو تو ای سروِ چمن
قد و بالا سی ہو اول تہ و بالا اوٹھہ جا

مجھسی کیا پوچھتی ہو جاؤن نہ جاؤن اختر
نہ کہی گا کوئی مجنون اری لیلا اوٹھہ جا

غزل ۹

عارضِ صاف ترا رشکِ قمر دیکھہ لیا
جانسی آگئی جب ایک نظر دیکھہ لیا

روئی ابروی پر سی ہون بچاتا دل پر
چشم نی نیزہ مژگان کی جگر دیکھہ لیا

مشعلِ غم نہین درکار نہ شمعِ اندوہ
خود چلا آؤنگا مین آپکا گھر دیکھہ لیا

نہ جلا خانہ صیاد نہ گل مرجھائی
اب کچھہ ہوگا ان آہونکا اثر دیکھہ لیا

بار کتاب

یار کہتا ہی طمانچی سی تجہی و نیمن جو آب
کیون ری کیون منع کئی پر بہی اوہ دیکہہ لیا

بندشِ ہم مین آجای کوئی پہلو ہو
چشمِ موہوم سی وہ موئی کمر دیکہہ لیا

دونا اندہیر ہی وہ ماہ جبین یاد آیا
چشمِ اختر نی عبث دورِ قمر دیکہہ لیا

غزل

دلِ گویا کو تری عشق نی خاموش کیا
یاد غیرونکی ہوئی مجہکو فراموش کیا

ساغرِ دلکو مری کاسہ مینوش کیا
چشمِ ہشیار نی مجہہ رند کو بیہوش کیا

ایک ہی وار سی گرونکو کیا دونکڑی
سرگرانی تہی مجہی خوب سبکدوش کیا

آہِ پروانہ سی اندہیر ہوا محفل مین
تو نی گلگیر لبِ شمع کو خاموش کیا

یاسمن زارِ صباحت یہہ ترا کان ہوا
ریزہِ برگِ گل تر کو بنِ گوش کیا

آتشِ نالہ دل تیزی اشکِ محرو
گرم پانی نی مرا لختِ جگر جوش کیا

چپ ہوا دل جو ترنی لفکی صورت دیکھے
مرغِ گویا کو رخِ دام نی خاموش کیا

چہرہ و عارض و لب شعلۂ رخ دکھلایا
مجمرِ مہر پہ اختر کا جگر جوش کیا

غزل ۱۱

تو ہی گر غیرتِ لیلیٰ تو یہہ مجنون تیرا
بھولتا ہی نہین دم بھر قدِ موزون تیرا

پیچ دی دیکی بلا مین ہمین ڈالا ناحق
زہر کھلوائیگا یہہ گیسوئی شبگون تیرا

یدِ بیضا کسی کہتی ہین مسیحائی جہان
خلعتِ گردنِ گل ہی کفِ گلگون تیرا

عشق کرنیکا ارادہ تہی کیا عالم ہی
حال ہوتا ہی ریدل جو دگرگون تیرا

طینتِ نیک کی کافی ہی ہمیشہ الفت
کچھہ بہروسا نہین ای گنبدِ گردون تیرا

سرِ مژگان جو مری دلنی مجہی پہنچایا
نوکِ نیزہ پہ بچیگا نہ یہہ مفتون تیرا

مصرعِ مطلعِ اوّل ہی ہی اختر پسند
تو ہی گر غیرتِ لیلیٰ تو یہہ مجنون تیرا

غزل ۱۲

صرفِ وصفِ خال سب نو رنظر ہو جائیگا
شوق تڑپیگا اگر خود نامہ بر ہو جائیگا

رشک کی ماری نہ مرو دیکھا ئیگا ہیر یکا نگ
میرا ہر داغِ بدن عالی گہر ہو جائیگا

آتشِ جلدِ بدن سی دیگ سینہ گرم ہی
مطبخِ نمین شہرہ سوزِ جگر ہو جائیگا

تیز ہی نوکِ نگاہِ عاشق قصرِ بلند
ہی یقین دیوار کو دیکھی تو در ہو جائیگا

تختِ مضمون پر اگر زیبندہ ہو وہ شاہِ حسن
مصرعِ بیتِ ہمایون تاجِ سر ہو جائیگا

زندگی بہر تو نپایا آپکا موئی میان
جب عدم مین جائینگی وصفِ کمر ہو جائیگا

کون سلجھاتا ہی اسکو کون اوجھاتا ہی دل
زلف کا سایہ پری پر سر بسر ہو جائیگا

خوب ہی مجھ سوختہ کو شغلِ شعر و شاعری
شعر ترسی نام اپنا بیشتر ہو جائیگا

چاند کی ٹکڑو نپہ اپنی جان دیتی ہو عبث
نام ای اختر تمہارا بیخطر ہو جائیگا

غزل ۱۳

خضر بھی دشتِ جنون مین چار سو بھٹکا کیا
پائی وحشی سی بیابان عمر بھر بھٹکا کیا

کانکی بالیسی دل جھید کر ہوا ہی خار وا
ناک کا تنکا ہماری آنکھہ مین کھٹکا کیا

ٹھہڑی گلیان مین مکان عاشق گمنام کی
خضر بھی آیا تو میری راہ مین بھٹکا کیا

پائی وصلت دا بکراونکو سُلایا رات بھر
ہاتھہ ڈنڈی نگئی پر دا جھپر کپھٹ کا کیا

چھپکی جا نمین قیبو نپر گرا دیتا وہ در
داربان دل نی ناحق پاس چوکھٹ کا کیا

ہوگئی سہری مضامین شعر نوشہ سا بنا
جب عروس کلک نی مداح گھونگھٹ کا کیا

ہوگیا مجھ سب مخلیں بلاگردان یار
جب زبان دست دلنی کر چٹ چٹ کا کیا

خشم و غصہ چھوڑ دو اچھی نہین نا جنگ
صبح کو پھر تذکرہ راتونکی کھٹ پٹ کا کیا

جب وہ پہلا چوٹ مین مو باف دالا یار نی
کر مک شبتاب ساز لغو نمین دل اٹکا کیا

غیر کی ہمراہ جانا چاہیی تہارا تکو
داربان عشق نی کیون پاس آہٹ کا کیا

پیچ دی کی بنا یا گیسوئی شبتا بکو
مارِ زلفِ یارِ جانی رات بھر سٹکا کیا

جب مجھی نازک قبائی شوخکا دھیان آگیا
فکرِ مضمون کو کمر کا یار کی ٹپکا کیا

کارگر افسون نہ وقتِ صبح غیر ونکا ہوا
رات بھر مارِ سیاہِ زلف سر پٹکا کیا

بدگہہ دیکھا جو ابرو کو تو فوراً یار نی
دستۂ موئی مژہ سی حفظ کہٹ پٹکا کیا

چھو لیا اختر نی جسمِ یار غصہ آگیا
غوطہ پانی کا دیا اور ہاتہہ کو جھٹکا کیا

غزل ۱۴

جو شبکو کوٹہی پہ وہ چاندبی نقاب آیا
چھپا ہلالِ فلک اسقدر حجاب آیا

خیالِ وصلین جب ساغرِ شراب آیا
مجھی یقین ہوا دلمین آفتاب آیا

دلِ برشتہ مرا ہی مجھی یہہ دہیان ہوا
جو بزم می مین کسی گوشت کا کباب آیا

بہلا سلائیگا کیا یار کو یہہ دفترِ عشق
کہانی سُنکی مری قصہ خوانکو خواب آیا

پڑی تو اوس مگر نا مکونی نہ ملی
چمنمین رات کو کیا رشکِ آفتاب آیا

نہ ٹوٹین شیشہ و ساغر صراحی چور نہو
الٰہی خیر ہو وہ مستِ بیحجاب آیا

مین آپ کٹ گیا دلمین سو ان بوسی
زبانِ تیغ ادا سی مرا جواب آیا

بتو نہ ظلم کرو بیشمار بند و نپر
غضب ہوا جو خدا بر سرِ حساب آیا

مرا مشاعرہ سب مجلسِ عزا سمجھی
جو کوئی آیا وہ بادین پُر آب آیا

جہانمین موجِ مئی ناب بھی فنا ہوگی
نمونہ نیستی کا ساغرِ حباب آیا

الٰہی خیر چمن ہو خزان نہ پھر آئی
شکار کھیلنی گلزار کا سحاب آیا

شعاعِ رخسی جلی چشمِ خوش سی صید ہوئی
سیاہ گیسو و نسی دلمین پیچ و تاب آیا

ہوئی ہی قتل ترپنی کی قتل کر کی مجھی
سمجھہ مین یار کی اب لطفِ اضطراب آیا

نمود خط ہوا چہرہ پہ یار جانی کی
جوانو مژدہ کہ وہ عالمِ شباب آیا

گئی بہار نکر الفت زن و فرزند
خزان چمن مین ہوئی موسمِ خضاب آیا

بدونکی واسطی ہر جا بدی نمایان ہی
گڑا جو مُردہ بد قبر پر عذاب آیا

ہوس بہی خاک غلامِ ابو ترابکی ہی
زمین مین طفلِ تمنا کو گاڑ داب آیا

نہ دورِ مہ مین رہا کر تخلّص اختر ہی
چڑہا اسی بہی اگر جامِ آفتاب آیا

غزل ۱۵

ظلمتِ زلفِ سیہ نے سانپ اندہا کر دیا
میری آہِ دلنی گیسو تیرا کالا کر دیا

اشکِ چشمِ عشق نی صحرا کو دریا کر دیا
نارِ آہِ تیز نی دریا کو صحرا کر دیا

آبروئی اشک ہجائیگی ای بحرِ کرم
خالقِ بطنِ صدف نی دُر تو پیدا کر دیا

وہم مین مُرغِ تصوّر کی نہ آئیگا کہی
ہمنی مضمونِ میانِ یار عنقا کر دیا

اس کفِ پا پر نزاکت ختم ہی ای نازنین
پاؤن رکہکر سنگ کو روئی کا گالا کر دیا

لعل بندش کیون نہو زیبِ جبینِ ہمان
گوہرِ مضمون کو بہی گر دنکا مالا کر دیا

عاشقونکو حشر دکھلانی لگی رفتارِ یار
کیا قیامت اوس خدا نی قد و بالا کر دیا

کیون مطیعونکا نہ دل بڑہ جائی سیرِ باغ مین
داغِ نافرمانِ مری گلگونی لالا کر دیا

کسطرح سوجہیگا اختر پیٹ اوس مہتاب کا
جالی کی کرتی نی چشمِ دلمین جالا کر دیا

غزل ۱۶

بہار باغبانِ گلشنمین پر تو ہی کسی گل کا
مرا مضمونِ تازہ فصلمین چہرہ ہی بلبل کا

بیاضِ رخسی آئینی کی قلعی کھل گئی بالکل
سوادِ زلف پر دہو کا ہوا ہی مجھکو سنبل کا

کج و الجھ جو ہو کر توڑتا ہی ٹیڈیان اپنی
پڑا ہی سانپ کی سینی پہ ہی داغ اوسکی کاکل کا

فقیری فخر شاہان تہی قول احمد کا ہی امدل
بڑا ہی تخت سلطانسی کہین پایہ یو گل کا

جو تو آئی بغلمین جشنِ شاہانہ مرتب ہو
ندیکھا آنکھ نی اتبک کوئی جلسہ تجمل کا

نہ لگ غیرونکی مونہہ صابر ہی شاہی دل عاشق
بڑا رتبہ ہی ایسی وقت مین صبر و تحمل کا

اوٹھو میخانہمین اختر چلو کیفیتین دیکھو
کہین ہی شورِ قُم قُم اور کہین نغمہ ہی قُلقُل کا

غزل

بجیائی سی نازک ہی ایجان تیرا
اب چھو نہین سکتی ہم ہو لا یہہ چمن تیرا

آنکھین سرِ نرگس ہین رُخسارِ گل ہین
چٹواتا ہی ہونٹہونکو یہہ سیبِ ذقن تیرا

ناخن تری سورج ہین اور چاند ہتیلی ہی
آئینہ خوشرو ہی شفاف بدن تیرا

دندان تری موتی ہین خورشید سا ماتھا ہی
دُر جھڑتی ہین باتونمین ایسا ہی دہن تیرا

مفلس لبِ رنگین کی بو سونپہ ہوئی مائل
خونکرتا ہی شاہونکی یہہ ملکِ ہین تیرا

اینڈا ہی عبث قدسی باغی ہوا گلشنمین
پچھہ پاس نہین کرتا یہہ سرو سمن تیرا

گہن غمکا کہرونپر ہی کہوٹونسی محبت ہی
کب بہائیگا اختر کو ایجان یہہ چلن تیرا

غزل ۱۸

جب کوئی پردہ نشین لکھنی میں پایا جائیگا
خامہ تک مثلِ عروسِ تازہ شرمایا جائیگا

دیکھونگا جوشِ جوانی جب کسی تیر اک کا
میرا دل موجونمین بہرِ غسل دریا جائیگا

آنکھونسی جھاڑونگا فرش و خار فرشِ صاف پائی
سر قدم کر کی چلونگا مین جو تو آجائیگا

مشفقو زنہار لوا وٹھو تماشا دیکھنی
کوئی یار نیک سی عاشق کا مُردا جائیگا

کنجِ خلوت مین قناعت گر کرونگا ایجنون
دست و پائی عشق سی دامانِ صحرا جائیگا

سوزشِ آہِ جگر سی اشکِ تر بہی خشک ہن
ندیان سوکھینگی تا چرخ اپنا نالا جائیگا

الحذر ہندو بچو یہہ سرد مہری چھوڑدو
آتشِ خسی مُسلمان بہی جلایا جائیگا

اختر اب زندانِ زلفِ یار سی ہلی گا دل
وحشی اک زنجیرِ گیسو مین پہنسایا جائیگا

غزل ۱۹

دستِ خوشمین جب لگے منہدی ہمارا خون ہوا
جان عاشق کی گئی جب روئی پا گلگون ہوا

لشکرِ ناز و ادا نی مار ڈالا شاہِ حسن
دستِ رنگین سنی نازُ نفکا شبخون ہوا

کیا کریگا منع وہ شُربِ اب نابکو
قاضی بزم میکشی مین آپ پر مفتون ہوا

لیلئ قبلہ نما کیون ہو نہ مرغِ اضطراب
سجدہ گاہ چہرہ وحشت چہرہ مجنون ہوا

طالعون نے پست کی آخر بلندی حرص کی
دفن ہمراہ خزانہ آپ بہی قارون ہوا

محملِ غم مین ہی روئی لیلئ عقل و خرد
اخترِ ذیہوش تک بہی عشقمین مجنون ہوا

غزل

فنِ عشقِ یار مین تہہ بدر کو حاصل ہوا
پُر شعاع و پُر ضیا پُر ضومہ کامل ہوا

پھر جوانانِ چمنکی ہو گی مقتل مین بہار
گُل فشان ہر سب پہ نخلِ تغسی قاتل ہوا

شانہ کر کی گیسو رخسارونپہ کیون بکہرا دیی
آئینو نمین بال ڈالی اس سی کیا حاصل ہوا

چار چیزین بانئ انسانِ خاکی ہین مگر
پانچوان عشقِ صنم عنصرمین کیون داخل ہوا

آبِ ندان و دام حرص کا جب مچھلی پانی سے گیا
ماہئ بیتابی کی مانند میرا دل ہوا

اسکو غرّا تہا نہین میری برابر دوسرا
عاشقونمین ماہ کی اختر بہی اب شامل ہوا

غزل ۱۱

دلِ زار کو رشکِ بہار کیا تجہی کچھہ بہی ہمارا الم نہوا

ملا کونسا داغ جگر کو مری کہ جو دلمین بجائی درم نہوا

مین غنی تہا گدائی فراق ہوا مین فقیر تہا عشق مین طاق ہوا

پڑا صدمہ یہہ مجہپہ کہ شاق ہوا دلِ یار مین اسکا الم نہوا

دلِ زار جو عشقمین زار ہوا نہین راہ سی وین کی خبر بہی ذرا

رہا دیر ہی مین اری بُت یہہ سدا کبہی آنکی شیخ حرم نہوا

تنِ زار کو عشق کا داغ دیا مری دل کی بہلنی کو باغ دیا

جبھی بزم مین گرم ایا غ دیا مری جلنی کا تجھکو الم نہوا

مری مونہہ مین زبان نہین شکرِ خدا سُنین قابلِ گریہ ہی حال مرا

بڑھی آپکی دیکھی یہہ جور و جفا وہ ستم جو قدیم تہا کم نہوا

کبھی سر کو جو نیچا کرتی تہی ہم سو وہ آن پڑا تری زیرِ قدم

تری سر کی قسم تری پا کی قسم کسی اور کی آگی یہہ خم نہوا

دل و جان سبی فدا تہا جو تجھپہ ضنم گیا عشقمین وہ سوی ملکِ عدم

بہلا اور کا شکوہ تو کیا کرین ہم کہ گذرنیکا تجھکو بہی غم نہوا

کراب اختر زار تو بند دہان نہین مونہہ مین تو قابلِ شعر زبان

اوٹہی یا رہی پاس سبی گریہ کنان تری دیپہ بہی کیا کیا الم نہوا

غزل

رفتہ رفتہ کلک سی وصفِ کمر ہونیلگا
نخلِ قامت پہر تمہارا پُر ثمر ہونیلگا

پہنس گئی دنیائی ہر نمین ہزار دامِ بلا
فاختہ سی مجکو اب خوف و خطر ہونیلگا

پونچھہ لینا تو گلی سی اس چہرہ کی تیزیان
پھر تجہی مرغِ سحر وہم سحر ہونیلگا

قائلِ دستِ خدا کیونکر نہو سارا جہان
تذکرہ حُسنِ صنم کا در بدر ہونیلگا

بنگیا الماس بہی اک قطرۂ آبِ مژہ
اشکِ چشمِ سیمتن عالی گہر ہونیلگا

کسطرح دلکو سنبہالون کسطرح مونہہ پہیرون
لُطف غیر و نیر مری پیشِ نظر ہونیلگا

حُسن سی تم عشق سی مین ایسی پڑی تنگ ہون
تذکرہ میرا تمہارا در بدر ہونیلگا

کب رُکی اختر سی تیغِ ابروئی جانان کی چوٹ
سامنی تلوار کی دل خود سپر ہونیلگا

غزل ۴۳

عارضِ صافی اوس گلکی چمن یاد آیا
زُلفِ خوشبوئی پریروسی ختن یاد آیا

چو کڑی چشم سی ہوئی تو ہرن یاد آیا
وصفِ لبہائی عقیقی سی یمن یاد آیا

صورتِ مرگ نظر آگئی رخسار و نسی
دیکھکر خنجرِ ابرو کو کفن یاد آیا

کاشغر کا نہ منگائین یہہ سفید اجراح
زخمیِ زلف کو اب مشکِ ختن یاد آیا

کیا مُعمّا تہا کہ ثابت نہوا ساری عمر
دُر کا سُوراخ جو دیکہا تو دہن یاد آیا

عشقِ پستہ ہوس سیب تمنائی گُل
لب و رُخسار و دہن وقتِ سخن یاد آیا

نرہی گا نرہی گا بلدِ غُربت مین
اختر زارکو اب اپنا وطن یاد آیا

غزل ۴۴

رُخ اپنا ہمکو دکہلایا تو ہوتا
ذرا سورج کو شرمایا تو ہوتا

مری دُل کا پتا ملتا اونہین مین
ذرا زلفونکو سُلجہایا تو ہوتا

مُجہی کو واعظا پند و نصیحت
کبہی اوسکو بہی سمجہایا تو ہوتا

جو اپنا جانکر مارا گلہ کیا
مگر مرقد پہ تو آیا تو ہوتا

سرِ سیخِ مژہ مین دل پرو کر
کبابِ پُر نمک کھایا تو ہوتا

سمجھتی عشق پیچان اوسکو بلبل
کمر نی گل کی بل کھایا تو ہوتا

تبھی کھل جاتی اختر سوزشِ عشق
کوئی گل ہاتھہ پر کھایا تو ہوتا

غزل

دبیرِ حسن تو گلشن مین خوش قرنیہ ہوا
بہارِ عشقمین مین لوندکا مہینہ ہوا

ہوا ہی زلف کا خم حقہ فلک سی نصیب
ہمارا چنبرِ گردن جو بی قرنیہ ہوا

پڑا جو عکسِ رخِ صاف تا بکب آئی
ہی قلب وادی امین تو طور سینہ ہوا

مین تیری مصحفِ رخکی کرون جب سیر
ہلال ابرو ترا خوش سی نیا مہینہ ہوا

ہزار طرح طبیعت کو مینی بہلایا
جو عشق تجھسی تہا ایسا جان وہ پہرہی نہ ہوا

مجھی ہی مغبچہ میخانہ مین درآنی دی
فقیر ہو نہین مرا نام شاہ مدینہ ہوا

یقین ہی روزِ قیامت کو اپنی بخشش کا
نبیؐ کی دہیا نہین اختر کا دل مدینہ ہوا

غزل ۲۶

کچھہ لطفِ خوشی ہی نہ مجھی خوف الم کا
حسرت ہی نہ راحت کی نہ دہڑکا ہی ستم کا

حیران ہون نہین ان دو نو نہین ترجیح کسی دون
ہستی کی تمنا ہی نہ کچھہ خوف عدم کا

مستونسی ہیران فلک رہتی ہین غافل
احسان یہہ عشاق پہ ہی اہلِ قلم کا

جھکتا نہین تعظیم کو غیرونکی دمِ جنگ
افلاکسی ملتا ہی داغ اپنی علم کا

مین زخمیِ الفت جو گیا چاند نہین باغ
تہا برگِ گل تر پہ گمان ریزۂ سمکا

دانتونسی ہو اکشتۂ الماس یہہ عاشق
بچتی کہین دیکھا ہی نہین سودۂ سمکا

نیچہ ہوا آہِ دلِ ناشاد سی لاغر
مجھہ سوختہ سی پونچھی کوئی لطف جلمکا

الله نی وہ دولتِ صورت اوسی دی ہے — دُنیا مین ہی محتاج سخی اوسکی کرمکا
شبدیز مژہ خامۂ مشکین نی جو لکھا — اب عشق سوار ونمین نیا رنگ پہہ چمکا
مجھسی مری اشعار کو کیونکر نہو زینت — زیبائشِ سُلطان ہی نقشا ن طبل وعلمکا
رندانہ بسر کرتا ہون دُنیائی دنی مین — پابند رہا مین نہ کبھی دیر وصنمکا

جسنی ہمین دیکھا نہو وہ دیکھہ لی اختر
اپنا علمِ عشق رُخِ مہر پہ چمکا

غزل ۲۷

کعبہ جسی سمجھی ہین وہ بتخانہ ہی اوسکا — شقِ مہ تابان ہی اک افسانہ ہی اوسکا
ہر عاشقِ دل سوختہ دیوانہ ہی اوسکا — وہ شمعِ تجلی ہی پہہ پروانہ ہی اوسکا
مجنون قدمِ عشق ذرا غور سی رکھنا — ای پائی جنون دیکھہ یہہ ویرانہ ہی اوسکا
نورِ سحر صاف تو ہی خندۂ مہرو — شب جسکو سمجھتی ہین وہ شرمانہ ہی اوسکا

دن رات کھلا جیسی رخ و زلف کو دیکھا
شمعِ سحری وہ تو یہہ پروانہ ہی اوسکا

زلفون مین وہ کرتا ہی دلِ چاکسی کنگھی
جو آئینہ اپنا ہی وہی شانہ ہی اوسکا

سودائی ہوئی دیکھہ کی پھر ہوش نہ آیا
زلفون کا اوبھنا ہی اک افسانہ ہی اوسکا

پہلی ہی کیا تیغِ ادا سی اوسی ٹکری
بازارِ محبت مین یہہ بیعانہ ہی اوسکا

کیونکر نہ ہی دلمین مری یار کا جلوہ
ای ہمنفسو دل نہین یہہ خانہ ہی اوسکا

مین جمع کرون ہجر مین کیونکر نہ زر و داغ
لی ای دلِ نادان یہی جرمانہ ہی اوسکا

کیون دلمین نہ خاک اختر بیتاب اوڑائی
اس کونچی مین کھویا گیا جانا نہ ہی اوسکا

غزل ۴۸

جو طبیعت مین مری تہا سب پہ حالی ہو گیا
مصرعِ اسفل مین یہہ مضمون عالی ہو گیا

ابلقِ ایام کی گردش یہہ ہی ایشاہِ حسن
کیون نہ گھوڑی کو دین فرمان بحالی ہو گیا

کیا نزاکت ہی کہ جیسی سیرِ گلشن کو چلی
ہاتھ سارا آپکا پھولونکی ڈالی ہوگیا

رحم کر ایشاہِ خوبی درگذر تقصیر سی
قید یونہی آج ختمِ زار نالی ہو گیا

مدحِ وندا نسی بڑھی ہی آبروئی شعر ہی
مصرعِ دیوان ہر اک سلکِ لآلی ہوگیا

کیون نہ دہلایا کری ہر ہر غزلمین آسمان
اخترِ خوش لہجہ اب رشکِ ہلالی ہوگیا

غزل ۲۹

محبت کا بندہ بنا لیجئی گا
مرا دل ہی نامِ خدا لیجئی گا

دل وجان و روح وجگر تن ہی حاضر
بتا دیجئی ہمسی کیا لیجئی گا

قسم کہا کی غیرونمین مجھکو بٹہایا
کلامِ خدا کیا اوٹہا لیجئی گا

ابہی امتحانِ محبت نکیجی
کبہی تنغسی آزما لیجئی گا

مجہی قتل کیجی یہہ ہی سرخروئی
مری خونسی منہدی لگا لیجئی گا

مری ٹکٹکی دیکھکر یار بولا
نگاہونمین کیا مجھکو کھا لیجئی گا

جو بیٹھی کوئی بلبل زار اس پہ
گلِ شاخِ ترکو اوٹھا لیجئی گا

مری اشک ریزی پہ خندہ زنی ہو
مین رو تا ہون آپہی ہنسا لیجئی گا

نہ قلب اور نہ جھوٹی نہ جھوٹی محبت
کسوٹی پہ اسکو چڑھا لیجئی گا

اگر چھوٹ جائی لگاوٹسی صاحب
تو مٹھی مین دل کو دبا لیجئی گا

اگر لی چلی حسن منزل مین دل کو
رقیبو نسی اسکو بچا لیجئی گا

بڑھی بزم اغیار مین قدر عاشق
جو اوٹھون تو مجھکو بٹھا لیجئی گا

ارادہ اگر سیر بازار کا ہو
مجھی سامنی سی بلا لیجئے گا

خفا کیجئی اب نہ اختر کو صاحب
یہہ دل لیجئی اور کیا لیجئی گا

غزل ۳۰

مرا پتلا بنا دی ایخدا اُلفتکی مٹی کا
بتونسی تا نہ رہجائی کوئی پہر حوصلہ جی کا

نہ آئی لب تلک اظہارِ اُلفت اسمین جو کچھ ہو
بہرم لاکھونکا رہجاتا ہی صاحب مُنہ مُٹھی کا

وہ آئینہ نہین جو مونہہ دکہائی جیش کا ہمکو
یہہ دُنیا جائی رفتن ہی فقط دہوکا ہی مٹی کا

چراغِ حُسن اب روشن رہیگا بزمِ عالم مین
بہا ہی تیل ہوکر عشقمین گو داہنی بٹی کا

تری موئی میانسی آنکہہ وہی صاف کہتا ہون
مری تارِ نظر مین بل پڑا ریشم کی گچھی کا

تو ای پیرِ مغانِ شیشہ کا مونہہ مونہہ سی ملائی اب
ہماری طفلِ دلکو ہوگیا آزار پسلی کا

بہت گردش بہی کی ساتون فلک کی سیر بہی کے
ستارہ لاؤ اوپر سی کوئی اختر کی ثانی کا

غزل ۳۱

چاکِ دامانسی ملا چاکِ گریبان اپنا
آگی اب دیکہئی کیا ہو سر و سامان اپنا

فکرِ دندانسی جو دیوان مین بکہری ہین موتی
پاس تیرے ہین بہت لعلِ بدخشان اپنا

خفقانیکو مناسب نہین قیدِ گیسو — دل کہلائیگی بہت سیرِ گلستان اپنا

کانپ جاتا ہون جو سُنتا ہون کہ وہ گھر مین نہین — دل لرزتا ہی بہت بہرِ زمستان اپنا

پھول تک یادِ رُخِ یار سی کھل جاتی ہین — صرصرِ غم سی خزان ہی چمنستان اپنا

سرد مہری نکرو گرم کرو پہلو سے — کیا یونہین گذریگا ایجانِ مستان اپنا

جمگھٹا رہتا ہی نروزون مضامین کا بہت — طائرِ شمس سی بالا ہی پرستان اپنا

لاکھہ صورتسی اسی روز زمین سمجھاتا ہون — اب نہین مانتا ہرگز دلِ نادان اپنا

صیدِ تیرِ سرِ مژگانکا جو آتا ہی خیال — لوٹ کر کہتا ہو نمین ہی دلِ بریان اپنا

مین تو سردارِ شہیدانِ جہان ہون قاتل — پاس کرتا ہی بہت گنجِ شہیدان اپنا

دردِ سر گرچہ نہوتا تو وہین جاتی ہم — آستانیکو تری جانتی درمان اپنا

تاک مین رہتی ہین ہر روز یہان موسیقا — کم نہین مہرسی ہرگز دلِ سوزان اپنا

اسی گلزار کیا اوسمین بہری ہین کانٹے — کیون نہ مدّاح رہی باغ و بیابان اپنا

روئیگی پھوٹی گی بہ جائیگی جل جائیگے — سر و ہنا کرتی ہی ہر شمعِ شبستان اپنا

پانوں پھیلانیکو دیتا نہیں ہو رسمی زمین — کیا بُرا نام کیا گنبدِ گردان اپنا

بوسی لو مصحفِ عارض کا اشارہ ہی ہی — جسکا جی چاہتی ہی وقف ہی قرآن اپنا

چاند نیمیں مرا خورشید نکل آئیگا — مونہہ دکھانا نہ اوسی ماہ تابان اپنا

رند مشرب کا گذر ہوتا ہی چھپ جانیمیں — دین پوشیمیں ہی گبر و مسلمان اپنا

افسرِ داغِ جنون تختِ بیابان پہ ملا — ڈھپ گیا تاجِ الم سی سرِ عریان اپنا

باغبان تو ڑنہ لی چونچ نہ بلبل کی لگی — ابتو پوشیمیں کہ وسیب زنخدان اپنا

یوسفِ دہر ہی تو اور مہ کنعان ہی تو — ای عزیز آج تو دی چاہِ زنخدان اپنا

خاک چھانی تو بہت پایا نہ گلزار و نمیں
اختر زار کہان ہی گلِ خندان اپنا

غزل ۳۴

صدقے خدا کی سُرخ رُخِ مُدّعا ہوا
تم گھر مین آج رہگئی مطلب روا ہوا

تم مہربان نہی تو سبہی مہربان ہی
تم کیا خفا ہوئی کہ زمانہ خفا ہوا

پُر نُور میرا خانۂ دل ہی چراغ سی
روشن ہی داغ عشق تمہارا دیا ہوا

ہونٹہہ اپنی چاٹتی نہ رہین کسطرحسی ہم
لطفِ دہانِ یار سی لُب پُر مزا ہوا

خونِ شہید ناز سی جامہ ہی لال لال
ہاتہو نمین خوب رنگِ حنا ہی رچا ہوا

کوچہ ہر ایک رشکِ گلستان بنا دیا
نکلا جدہر سی ہو لو نمین وہ گُل بسا ہوا

مرہم کوئی لگائی جو دو چار داغ ہون
اختر کا تن تو سر سی ہی پا تک جلا ہوا

غزل ۳۳

ہمسفر خالی چلی کیا عید مین غم ہو گیا
ہائے جانِ محزون سی محرم ہو گیا

آصفِ حُسن پریسی سکۂ اُلفت ملا
کونسا جاری زبانپر اسمِ اعظم ہو گیا

زندگی گذری امید وصلت صیاد مین — مرغ بی پروا م زلف شب مین سفید م ہوگیا

ابرو و لدار پر ہپتی مری دلنی کہی — سرو باغی عجز سی آنکہو نپہ پر خم ہوگیا

ای سلیمان جہان فرمان الفت حسن ہی — کیا مٹی گا داغ دل یہہ نقش خاتم ہوگیا

کیون ڈراتا ہی جفا سی ای جہان پیر زال — کیون مٹاتا ہی ہمارا نام رستم ہوگیا

الحذر اب انقلاب دہر کہتی ہین اسی — صورت غم مجسمی ہی مین صورت غم ہوگیا

میرا دیوان نہی جہان مین افسر جمشید ہون — جام کی ایجاد سی مشہور وہ جم ہوگیا

داغہائی ہجر کا کسطرح ہوتا التیام — آب چشم عاشقان زخمون کا مرہم ہوگیا

زندگی تہی جبتلک بی فکر تہی اوس یار کی — وہم گیسوئی سیہ عشاق کو سم ہوگیا

کیا ہوا گر عشق مین تیری لٹا ملک اوہ — اک گدا اونا سا ابراہیم ادہم ہوگیا

کوہ مروہ تک پہنچ جائینگی ہم ای صفا — آب اس چاہ ذقن کا آب زمزم ہوگیا

کونسی بدخواہ نی اختر اونہین بہکا دیا — آنا جانا آجکل اونکا بہت کم ہوگیا

غزل ۳۴

زور سی غیر نی اگر در جانان مارا
دیو نی مونہہ پہ مری تخت سلیمان مارا

مجھپہ شہر نہ کوئی پھینکا مجنون نہ شیدا
کسنی استاد کو ای طفل دبستان مارا

چاہ مین تیری عزیز و نسی چھٹا ای یوسف
دلکی داغون نی مجھی ماہ درخشان مارا

تا قیامت مین ٹٹولا کیا اپنا مرقد
اس سیاہی نی مجھی ای شب ہجران مارا

جرم و تقصیر و گنہہ افعی موباف کا ہی
کوئی کوڑا نہ انہین کا گل پیچان مارا

ان نگاہونکی لئی ہمسا بہا دردہو ہمدرد
دلکو مارا تو کوئی رستم دستان مارا

آہ سوزان سی جلا کر ابہی پھونکونگا تجھی
کوئی پروانہ اگر شمع شبستان مارا

باغبان وقتی ہین کیا سحر ہنسی مین دیکھا
نیلا پھول تہا کسکو گل خندان مارا

بھول جائیگا سبق الفت لیلی کا ابہی
مجھپہ مجنون نی اگر سنگ بیابان مارا

ہاتہہ سی تیغ اوٹہانا تہا نزاکت پہ گران
نیمچہ آنکہہ سی ای رستم دوران مارا

قاتلِ عالم وسفاکِ جہان ہی امی
کوئی تلوار سی ہی اخترِ تابان مارا

غزل ۳۵

کوہِ صبر اب نہ مری پاؤن سی ٹل جائیگا
چوٹی پکڑونگا بھلا کیا وہ کچل جائیگا

آج چتون تو نظر آتی ہی ہمکو سیدھی
پر کہین آپکی کاکل کا بہہ بل جائیگا

رازِ افشا نکرونگا کبھی آنکھون سی مین
شررِ آہ سی آنسو مرا جل جائیگا

شمع رو تو نہ کبھی پوچھیگا عاشقکی بات
گرمیِ حسن سی سب جسم پگھل جائیگا

گھر مری شکِ مسیحا کا شفاخانہ ہی
دلِ بیمار وہان جاکی سنبھل جائیگا

کوچۂ یار عبث دلکو دکھایا مینی
کیا سمجھتا تہا وہان جاکی مچل جائیگا

شعر گوئی مین مرزا ایسا ملا ہی اختر
مرتی مرتی نہ کبھی شوقِ غزل جائیگا

غزل

غزل ۳۶

ہماری سامنی جب شوخِ مہ لقا آیا
گلی لگالین یہی دلمین بارہا آیا

پڑا ہون جان نہین تنمین جانسی آئی
بہارِ باغسی کیا قاصدِ صبا آیا

لگائی مسّی تو برسیہ جہانمین اوٹھا
چبا کی پان وہ قتّال خون بہا آیا

خدا خدا کرو کہتی ہو کیا خدا سی ڈرو
ہٹو رقیبو وہ بُت برسرِ جفا آیا

کبھی تو برقسی چشمک زنی مُیسّر ہو
سُنا ہی ابر کو رونیمین وہ ہنسا آیا

اوٹھو اوٹھو چلو محفل بڑھاؤ رات گھٹی
غضب ہوا جو یہان مین جگر جلا آیا

ہزار اختر مہر ونثار ہوینگی
جبین انپہ وہ افشان اگر جا آیا

غزل ۳۷

زوالِ حُسن سی مین صاحبِ کمال ہوا
سیاہ کاریسی میرا سفید بال ہوا

بڑہی جو داغِ بدن باغ ہوگیا دلِ زار
مین اپنی یار کی آنکھونمین خوب شجمال ہوا

وقار بڑہ گیا اور مرتبہ بلند ہوا
ضعیفی مین مجہی حاصل بڑا کمال ہوا

فقیری جاتی رہی دیدروئی گلشن سی
گلونکی زرسی مین ای باغبان نہال ہوا

خوشی سی طاقتِ دل ساتہہ چہوڑدی ہی
ضعیفی دیکہہ کی اپنی ہمین ملال ہوا

اونہین بہی اپنی جوانیسی شرم ہی اختر
ہمین بہی اپنی ضعیفی سی انفعال ہوا

غزل ۳۸

عجیب کوچہ ہی اپنی جی کا کہ پاؤن ٹکتا نہین خوشی کا
پتا نہین اسکی دل لگی کا یہہ دل ہی معشوق ہی کسی کا

بہشت سمجہا ہون حکم حقکو حبیبِ حق ہی رسولِ خوشخو
خلافِ حکم نبی ہوا جو وہ بن گیا طوق لعنتی کا

ستم ہی تیرِ مژہ کا دہاوا کہ گوشہ گیرونکا مونہہ پھرا یا
کمان ہی کر رہی ہی شکوا ہماری قاتل کی بیرخی کا

اگر ہی اختر سی تمکو لگا بتاؤ اُلفت کا اوسکو رستا
ہزار سی کر رہی ہو شکوا خیال ہی کچھہ بُری بھلی کا

غزل ۳۹

نورِ دل اوس مہ کامل مین جو پایا نگیا — مرگیا ہجر مین مین داغ اوٹھایا نگیا
ہجر کا ذکر کبھی مونہہ سی سُنایا نگیا — جگرِ عاشقِ دلسوز جلایا نگیا
ٹھوکرین کھلاتا ترا سامنا کیونکر کرتا — پاؤن شل بجبک کی تہی راہ پر آیا نگیا
خواب خرگوش ہی غفلت مین پڑی ہین یہ رقیب — بخت بیدار کو عاشق کی سُلایا نگیا
زہر پلوا دیا زلفون سی چھڑا کر مجھکو — تجھسی امرت کا نوالہ بہی کھلایا نگیا
ہاتھہ مل مل لئی اوس فتنۂ عالم نی — عطرِ مجموعہ سی خو د کو جو بسایا نگیا

جس سی چوکا وہ بچا جس پہ پڑا مر ہی گیا
تیرِ مژگان کبھی بی تو وہ لگایا نگیا

کوچۂ یار مین ڈھونڈا بہت اختر مینی
ایسا کھویا گیا دل میرا کہ پایا نگیا

غزل ۴۰

حسرتِ جلوۂ دیدار نی سُونی ندیا
رہی بیدار رُخِ یار نی سُونی ندیا

جان عاری ہوئی تڑپا کیا دل ساری رات
تیغ نی تیر نی تلوار نی سُونی ندیا

فتنۂ عشق کا شب بھر رہا کھٹکا مجھکو
یادِ مکّار نی عیّار نی سُونی ندیا

مین نکرتا تہا کبھی اوس بُتِ ہندو سی پتا
دم گھُٹا رشتۂ زنّار نی سُونی ندیا

کوچۂ یار مین میلا سا لگا رہتا ہی
غوغۂ مردُمِ بازار نی سُونی ندیا

زیرِ ابرو کبھی پلکون نی راحت پائی
تیر و نکو دستِ کمانذار نی سُونی ندیا

رات بھر چشمِ سیہ کار ہا سودا اختر
وہم ابرو و رُخِ یار نی سُونی ندیا

غزل ۱۴۱

بلاءِ دل جو بگاڑا بنائیگا پھر کیا
اُجاڑتا ہی رعیّت بسائیگا پھر کیا

شعاعِ حُسن سی حیران ہوگیا دلِ صاف
یہہ آئینہ مرا چھرا دکھائیگا پھر کیا

کُچل نہ سنگِ تظلّم سی شیشۂ رنگین
جو دل ہی پس گیا مہندی لگائیگا پھر کیا

رقیب پنچکی پروانہ تیری محفل مین
چراغِ حُسن مرا دل جلائیگا پھر کیا

بھڑک بجھی نہ کبھی عشق شمعِ الفتکی
جو دل خموش ہوا لَو لگائیگا پھر کیا

ہماری بازو نکھینچی گئی رقیبونسی
اُڑی ہین پہ تری ہم ہٹائیگا پھر کیا

ستانہ دلکو بہری بزم مین تو ای ناصح
جو تُجھسی روٹھہ گیا یہہ منائیگا پھر کیا

گلونکی چہلی سی ہرگز نہ شرطِ الفت ہو
جو قول ہار گئی ہاتھہ آئیگا پھر کیا

سحابِ عشق سی یا ہر ہوا فلک پہ اگر
تو چاند چوہوین کا مونہہ کہائیگا پھر کیا

شبِ وصال مین بیداری ہی نصیب رہی
جو سُو گیا مرا طالع جگائیگا پھر کیا

سخاوت ایسی تو اچھی نہین ہی ای اختر
جو دل ہی دیدیا اوسکو لٹائیگا پھر کیا

غزل ۴۲

جو رویا یاد مین دانتونکی آبدار ہوا
ہر ایک آنسو مرا دُرِّ شاہوار ہوا

نشیلی آنکھون نی بیہوش کر دیا دلکو
پیا جو جامِ محبّت مجھی خمار ہوا

جہانکی ختم نزاکت ہی تجھپہ دریا دل
جو انگیہ پہنی حبابونپہ اک فشار ہوا

رقیبو سوجہا ہی مضمون نو پرانی ہو
ہمارا شعر زٹل قافیہ شمار ہوا

خدا پناہ مین رکھی فصیحو توبہ ہی
وہ یاوہ گو تو تہا اب اور بادہ خوار ہوا

عجیب حُسن یہہ ہی نور و نار مین ہی ہم
جگر پہ لمعہ ہوا برق مین شرار ہوا

تڑپ ہماری پہنچکر نبی ہی صورتِ برق
صعودِ آہ سی سیماب بیقرار ہوا

جوانون حُسن نہ مکا چھپاؤ اختر سی
شروعِ موسمِ پیرمین عشق یار ہوا

غزل ۴۳

پھر خیال اس مطلب عنقا کو ہی شہباز کا
صید ہو کر نام ای صیاد ہو جانباز کا

دام زلف یار چھریرے پہ پھیلا دیکھا جو مین
طائر جان کو ارادہ ہو گیا پرواز کا

ایک کو دو کر دیا ابرو نے وقت رزم و جنگ
کیا بتاؤن کاٹ مین اس تیغ خانہ ساز کا

جسکو چاہی تو لب جانبخش سے زندہ کری
ہی طلوع مہر ہی ذرہ تری اعجاز کا

مجلس شاہ شہید انکی بنا جبسی ہوئی
نیلگون ہی رنگ چرخ تفرقہ پرداز کا

واہ اختر میٹھی باتونسی صنم پھسلا گئی
تو تو بن ہو گیا اس حسن کی انداز کا

غزل ۴۴

سوز شہ دکھا رہا ہی عالم شباب کا
تجھپر فدا ہی رنگ گل آفتاب کا

ای بحر حسن خیر سی لڑوانہ میرا دل
پتھر کا دل نہین ہی مرا ہی حباب کا

للہ خوشخرامی ہی اسکو دکہائی
انداز سیکہی زلف اسی پیچ وتاب کا

ہو لیمین کیون پڑا رخِ پر نور پر عبیر
البتہ ای صنم یہہ محل ہی عتاب کا

پیرہن ہنس رہی تہی جو موئی سر سفید
بد رنگ ہوگیا اپنی خضاب کا

خفاش طینتونکو دکہائی ندون تو کیا
اختر ملا ہی رتبہ مجہی آفتاب کا

غزل

حیف ہی شہرِ خموشانکا کچہہ حال کہلا
نہ وہ صورت نہ وہ سیرت نہ وہ احوال کہلا

وصفِ رخسار جو شنجرفسی لکہا اونکا
طوطیان بند ہوئین باغمین جب لال کہلا

موتی مضمونکا جو ملجائی لٹا دیجی اوسی
خود خزانہ ہوا قارون نہ وہ مال کہلا

دانۂ خال پہ زلفونمین دکہایا ہی جمال
طائرِ عشق خبردار کہ وہ جال کہلا

حیف ہی قبر مین گویا نہوا کوئی عزیز
جب زبان بند ہوئی نامۂ اعمال کہلا

تیرا ہی عشق دکھائی ندیا ای اختر
گنجِ قارون کا بھی ہرگز نہ کبھی مال کھلا

غزل ۴۶

گوشِ مینوش میں سونی کا جو بالا دیکھا
جلوۂ حسنِ رخِ رند و بالا دیکھا

سرو یاد آیا جو اوسکا قد و بالا دیکھا
رتبۂ یار خوش اسلوب و بالا دیکھا

چشمِ مہجورِ رخِ یار نی دریا دیکھا
آہ ناشاد سی گلشن کو بھی صحرا دیکھا

مردِ میدانِ شجاعت جو صف آرا دیکھا
ابروِ کج کو بھی اک خنجرِ زیبا دیکھا

سانپ والونکو لٹایا ہوئی ساحر کا فنا
شبکو ہمنی اثرِ زلفِ چلیپا دیکھا

مہِ عارض سی بچیگا نہ یہہ مجروحِ ادا
بدرِ روشن کو رخِ زخم پہ ہالا دیکھا

تیرِ مژگان و رخِ ابرو و تیغِ لب سی
قاتلا آج سرِ زخم بھی آلا دیکھا

جان نثار آپکو ایسا نہ ملیگا کوئی
چوٹ اُلفتکی رکی دلکو کرارا دیکھا

صاعقہ طور کا یاد آگیا موسیٰ کیطرح
پھیر کر رُخ کو ترا مونہہ جو دوبارا دیکھا

عارضِ زرد پہ بہ جو گئی سُرخ آنسو
ربط آپسمین بھارا ور خزانکا دیکھا

نامِ نامی سی تنِ مُردہ مین جان آئی ہی
خوب اعجاز ترا ہمنی مسیحا دیکھا

خاطرِ اختر ناشادنہ کی محفل مین
واہ محظوظ کیا لطف و مدارا دیکھا

غزل ۴۷

وصل مین دیکھہ تبِ ہجران نی آخر کام تمام کیا
یادمین قد کی آہین کھینچین دار پہ جا کی مقام کیا

عشوہ و غمزہ و ناز و ادا شوخی و چستی و چالاکی
سب نی ملکر دیکھہ چکی آغاز کا کیا انجام کیا

کس بُلبل کی دلکو جلایا کونسی بیکل کلی ہوئے

اتنی دیر رہی گلشن مین بولو کیا کیا کام کیا

محفلِ عیش مین خوب دکھایا سامان میخواری کا واہ

شیشہ میری دلکو بنایا چشم کو اپنی جام کیا

وصل سی خوش کرو اختر کو دلِ آرہی اوسکا الم مین ہنسا

آنکھہ کا جادو دکھلا کر وحشی کو تمنی رام کیا

غزل ۴۸

تجھی جو دیکھا زمانیسی موہنہ پھیرا میرا

بہت لکھا خطِ تقدیر نی گلا میرا

بن آئی آج رقیبونکی بزمِ تمین خوب

مجھی ہی بھول نجائیگا وہ خدا میرا

نبیؐ ہی میرا محمدؐ یقین بخشش ہی

جہاز ہی یہہ زمین اور وہ ناخدا میرا

مجھی نہ فخر ہو کیونکر ہزار تا روپر

کہ ہی وہ اختر مہ روئے مہ لقا میرا

غزل ۴۹

نام لیکر مرا کب قیس پکارا نکیا
کبھی لیلی نی سر بزم گذارا نکیا

عامل حسن یہہ ویرانہ نہ آباد ہوا
تو نی کیون مزرع عاشق پہ اجارا نکیا

نیم جان چھوڑ دیا قاتل عالم تو نی
تیغ ابرو سی دل ارد و پارا نکیا

سبکی توقیر تہین مد نظر ہی صاحب
اک گنہگار تہی ہم پاس ہمارا نکیا

ہم کسی سنی ہوئی تیری سوا ہمپہلو
تکیہ کو پہلو مین لینا ہی گوارا نکیا

ایک مانا نہ کہا تمنی مگر اخترؔ فی
لاکہہ رسوا ہوا پر تمسی کنارا نکیا

غزل ۵۰

جہانمین عیش و نشاط و سرور مینی کیا
جو کچھہ کہ کرنا تہا ای شک حور مینی کیا

صفائی سینۂ روشن سی کہل گئی قلعی
غبار آئینۂ دلکو دور مینی کیا

شعاعِ مہر سی یہہ روشنی بڑہی دلکی
کہ داغِ سینہ وتن رشکِ طور مینی کیا

ملا نہ نام بہی میکا سنگدل تجھمین
ہزار موم کیا دل کو چور مینی کیا

زمین پہ پاؤن جمی سر بہی سجدہ یمین ہی
خدا کی مسجد و نمین یہہ غرور مینی کیا

شرف مکانکو نامِ مکین سی پیدا ہی
مقامِ عشقکو بیت السرور مینی کیا

خوشی سی گہاٹ پہ انگیہہ کی غوطی کہاتا ہو
کبہی نہ ساحلِ غم سی عبور مینی کیا

ستاری چہوٹ گئی مونہہ پہ یار کی اختر
نقاب چہرۂ روشن جو دور مینی کیا

غزل ۵۱

کہا غمنی تلوار کہا لیجئی گا
محبّت کا بیڑا اوٹہا لیجئی گا

کسی غیر کی ہاتہہ کی ہی گلوری
مجہی پہلی تہوڑی کہلا لیجئی گا

ابہی قتل عالمسی کیا فائدہ ہے
گلوری تو پہلی چبا لیجئی گا

رقیبو نسی صحبت کا گر ہوا رادہ
تو تمکو وہان ہی بُلا لیجئے گا

سنبھالین نہ اغیار رتھیار اپنی
جو لڑئی گا مجھکو جتا لیجئی گا

وہ کہتا ہی مجھسی نکل جاؤن سیدہا
ذرا اپنی دل کو ہٹا لیجئی گا

مُچلکی نوشتی ہزارون ہین حاضر
مُحبّت کو ہمسی لکھا لیجئی گا

مین بنی بنا اور سی ہو نہ اُلفت
یہہ قیمت ہی پہلی چُکا لیجئی گا

وہان دلِ فاقہ کش کہہ رہا ہی
جو چہلّی کا گُل ہی تو کھا لیجئی گا

لگی داغ ہالی کو مہتاب کی ہی
ذرا اپنا بالا منگا لیجئے گا

مُحبّت مین ہندو کی دل کہہ رہا ہی
کہ گنگا ہی سر پر اوٹھا لیجئی گا

اگر چاندنی دیکھنی جائی گا
تو اختر کو پہلی بُلا لیجئی گا

غزل ۵۲

چین سی گذر یگی قلبِ یار مین گہر ہو گیا
یہہ خیالِ خام میری سرسی باہر ہو گیا

بخت بد اپنا ہی تسی نہین ہی کچھہ گلا
اللہ اللہ غیر آکر مجھسی بہتر ہو گیا

قبر مین ڈہونڈہینگی میت آنکر منکر نکیر
فرقتِ موئی میانسی مردِ لاغر ہو گیا

تا قیامت چین سی سوئینگی نیند آنی لگی
بطنِ کوئی دلربا آغوشِ مادر ہو گیا

پیٹ کہولی ہی شبِ مہتاب مین وہ نازنین
پہلی تہا خورشید رواب ماہ پیکر ہو گیا

قتل کر کی مجھکو قاتل نی نپونچہا لہو
خونِ شیرین سی جوہر دار خنجر ہو گیا

رحم کر صیاد یہہ وحشی شکستہ بال ہی
دامِ زلفِ خوش مین ہنسکر مرغِ بسمل ہو گیا

کیا تلوّن ہی دلِ جانا نمین استغفار ہی
سُرخ غصّی سی تہاری روئی اختر ہو گیا

غزل ۵۳

اک مرض جاتا رہا تو دوسرا پیدا ہوا
قلب کی ہلنی کا مجھکو عارضا پیدا ہوا

کب یقین ہی میری گھر ہوئیگی اونکی بو باش
بیضۂ فولاد سی کسدن ہما پیدا ہوا

زندگی بیکار تہی ہوتی جہانمین گر نہ موت
درحقیقت آدمی بہر فنا پیدا ہوا

کشتیِ بحرِ جہانین ہم گہنہ کرنی لگی
جب محمدؐ سا نبی اور ناخدا پیدا ہوا

ایسی باتونسی ضرور اکر زوجان ہوگی فنا
بیدلی کا حوصلہ تجھمین ولا پیدا ہوا

آج ہم ضرب المثل اپنی پرائی کی ہوئی
پیشتر ہمسی نکوئی دبجلا پیدا ہوا

اسقدر جلدی غزل کہنا بہت دشوار ہی
کب کوئی دنیا مین اختر آپسا پیدا ہوا

غزل ۵۴

اک جنون کا سا اپنا حال رہا
زندگی بھر مجھی ملال رہا

گاؤن دُہرید کوئی کوئی پتہ
خواب مین بہی یہی خیال رہا

زرد رنگت ہی ساری چہریکی
یار ہمسی جو لال لال رہا

صبح ہوتی ہی اوٹھہ گیا اختر
دوپہر تک یہہ جی نڈہال رہا

غزل

در آیا جو سینی مین پھر غم نہ نکلا
جو سمجھو تو مجنونسی مین کم نہ نکلا

نیا قافیہ ہاتہہ میری لگا ہی
کوئی اوسکی سینی سی محرم نہ نکلا

وہ جا کونسی ہی جہان مین نہ دیا
کب افسانۂ اشک پرنم نہ نکلا

بہت مصرعِ سرو کو بہی گہسیٹا
قدِ یار سی پردہ ہاشم نہ نکلا

گلستانکی بابونسی کی سیر ہمنی
کسی فصل مین پردہ موسم نہ نکلا

چمن مین نہ طالع ہوا شب بہی گذری
وہ خورشید کیا بہرِ شبنم نہ نکلا

یہہ کسکی محبت کا پتلا بنا تہا
ہوا ہو گئی روح پر غم نہ نکلا

سیہ خیمہ لیلی کا تہا بہر مجنون
مری موت کا کوئی ماتم نہ نکلا

عبث منعم میکدی کی ہوس ہی
کبھی خُم بکف قبر سی جم نہ نکلا

بڑا شور پہلو مین تہا نازکی کا
جو چیرا تو خون نکلا اور دم نہ نکلا

رہا خاک کہا کہا کی اوسکی گلی مین
گُنہہ کر کی جنت سی آدم نہ نکلا

بہت زخم جسّراح تو نی بہری ہین
مری داغکا کوئی مرہم نہ نکلا

طلوعِ محمدؐ بہی ہو پیش اختر
ابہی تک تو خورشید اعظم نہ نکلا

غزل ۵۶

بزمِ اغیار مین ایسا ستم ایجاد کیا
قاتلا بہولکی ہمکو نہ کبہی یاد کیا

ہوا گلشن کی نظارہ پہ جو مائل دلِ زار
داغ کو لالہ کیا اونگلی کو شمشاد کیا

بزم مین شربِ مئی ناب ہوا خوب حلال
واہ قاضی کو بہری بزم مین دا داد کیا

کیا مین تعریف کرون ہجر کی ای لیلیٰ دہر
کوئی جنگل نہ کبہی قیس نی آباد کیا

زندگی عاشقونکی عشق مین ہوئیگی محال
آپنی جسنکو اک خنجرِ جلّاد دیکھا

کام حکمت سی نہین خالی یہہ دُنیا ہی جہان
مجھی وحشی کیا اور آپنی کو صیّاد دیکھا

پیاسا مرجانیدو پانی نہ پلاؤ مجھکو
ہچکی آتی ہی مری یار نی کیا یاد کیا

دیکھئی آتا ہی وہ پیکِ صبا گلشن سی
چلئی اختر نی بہرنج م مین بہر یاد کیا

غزل

بہار تک نہین جہرہ یکا رنگ و آب گیا
خزان چمن مین ہوئی موسم شباب گیا

لگایا باغمین صیّادنی وہین کھٹکا
جو پائی بُلبُلِ خوشن سرِ گلاب گیا

ہزار سال کی بعد آگیا جو اوسکا خیال
جوان دوبارہ ہوئی موسمِ خضاب گیا

نہ پوچھہ طفلِ برہمن پُرانی باتونکو
وہ گاؤ خوردہی وفتروہ سب حساب گیا

شرابِ شوق نی پہنچایا پاس آنکھونکی
پلک کی سیخ تلک دل حلال کباب گیا

مین مور ہو کی تری آرزو کرون کیان خان
ہر اک ہوس کو سلیمان زمین مین داب گیا

نچھوٹا لوٹنا فرقت کا بعد مرون ہی
گڑا جو مردہ زمین پر یہی اک عذاب گیا

گنہگار کا مردہ اوٹھا جو محشر مین
زمین بولی کہ مجھپر سی اب عذاب گیا

نہ اوٹھا وہ کسی تدبیر سی جو سوتی مین
دکھانی آئینہ اوس مہ کو آفتاب گیا

ہزار حیف کہ پیر مین موئی عاشق کا
وہ بل وہ خم وہ سیاہی وہ پیچ و تاب گیا

جوانی کیا تہی ضعیفی مین ہم جو روتی ہین
ہزار شکر کہ اختر سی اک عذاب گیا

غزل

اُلفت نی تری ہمکو تو رکھا نہ کہین کا
دریا کا نہ جنگل کا سما کا نہ زمین کا

اقلیم معانی مین عمل ہو گیا میرا
دُنیا مین بہر و ساتھا کسی تاج و نگین کا

لکھون جو کبھی مدح علی صفحہ دل پر
شیرازہ بندی ہی بازوئی جبریل امین کا

رم کر گئی کو سون تری انکار وحشی
چارہ نہین اس دشت مین بوسکی نہین کا

پر کار مین ہرگز نہ سمائیگی یہہ تحریر
اک خط بہی کہنچیگا نہ تری چین جبین کا

تقدیر نی کیا قطبِ فلک مجہکو بنایا
محتاج مرا پاؤن رہا خانۂ زین کا

لکہا جو محبت کا تہا پیشانی پہ آیا
تقدیر کا نامہ ہی پر خط تری چین کا

اک بوریِ کی تخت پہ اوقات بسر کی
زاہد بہی مقلد رہا سجادہ نشین کا

اختر قلم فکر کی بہی اشک ہین جاری
کیا حال لکہون اپنی دلِ زار و حزین کا

غزل ۵۹

گا لونپہ جو اوس یار کی بالا نہین رہتا
دنکو کبہی مہتاب پہ بالا نہین رہتا

تیری قد و بالا نی قیامت بہی کہائے
ہی کونسا دن ولولہ و بالا نہین رہتا

ساغر مرا کمظرف چڑہا جاتی ہین مین
مجہہ رند کی ہاتہو نمین پیالا نہین رہتا

تارِ کمرِ یار نظر مین نہ سمایا
چشمِ رخِ موہوم مین جالا نہین رہتا

اوڑ جاتا ہی آہونکا دہوان ایک نفسمین
نالانکی زبان پر کبہی نالا نہین رہتا

اختر نی جو کہینچا تو ہٹا پاس سی مہرو
اس گہر مین کوئی چاہنیوالا نہین رہتا

غزل ۶۰

بہولا بہی تہی مگر ترک ستمگر نکلا
تو لا انتہمن دلِ سخت تو پتہر نکلا

مارِ گیسوئی رسا کانکی باہر نکلا
پیچ در پیچ سی لپر مری جا کر نکلا

چلو میخانی سی اوٹہکر کہ کٹی شامِ خمار
میکشو حیف کہ خورشید کا ساغر نکلا

کیسی بیدرد سی صیادنی کتری پر صاف
سال بہی گذرا پر ابتک نہ کوئی پر نکلا

کوچہمین بہو کرین کہاتی رہی غیرونکی ہم
بی خبر حیف ہی گہر سی بہی باہر نکلا

دلِ سوزانسی مری تنمین ہوئی کتنی فسا
مجمرِ سینہ مین کیا گرم یہہ اخگر نکلا

کیا کہون میری نظر چوک گئی اے اختر
لعل سمجھا تہا جسی رنگ مین پتہر نکلا

غزل ۶۱

گلشنِ دلسی جو مینی سر لالا کہینچا
داغ پڑ پڑ گئی جب یار کا نقشا کہینچا

حُسنِ یوسف نی اگر عشقِ زلیخا کہینچا
شوق مجنون نی سر پر دہ لیلا کہینچا

گاہ دُم آہ جو کی سرو کا دہوکا پایا
سمجھی ہم ہمنی قد یار کا نقشا کہینچا

کیا نظر پڑ گئی تیری رُخِ تابانی کی
ماہ نی چہر سیہ کیون ابر کا پردا کہینچا

ہمتو بیہوشِ ازل چشم فسون ساز ہی مین
زہر مار سر کاکل کا بہی سارا کہینچا

آئینہ بنگیا حیران کہلی سب قلعی
کفِ پانی تری حُسنِ ید بیضا کہینچا

پی گیا آنسوؤنکو خوفسی غیر ونکی مین
ابر کیطر حسی ان آنکہونسی دریا کہینچا

ید بیضا کا ملا ہاتہہ کو اوسکی رُتبہ
میری معشوقکا مانی نی کفِ پا کہینچا

صورتِ ابر تنک ہی رُخِ روشن پہ نقاب
ماہ پر قدرتِ اللہ دنی ہالا کھینچا

برقِ حُسن آپکی گر کوندہ گئی بدلی مین
طپشِ دل نی اوہر دلسی شرارا کھینچا

رندو زاہد سی کبھی میل نہین اخترکو
وہ کشاکش مین پڑا پہر تا ہی کھینچا کھینچا

غزل ۶۴

ہی لیل کاکل پیچا نمین میرے جان تنہا
تو پہر نہ را تو نکو ای رُوحِ مہربان تنہا

دکہاؤن مشعلِ داغِ جنونکی روشنی مین
نہ چہوڑونگا شبِ وصلت مین مہربان تنہا

جو وہم سی بہی مُتبرا ہوا وسکا ساتہہ کہان
کمر کی یاد مین پہرتا ہون ای میان تنہا

جو لائی پیر ملک فوجِ حُزن کیا غم ہی
لڑیگا حشر کی میدان مین یہ جوان تنہا

مین فوجِ عشق بہی ہمراہ لیکی جا پہنچون
وہ شاہِ حُسن لڑا ہی کہان کہان تنہا

جہان جہان وہ گئی اونکی ساتہہ عاشق ہین
بغیر فوج تو چلتا نہین نشان تنہا

قیامِ نام ہی دُنیا مین زندگیٔ ابد
کرورون دیگئی مٹی مین بی نشان تنہا

جہان پلک ہی محبت بہی آنکھہ مین دہی
کبہی نہوئیگی بن تیر کی کمان تنہا

ہزار جلسی بناکر بگاڑا کرتا ہی
کبہی بہی بیٹہتا ہی چین سی جہان تنہا

نہ ساتہہ چل مری گلچین یہہ یاد ہی تجہکو
گرفتہ ایم اجازت ز باغبان تنہا

سیاہ زلف کا مجمع ہوا پریشان خواب
جو شب سبی بیٹہا ہی محفل مین قصہ خوان تنہا

الٰہی خیر ہو قصہ کہین نہ سچ ہو جائی
سُنا وہ کرتی ہین اختر کی داستان تنہا

غزل ۶۳

اندہیرا بزم مین تہا تو جو انجمن مین نہ تہا
چمن اودا س تہا اگل جو تو چمنمین نہ تہا

نمود خط نہین ہی کیا خیال زندان ہان
مین قیدی رُخ کا ہون ریشہ تلک سنمین نہ تہا

نظارہ رُخ تازہ کیا جو گلشن مین
بدن ہمارا سُن اہی پہول پیرہن مین نہ تہا

اسیرِ زُلف ہوا دام مین پھنسا قیدی
ابھی تلک تو یہہ لٹکا ہوا سمین نہ تھا

ہمین بُلا کی جلا یا دکھا کی غیر ونکو
رقیب کونسا تھا جو کہ انجمن مین نہ تھا

ابھی لگاتی تھی منہدی جو تم گُلستان مین
تمہارا پاؤن مری دلمین تھا لگن مین نہ تھا

غرور کا جو کیا اتہام اختر پر
کلامِ کبر زبان پر نہ تھا دہن مین نہ تھا

غزل ۶۴

بیان ہو کیا وسعتِ زمانکا زمین پہ ہی فرش آسمانکا
سُنا جو ہی حال اس جہانکا یہہ اک نمونہ ہی لامکان کا

کلی سی ہر گز نہ کر محبت ہمیشہ گُلچین پہ ہو گی آفت
چٹکتی ہین میری داغِ اُلفت کہانکا غُنچہ چمن کہانکا

ہوا ہی دستار خوان کامل نیاز نذر و نمین دُل ہی شامل

غزل کو پڑھئی مزا ہو حاصل اچارہی اپنی مرتبا نکا

جو کچھہ ہوا ختر کو دینا دو تم سنجی ہی اک بوسہ دیکی ہو تم
حسینو نسی اسکی داد لو تم بہت کرو پاس خوشبیانکا

غزل ۶۵

ناطق و مطلق مین کیا ہی فرق ایجانا نکیا
مین تو تہا حیوان سی بدتر آپنی انسان کیا

میری اشک چشم سی دریا کری کیا سامنا
ہر پلک سی ایک پل مین نوحکا طوفان کیا

بوم خصلت ہی نہایت ای رقیب بدشگون
تو ہوا آباد جب آباد کو ویران کیا

آگئی مجنو نکی خصلت مجہہ مین ای لیلی نژاد
خانہ آباد جب دیکہا وہین ویران کیا

آہ جب کہینچی جلایا برق نارود کو
جب نچوڑا پاٹ دامنکا وہین طوفان کیا

دیکہہ ڈالی ایک نظار مین رخسار یار
ختم مینے دفعۃً قرآن پر قرآن کیا

لالۂ گلزار کی اغونسی رنگت کم ہوئی
اس مطیع حسن گلشنین نافرمان کیا

ساری قلعی کھل گئی اونکی صفائی حسن سبی
آئینونکو عارضِ پُرتاب نی حیران کیا

تاب اوسکی دیکھکر یہہ آپ بل کھانی لگا
گیسوئی پُرپیچ نی عاشقکو سرگردان کیا

کوئی مجروحِ ادا اور کوئی مذبوحِ نگہہ
قاتلا گنجِ شہیدانکا نیا سامان کیا

اختر اوس بیمہر سی ناحق وفا کا دھیان ہی
تو نی یہہ کیسا خیالِ خام ای نادان کیا

غزل ۶۶

سمجھتی ہین جسی افلاک خانہ ہی مرا دلکا
لگا ہی دور جا کر آشیانِ غم عنادلکا

رہا کرتا ہی دستِ فیض جاری مجھپہ قاتلکا
نچھوڑی جان اس مقتولکی تڑپا بہت بلکا

تڑپ اور بیقراری ہی سی مقتولین قاتل
پڑا ہی ق پر شاید کہ پرتو حالِ بسملکا

اُڑا دون تیرِ مضمونکو پریکی ساتھہ دُنیا سی
دکھاؤن طائرِ سدرہ مین عالم مرغِ بسملکا

بچاؤ کشتیِ تن بحرِ عصیانسی الٰہی تو ہی
علی ابنِ ابیطالب نہین یہہ کام مشکلکا

عجب کیا زاہد اتیری عبادت ہو پسندِ حق
تو پڑہ مثلِ کلام اللہ اک پارہ مری دلکا

ادا سی مارعاشقکو نگہہ سی قتل کردو لکو
دکہادی قاتلا مقتل مین سبکو رقص بسملکا

ہوا مین اغدار ایسا کہ بی ضو جسی انجم ہون
مٹا دیتی ہو تم عالم فروغِ ماہِ کاملکا

غرور اس حسن پر جتنا کرو تم زیب دیتا ہے
نہین دیکہا کبہی آنکہون نسی اس شکل و شمائلکا

دہوئین سی آہِ دلکی محملِ لیلی نظر آئی
بنایا چاکِ دل مجنون نی پردا اوسی محملکا

مین خوبی نظر و نمین اوس لیلی شمائل کی
ہون آیا پتا پونچہا کری صحرا مین مجنون مسیری منزلکا

پری پی میرا دل آیا ہی سا یا جائیگا کیونکر
نہی ہی ان کام کامل کا بہروسا ہے نہ عامل کا

عبث وہ فخر کرتا ہی کہ مین تلوار مارونگا
مرا کیا جائیگا گر ہاتہہ دکہی گا تو قاتل کا

مین مشتاقِ اجل ہون کاش شمشیر نگہہ مارے
دہانِ زخم خندا نسی کرونگا شکر قاتل کا

اعانت بہر اختر چاہئی محزون و غمگین ہی
تمہین کہولوگی جیدر آنکر عقدہ یہہ مشکل کا

غزل ۶۷

اتنی چاہت سنی ہے دل بسیر و سامان ہوگا
راحتِ کم سببِ رنجِ فراوان ہوگا

مین ہنسا دونگا تری تیغکو کیون روتا ہی
لبِ شمشیر لبِ زخم سی خندان ہوگا

فصلِ گل مین نہ لگی گا کبھی وحشی کا پتا
پھولونکی جھولیان بھر لین گی جو داماں ہوگا

زرد رو ہوکے گرین گی شجر و برگ و ثمر
گلشنِ دہر مری آہ سی ویران ہوگا

سر گرانی ہی بہت مجکو سبکدوش کرو
کاٹ ڈالو یہہ گلا جان پہ احسان ہوگا

ابھی خاموش کرو نگا لبِ شمعِ پرتاب
بڑھکی داغونسی اگر نورِ چراغان ہوگا

قدر و بالا کو بڑھا کر نہ گھٹا قدر مری
رتبہ شاہ و گدا حشر مین یکسان ہوگا

حسن کا تخت مرتب ہی تجھی رشک پری
افسرِ عشق حسین تاجِ سلیمان ہوگا

زہر بھرا جائیگی مشکِ ختن و سنبلِ تر
گیسوِ یار اگر رخنہ پریشان ہوگا

ناتوانیکا اگر حال لکھونگا اختر
پھر مرا چاکِ قلم چاکِ گریبان ہوگا

غزل ۶۸

محبت کا بُرا آغاز یہی انجام کیا کرتا
نصیحت کون سُنتا اور دل ناکام کیا کرتا

تبِ فرقت نجاتی تنکسی کیونکر نبض دکھلاتا
طبیبونکو بہلا مین مُفت مین بدنام کیا کرتا

مطلب
مجھی سو واتہا اوس زلفِ سیہ کا رخسی کیا
مری تا ریک خانیمین چراغِ شام کیا کرتا

جگر جل جل گیا اغیار کا اوس گرمجوشی سے
رقیبونکو بہلا پُختہ خیالِ خام کیا کرتا

نہ قُوّت آتی زرگس سی نہ طاقت چشمِ آہو سی
مین ایسا ناتوان ہون رو غن بادام کیا کرتا

جگر محرو رہی اور بر و اطراف اوسکے ہی مہرو
ہوائی سرد مین یہہ آفتابی جام کیا کرتا

مری صیّادنی جالیکی کُرتی سی مجھی پکڑا
مجھی خود ہو گیا جنجال اسجادام کیا کرتا

قبائی گل کو پہاڑونگا اگر گل پیرہن آیا
مین ایسی تنگ یمین جامۂ احرام کیا کرتا

بگولہ خاک کا بنکر شہید ناز کہلایا
یہہ کشتہ گرد آلودہ رہا حمام کیا کرتا

پہنچتا ہی اگر مین اوس گلیمین خاک نیند آتی
صدا گہڑیال کی سُنتا بھلا آرام کیا کرتا

بتونکی حُسن کو کھینچا ہی کارِ تصویر سی — قلم عاشق کا ہی ہزاد کامین نام کیا کرتا

الف کیسا کہ بی تی ثی نہین وہ جانتا ہرگز
غزل گوئیمین اس اختر کو مین بدنام کیا کرتا

غزل ۶۹

حیرت ہی باغبان ہی چمن سی نکل گیا — مین کیون نہ فصلِ گُل مین وطن سی نکل گیا

لٹکا کی زلف کھینچ لیا عرش پر مجھی — رسّی پکڑ کی چاہِ ذقن سی نکل گیا

پھولا ہوا سمایا نہ وصلِ حبیب مین — جامہ ہوا جو تنگ بدن سی نکل گیا

محشر ہوا بپا جو چلا یارِ خوشخرام — مُردہ تڑپ کی اپنی کفن سی نکل گیا

پہینکا اوگال آنکھہ بچا کر حضور نی — کیا خوشنما عقیق مین سی نکل گیا

لبہائی عشق کو جو ملی حُسن کی غذا — سنبوسہ کہا کی بوسہ دہن سی نکل گیا

دہوئی کبھی جو موئی سیہ اوسنی بحر مین — حسرت رہی کہ مشک ختن سی نکل گیا

لاغر وہ ہون سماتا نہین عقدِ رشتہ مین
بازو مرے تو ان بہی سن سی نکل گیا

گلرو کی یاد مین نرہی روح جسم مین
کانٹا سا تہا خیال بدن سی نکل گیا

اندہیر ہوگا ہوئیگا بی نور سارا شہر
اختر اگر تو اپنی وطن سی نکل گیا

غزل

خمِ گیسوئے سا سی دلِ نالان چہوٹا
مکرِ ہندو سی کوئی سیدہا مسلمان چہوٹا

سحرِ وصل ہو فرقت کی شبین ہون کافور
سب کہین قیدِ غم ہجر سی نالان چہوٹا

یہہ نہ معلوم تہا یوسف کہ ملینگی غوطی
ای عزیز آج ترا چاہِ زنخدان چہوٹا

نہ لگا پنجۂ وحشت سی گریبان کا پتا
دستِ بیہوش سی جب شوخ کا دامان چہوٹا

سیکڑون بار مری پاؤن پڑی ہی زنجیر
مجہسی حدا دعبث خانۂ زندان چہوٹا

روئی مہر و لبِ اختر سی چہپا ہی اسطور
جیسی قمری سی رخِ سرو گلستان چہوٹا

غزل

ہمکو خیالِ وصل نی موٹا بنا دیا
موئی کمر نی کلک کو لٹھا بنا دیا

گلشن کی دید کا جو کبھی آیا مجھکو دھیان
داغِ بدن کو پھولونکا گٹھا بنا دیا

مجنون پہ فوق کیون نہو اس نا توان کو
روح و دل و جگر کو بھی لیلا بنا دیا

قدسی نی ابری کی تہی جو باغ مین
سروِ سہی کی شاخ کو سیدھا بنا دیا

غصہ کری جو ضبط کرون روون کو ہنسی
اشکون کو میری یار نی ٹھٹا بنا دیا

ای آفتابِ حسن ترا آفتابہ ہی
سورج کو مونہہ دہلانیکا لوٹا بنا دیا

دورِ فلک نی دورسی اتنا کیا صغیر
ہر اک بزرگ آنکھہ مین جھپوٹا بنا دیا

کیونکر ڈہلین نہ فکر سی مضمون آبدار
اُلفتکو تُتکی واسطی سانچا بنا دیا

شاعرہون میر واسطی صیاد عیب کیا
انگیہ کی چڑیا باز کا بچا بنا دیا

مضمون تو اوسکی چاندسی روشن ہی شہر مین
جرأت کو چشمِ عشق نی اندھا بنا دیا

جان آتی ہی جو دیکھتا ہی روئے ماہ صاف
اختر نی اوسکو رشکِ مسیحا بنا دیا

غزل ۷۲

داغ جو سینی کا تہا وہ رشکِ لالا ہو گیا
میری نظر و نمین ہر اک شمشاد بالا ہو گیا

اب کہان پائینگی دُنیا مین مجہی وہ یارِ غار
کُلبۂ احزان مرا مکڑی کا جالا ہو گیا

چار دنکی دیکہنی کی ہی فقط دنیائی دون
اس تبِ دور انمین اسکا ہی سنبہالا ہو گیا

اب ہٹائیسی نہین ہٹتا دُرِ دندان کا وصف
طوقِ گردن ہو چکا پہولونکا مالا ہو گیا

تجہسی ای اختر ہلالکب ہو مقابل ماہ صاف
سبزۂ خط عارضِ روشن پہ ہالا ہو گیا

غزل ۷۳

خنجرِ ابروئی سفاک کو مونہہ پر لونگا
کچہہ ہو پر آج ترا آنکی بستر لونگا

مژہ و ابرو و انداز و نگہہ دیکھونگا
ناوک و تیر و تبر و دشنہ و خنجر لونگا

لڑکی انگشت نما کرتی ہین بازار مین
دست غفلت ہی بند ہا خاک مین پتہر لونگا

فہما گر تری دیوار کا سایہ پڑجائی
ای پری مجہسی تو پونچہہ ہی گہر لونگا

مجہی شمشاد قد و نسی ہی محبت دی نرات
گلشن حسن مین مین سرو صنوبر لونگا

فوج اندوہ مری ساتہہ ہی اور لشکر غم
آج مین کوچہ دلدار کو چلکر لونگا

کیون زمین پاؤنکی نیچی سی نکل جاتی ہی
چرخ غم عشق پر زاد مین سر پر لونگا

سیدہا کرلی علم ابرو و شمشیر مژہ
قلب گہہ مین مین تری فوج کا سنگر لونگا

در بدر مجہکو پہرائی کہ اوجاڑی صیاد
عندلیب چمن حسن ترا گہر لونگا

اب نہ کہینچونگا کبہی دست طلب مطلبی
مونہہ سی جو مانگا ہی یا حیدر صفدر لونگا

اینڈتا پہرتا ہی بازار مین مجہتک پہنچ
مار تلوار کوئی تو لکی مونہہ پر لونگا

ہی جنون مجہکو مری فصد کی تدبیر کرو
اس اسیلم کی لئی پلکونکا نشتر لونگا

گل یہہ کہتا ہی تو آداغِ دلِ عاشق ہو — گڑ گڑی ماہ کی اور مہر کا چنبر لونگا

یار کہتا ہی کہ ہی چرخِ مضامین پہ قمر
یہہ غزل آپکی مین حضرتِ اختر لونگا

غزل ۷۴

طفل مکتب نی سرِ مرغِ منوّر توڑا — خط ہی پُر زی کیا اور پر ہی ابر توڑا

سخت جانی سی وہ تلوار ہی عاری نکلی — میری گردن پہ جو جلّادنی خنجر توڑا

نام حیدر سی دی کوا وکہاڑون اُنی بت — شہِ صفدر نی جہانمین ہر خیبر توڑا

کیا مزیّب ہو اوس سیم بدن یار کو اُ — مچھلیان کا نو نمین دریا ئی گلو پر توڑا

باغ عالم مین ملا نخل محبت کا یہہ پہل — مینی اوس سیبِ زنخدان کو ہی جا کر توڑا

قابلِ صید محبت جو ہوا مرغِ بدن — دلِ نازک مرا ای ترکِ ستمگر توڑا

کشتِ ہقانیہ مری آنکہہ سی آنسو ہی — جنس کا ہو گیا ہر شہر مین گہر گہر توڑا

تیغ ابروسی جگر کی ہوئی ٹکڑی ٹکڑی
تیر مژگان نی ہمارا تن لاغر توڑا

باغبان ہنستی ہین اختر بھی کہلا جاتا ہی
رقص کالیتا ہی جب سرو صنوبر توڑا

غزل

دھوان نکلا تہا آہو نسی جو ایام جوانی کا
وہ گلدستہ بنا پیرین رنگ زعفرانی کا

کسی وصلت کا قصہ ہو کوئی ہجر کا جہگڑا ہو
ہمارا کان تو مشتاق ہی ایسی کہانی کا

لگایا مونہہ قلیونکو تو رتبہ گہٹ نجا یگا
سگونکا ہی دہن مشتاق دہیا کی پانی کا

دوائی درد دل تم جانتی ہو ایک بوسہ دو
نہین نسخہ ہماری پاس کوئی سرگرانی کا

وہ قلابین کہا کرتا ہی کیا مین خاک تو دہ ہون
کہا دہ بنگیا تر کی مری آہ جوانی کا

سبک کرتا ہی لاکہونکو یہہ رنگ صندلی تیرا
مداوا سمجہا ہون چو کہٹ کو اپنی سرگرانی کا

نہین لیلی و مجنون کیسی الفت اس زمانین
سنا کرتی ہین پر دیکہا نہین چہرہ کہانی کا

نہ کیونکر بلبلِ شیراز مرقد پر پھڑک جائی
جہان قائل ہی اے اختر تمہاری خوش بیانی کا

غزل

جسمِ فقیر تختۂ گلزار ہو گیا
داغونسی دستِ عشق بہی زر دار ہو گیا

شمشیر روئی بروسی سر بار ہو گیا
تیرِ نگاہِ یار مری پار ہو گیا

زاہد کوئی جو بستۂ زنار ہو گیا
کعبی مین روئی کفر بہی دیندار ہو گیا

جامِ شرابِ وصل سی سرشار ہو گیا
کیا بیخبر کٹی تہی خبردار ہو گیا

جو اوسکا چشمِ دلسی طلبگار ہو گیا
بیشک خدا اوسی کا مددگار ہو گیا

سچ ہی کہ تو طبیبِ دلِ زار ہو گیا
عاشق یہہ سُنکی حُسن کا بیمار ہو گیا

ہر صبح و شام لیتا ہی آکر خبر تمہا
کچھہ درد ہڈیونمین جو دلدار ہو گیا

کسکو خبر تنزلِ حُسنِ بُتانکی ہی
بندہ شروعِ عشق مین بیکار ہو گیا

محفل مین جال پوچھکی بلوایا کیجئی
دھوکی مین پاسبانسی ہتیار رہوگیا

سینہ سپر بناتا ہونمین مین بزم مین
پلکونکا بھالا آپکا ہتیار رہوگیا

اک دم ہی بند لاکھ کھلی ہین جہانمین
جاؤ اجی نہ بولو خدا یار رہوگیا

ممکن نہین کہ جان بچی پیچ وتاب مین
سُوتار ہونگا جعدِ سیہ مار رہوگیا

ایک آیا ایک اوٹھہ گیا اک بیٹھا اک کھڑا
گھر آپکا معاف ہو بازار رہوگیا

ترکِ محبتِ می و معشوق ہو چکی
اختر بھی اب تو عشقسی بیزار رہوگیا

غزل

مجمعِ احبا بکا دلمین جو ارمان رہگیا
زلف کی مانند محفل مین پریشان رہگیا

کاٹ ڈالا جب گلا تلوار سی جلاد نی
دردِ سر جاتا رہا خالی گریبان رہگیا

خوبصورت اوٹھہ گئی بشکل مین بیٹھا رہا
پھول باغونمین گئی خارِ بیابان رہگیا

مومنو تم بہی امیدِ وصل حور و نسی رکھو
گر حمائل گردنِ زاہد مین قرآن رہگیا

اتنی گردش کی نہ ہاتہہ آیا نوالہ ایک بہی
آسمان محتاج بہر گردۂ نان رہگیا

کافرانِ شہرِ بنگالہ سی ہم پہلو ہوئین
شکرِ حق ہی میری دلمین نورِ ایمان رہگیا

بعدِ مردن جسم ہی روح ہم پائی نہین
جبکہ بلبل اڑ گیا خالی گلستان رہگیا

میری شعرِ تر کی لذت اوسکو خود ملیگی
قدردان ہوگا جو کوئی مرتبہ دان رہگیا

بی نقاب آنا نہ اختر اب سرِ بابِ سخن
تیرا پردہ شہر مین میری غزل خوان رہگیا

غزل

عشقِ جانانہ مین دلِ زار طپان ہی کہ تہا
پہر حرارتسی وہی دلمین وہان ہی کہ تہا

آمدِ فصلِ بہاری ہی نہ کہیچ ای شمشاد
سیدہی باتین ہین وہی امر عیان ہی کہ تہا

سرد مہریسی کہین نقشۂ الفت جم جائی
تپِ غمسی دلِ محزون طپان ہی کہ تہا

خوش خرامی سی تری سر پر گڑی جاتی ہین
سرو قد باغ مین ویسا ہی جوان ہی کہ جو تہا

شعلۂ حسن حسینانسی جلا ہی دل سرد
مطبخ عشق مین ویسا ہی ہوان ہی کہ جو تہا

خط نہی نکلا مگر آئینہ رہی عارض یار
دیکھہ لو چہرہ وہی صاف عیان ہی کہ جو تہا

کسی گلگیر کو پروانگی محفل مین
کاٹ لی شمع کا سر تنسی گران ہی کہ جو تہا

اسی کوچی سی اوٹہی پہر یہین آکر بیٹہی
یہی مسکن ہی یہی اپنا مکان ہی کہ جو تہا

وار پر وار فنا مین ہی مراد اور مرا
درد دلدار ملا رتبہ عیان ہی کہ جو تہا

گو بہار آئی پر ابتک نہ گل تر آیا
باغ دل اپنا بدستور خزان ہی کہ جو تہا

غیر سی بات تو کرتی نہین تم پر صاحب
بدگمان ہونمین مجہی وہی گمان ہی کہ جو تہا

ہر طرح غیر ونمین اختر کو سبک کرتی ہو
یہہ سخن اور یہی نکتہ تو گران ہی کہ جو تہا

غزل ۷۹

کمالِ عشق سی بیحال اک زمانہ ہوا
فراقِ حُسن مجھی موت کا بہانہ ہوا

بنا ہی مصرعِ دیوان ہمارا نو دا مُو
عروسِ فکرِ معانی کو پھر بنانہ ہوا

کمانکی طرح تو خالی نہین شجاعت سی
پلک کا تیر بنا میرا دل نشانہ ہوا

وہ میرزا نش آنکلی دورمی مین کبھی
گلوئی شیشۂ مہرِ فلک جُھکانہ ہوا

کبھی نہ پنجۂ شل سی کھلیگا عقدۂ عشق
کہانکا زلف مین پیدا یہہ شاخسانہ ہوا

شُعاعِ رُخسی در و بام ہوگئی روشن
مثالِ آئینہ میرا غریب خانہ ہوا

چُھٹی گا مرکی بہی دلسی خیالِ اُلفتِ زیست
لحد مین قسمتِ مُردہ کو آزمانہ ہوا

پسا ہی جاتا ہی خسارِ پُرنمک پہ دل
زبانِ زخمِ جگر کو مزا چکھانہ ہوا

نہ دامِ زلف سی نکلا نہ خالِ رُخسی چُھٹا
مری نصیبو نمین یہہ جعبلِ قیدخانہ ہوا

کبھی اسیرِ زنخدان و گاہ قیدی نافِ
اب اپنی دلکو مریجان کنو مین جھکانہ ہوا

زبانِ غیر سی پڑہوائی عاشقانہ غزل
کبھی او سی دلِ اختر اگر دُکھانہ ہوا

غزل ۸۰

جہانکی باغمین زد و ع سی کچھہ نہ پہل پایا
مگر عشق اوس گل بی خار کا خیر العمل پایا

رقیب رو سیہ جب سر خرو کی ہم بغل پایا
لگا کہنی خدا کی فضل سی نعم البدل پایا

ہمیشہ اوسکی پیشانی پہ اس عاشق نی بل پایا
یہہ حیلہ خوب اپنی آنیکا تو نی اجل پایا

مقام خوف تہا پلکونکی نیزی سیکڑو دیکہی
نہ ہمنی ترک سی آنکہین لڑانیکا محل پایا

بہت مدتسی اختر خانہ مہرو مین جاتی ہو
نہین پر آجتک کچھہ بات کرنی کا محل پایا

غزل ۸۱

میخانہ مینو شمین جانا نہین ملتا
مخمور کو اب اور ٹہکانا نہین ملتا

غیر آئی جو در پر ہمین جانا نہین ملتا
کس منہ سی پھرین ہم کہ بہانا نہین ملتا

اوس سی جو الگ ہون تو سبہی دوست ہین میرے
اوس سی جو ملا مین تو زمانا نہین ملتا

لختِ دلِ صد چاک کی فرقت مین غذا ہی
محزون کو بجز غم کوئی کھانا نہین ملتا

بہ جاتی ہین دل آب روان روتا ہی غم مین
برسون سی دریا مین نہانا نہین ملتا

مضمون صفِ ندانکی مسلسل جو بیان ہین
اب سلکِ دُرِ نظم مین دانا نہین ملتا

ای شیرِ خدا اخترِ غمگین کو جگہ دو
شاعر کو کہین اور ٹھکانا نہین ملتا

غزل

راہ سی جاکی پھرا قاصدِ ناکام اُلٹا
سیدہی مضمون کا بھی ہو گیا پیغام اُلٹا

کیون نہین کھولتا رخ پر گلِ تازہ گیسو
کیا ہوائی پر بلبل نی ترا دام اُلٹا

اس بہانیسی پھرایا ہو نہین باغستان مین
سیرِ گلزار کو پھر رخِ گلفام اُلٹا

کششِ عشق نی کھینچا اوسی ای وای نصیب
آہ پھر آیا وہی قاصدِ ناکام اُلٹا

وہ شکایت وہی شکوہ ہوا اختر سی شروع
واہ جی واہ وہی آپنی پیغام اُلٹا

غزل ۸۳

درخت و شاخِ تمنا کو با اصول کیا
خوشی کی بزم مین دل دوست کا ملول کیا

بگولہ بنکی اُڑی خاکِ روح اُلفت مین
یہہ پھرا کوچہ تہا کیا ہمنی خاک دہول کیا

صلا ملا یہہ سائیسی اوسکی محفل مین
کہ یار نی مجہی اغیار مین شمول کیا

کہا کہ غیرونکی ہمراہ مین نہ آؤ نگا
یہہ ہمنی نا پسند آگیا قبول کیا

خدا کا حکم بجا لائی منفعت سونچی
جو کچہہ کیا وہ جہانمین پی حصول کیا

جو ذکر ہی وہ رجا سی بہرا ہی زاہد کا
زمین پہ نیک فرشتی نی کیا نزول کیا

ڈرایا کرتی ہی کیون رات تا رونسی ہمکو
فروغِ نالۂ دلکو چراغِ غول کیا

یہہ نکتہ فہمی تو اچہی نہین ہی اے اختر
بس اختصار کرو کیون غزل مین طول کیا

غزل ۸۴

سُن بر کھواسی دل کا لگانا نہیں اچھا
دُنیا یہہ بُری ہی یہہ زمانا نہیں اچھا

دم ہونٹونپہ ہی روح نہ تڑپی پس مُردن
صورت تو دکھا جاؤ بہانا نہیں اچھا

مکتوبِ شہِ حُسن لفافی پہ رقم ہو
بی نام و نشان اونکا خط آنا نہیں اچھا

بدلگتا ہی سمجھانا نہ چھوڑونگا کبھی عشق
ناصح یہہ ترا دھیان بٹانا نہیں اچھا

عُریانِ بدنی پر نہ حبابونکی پڑی آنکھہ
دریا میں مسیحان نہانا نہیں اچھا

سب لُوٹ لیا ایک نظر دیکھہ کی مجکو
ای دُزدِ نگہہ دل کا چُرانا نہیں اچھا

پردیس میں دمساز کیا جانِ حزیں کو
چُپ چُپ کی ہر اک پر دیمیں گانا نہیں اچھا

اب آنکھونکی باد امونسی قوت ہی بڑی ہاؤ
دل پستا ہی ہونٹونکا چبانا نہیں اچھا

ای قاتلِ جاں روک ذرا تیغِ نگہہ کو
آہین ہیں بُرسی دل کا دُکھانا نہیں اچھا

کیا عقل ہی کیلیں سن ہی ہُشیار بنا تو
ناصح انہیں باتونکا سکھانا نہیں اچھا

اُلفتسی ہوا کر کرا اختر کا دل آر
مضمون بہت عشقکا چھانا نہیں اچھا

غزل ۸۵

مزا ہی یوسۂ نازک مین اک خستہ کچوریکا
پہپھولی نی مری عالم دکہایا ہی پہپولیکا

بہت گاتی ہین وہ غیرونسی کیون دمساز ہوتی ہین
سناتی ہین عبث بیوقت بسکو راگ گوریکا

اگر اس دور مین اختر کو گردش سی افاقہ ہو
کرین ابی آسمان تصفیہ کچہہ سودائی دوریکا

غزل ۸۶

جہانی ہین پائی محبت سبی بیابان کیا کیا
پار تلو ونسی ہوئی خار مغیلان کیا کیا

ایکدن زلف مسلسل تری دیکہی تہی پری
جبسی آتی ہین نظر خواب پریشان کیا کیا

ای مسیحانہ مسیحائی کہائی تو نی
موئی عشق لب جانبخش مین انسان کیا کیا

آتش رنگ حنا آج کری انکو کباب
چہد گئی سیخ مژہ سی دل بریان کیا کیا

آیۂ فاعتبروایا اولی الابصار لکہو
یگئی ساتہہ سب اس دہر سی اوجان کیا کیا

منقلب

منقلب ہوگا بہت بختِ زمین اُلفت سی
چرخ کہائیگا ابہی گنبدِ گردان کیا کیا

یہہ تسلسل نہ مٹا روز ابد تک زندان
پائی ہین حلقۂ زنجیر مین نالان کیا کیا

خاکساری ہی ہے دُنیا مین فروغِ عالم
پا بگل بیٹھتی ہین سر وچراغان کیا کیا

وحشی حیرانی ہی زلفونسی پریشانی ہی
آج کل پھرتا ہون حیران و پریشان کیا کیا

کُوچۂ عشق مین اختر کو نہ ڈہونڈہا تمنی
پہان ڈالی ہین عبث خار و بیابان کیا کیا

غزل

زلفِ شبگونسی رُخِ مشکِ ختن ملجائیگا
سُرخیِ لبہائی نازکسی مین ملجائیگا

گرمیِ وحشی فروغِ عشق دیکہینگی قریب
ہونگا پروانہ جو شمعِ انجمن ملجائیگا

گہاس کہودیگا بہت ای باغبان گلزار مین
ایسی آسانیسی کیا گل پیرہن ملجائیگا

طوق گردنمین مثالِ فاختہ کیون ڈالتے
علم کیا تہا ہمکو وہ سروِ چمن ملجائیگا

جوشِ وحشت ہی تمیز مرگ اب کسکو ہی
زیست سمجھونگا اگر ذکر کفن ملجائیگا

بدلی عیش و راحت و لطف و خوشی وصل کی
آہ و زاری و دو غم رنج و محن ملجائیگا

پاؤنپر کبکِ دری گر گر پڑینگی راہ مین
خوشخرامی مین جو وہ ماہِ چمن ملجائیگا

وہ قدِ بی بارہی اپنا قلم ہی بار دار
کلکِ خوشگو سی مری سرو ہمن ملجائیگا

تختِ غربت سی کہین بہتر ہی کاسہ فقر کا
بہیک مانگین گی اگر اپنا وطن ملجائیگا

شعر گوئی کا مزا اختر مین بالکل آچکا
مطلبِ دل ہی بعشقِ پنجتن ملجائیگا

غزل ۸۸

کیون بسا دہر مین دل اسکا ٹھکانا کیا تہا
بی بسی مین مجہی اس دل کا لگانا کیا تہا

با امانت مرا دل رکہتی آمین کہلاتی
غیر کا مال امانی مین لٹانا کیا تہا

خیر گذری کہ چلی آئی مجہی شاد کیا
عذر تم کونسا کرتی کہ بہانا کیا تہا

خضرِ آرزو جو یار ہا ہا روزِ جزا — نہ ملا خانۂ ولدادہ ٹھکانا کیا تہا

مین ہدف ہو گیا بن تیر کی سبحان اللہ — کیا کماندار تہا اور واہ نشانا کیا تہا

پردہ کیسا کیا دروازیہ پہ کون آیا تہا — درِ محبوب پہ دربان فی تانا کیا تہا

گرمیان کیجئی گا غیر و نسی برسات مین آپ — موسم سرد مین ایجان نہانا کیا تہا

ٹال دیتی ہو مجہی ناف دکہا کر ہر روز — دل کا مُلوانا تہا یہہ پیٹ دکہانا کیا تہا

کچہہ نہ کی قدرِ دلِ سوختہ ایجان جہان — ہم تہین جان چکی تمنی نہ جانا کیا تہا

کیسا مشرب ہی یہہ کسکی ہوئی تاثیر نمک — ایک پیالی مین یہہ کہانیکا نہ کہانا کیا تہا

آپ سُوا ہوئی مجہکو ہی کیا بی پردہ — سرِ بازار مرا مول چُکانا کیا تہا

دنکو سورجسی نہاتی ہوئی شرماتی ہو — ماہرو راتکو پوشیدہ نہانا کیا تہا

کوئی بندوق مجہی مارئی تا فیصلہ ہو — چہوڑنا تہا تو مری دل لگانا کیا تہا

فصلِ بہار انمین پڑہی ہین رخِ اشک فرقت — اس گہٹا مین مری امید گہٹانا کیا تہا

آئینہ آنکھہ کو دکھلایا عبث اے صیاد
خوابِ خرگوش سی آہو کا جگانا کیا تھا

تم بھی عاشق ہوئی کیا میر یہ طرح اپنی یار
دونو ہاتھونسی کلیجہ کا دبانا کیا تھا

بیوفا جانتی تہی ماہ کو اختر گر تم
نقشۂ الفتِ بی مہر جانا کیا تھا

غزل ۸۹

جسنی تجھی پیدا کیا
اوسنی مجھی شیدا کیا

صورت چھپائی یوسفا
یعقوب کو اندھا کیا

برسائی کنکر بھی نہین
ناحق فلک گرجا کیا

آنسو بھی رخسار پر
دل نی مجھے رسوا کیا

گلشن مین کر رات دن
اتنا تو بتلا کیا کیا

میری برائے کھول دی
جو کچھہ کیا اچھا کیا

یمنِ قدومِ یار نے — صحرا کو گل لالا کیا
پازیبِ مینا کار نے — موتے یدِ بیضا کیا
صبر و قرار و عیش نے — جھک کر مجھی مجرا کیا
جاگا کیا مین رات بھر — گو بختِ بد سویا کیا
آہِ دلِ بیتاب نے — کاجل کو سونے کا لا کیا
خط دیکھکر اوس شوخ کا — مین آپ ہی نا چا کیا
اک پل مین ندّی بہ گئے — پتّھر پہ گر نالا کیا

سچ ہی فریبِ حُسن نی
اختر تجھی رُسوا کیا

ردیف الباء

غزل ۹۰

آؤگی مری پاس تم ایجانِ جہان کب
آباد کروگی دلِ نظارگیان کب

آہِ دلِ ناشاد چھپا دیتی ہی افلاک
سیدہا نظر آئیگا خطِ کاہکشان کب

ایندا ہی ہوائی قدورفتار سی شمشاد
جھک کر کوئی چلتی ہوئی دیکھا ہی جوان کب

کسطرحسی اوس یار پہ یہہ عشق کھلیگا
پوشیدہ جو دلمین ہی وہ ہویگا عیان کب

جائیگی خزان پھولا سمائیگا نہ گلشن
گلزار مین آئیگا مرا سروِ روان کب

کب تیرِ مژہ سی دلِ اغیار چھدینگی
کھینچوگی اشارونسی تم ابرو کی کمان کب

بی نفس کشی یادِ خدا ہو نہین سکتی
بی روئی گنجک مانتا ہی پیلِ دمان کب

بی پرسشِ احوال خفا ہو کی وہ اوٹھی
حالِ دلِ ناشاد کیا مینی بیان کب

فی الفور قلم کردیا مثلِ قطِ خامہ
جلّادنی گردنپہ کیا میری نشان کب

قیدی ہون جو خاموش لبونگا تو سبکو
پاؤنمین صدا دیتی ہی زنجیرگران کب

مونہہ زرد ہی خشک لب تر آنکہین ہین پرنم
چھپتا ہی عشقِ بدنی دلمین نہان کب

گر

گو حُسنکی میدانمین سرپٹ ہی دلِ زار — پر چھٹتی ہی شبدیز تعشق کی عنان کب

آخر تب فرقتسی بدنمین نہین طاقت
رُکتی ہی مگر لذّتِ الفتسی زبان کب

ردیف بای عجمے

غزل ۹۱

خالی ہی گہر وصالکا تشریف لائین آپ — کوئی نہین ہی راہ مین بخوف آئین آپ

دردِ سرِ نحیف ہی ہاتہونکی یاد سی — صندل رگڑ کی ماتہی پہ میری لگائین آپ

پارینہ زائچہ ہی مرا نجمِ بدشگون — تقویمِ سالِ حال ہی صاحب بنائین آپ

کُہل جائین سب پہ ماہ رُخا سرد مہربان — اب قفلیان ہی برفِ کرم کی جمائین آپ

اغیار جمع ہون تو کنایہ ہی بس ہی — محفل مین جب اشارہ کرون جان جائین آپ

پاسنگ تیغِ ناز کا ہون آزمائی — بس ایک ہاتہہ تول کی مُجہپر لگائین آپ

اُستاد حُسن مکتب وصلت ہی بھیجا — بھولون سبق جو عشقکا فوراً بتائین آپ
راہی مین ہی معاودتِ خانہ کی طلب — ہمراہ آئین ہین تو نہ باتین بنائین آپ
صحبت کے لائق اب جو بنائین تو ہی کرم — صاحب مزاجدانی ہی مجھکو سکھائین آپ
داغِ دلِ رقیب کی مسی ہو ہونٹھہ پر — خونِ شہیدِ ناز سی مہندی لگائین آپ
تلوار ماریُ کہ گلا کٹکی دو رہو — لاکن نہ اپنی پاس سی مجھکو ہٹائین آپ

اختر گناہگار ہی حاضر ہی بزم مین
نوکِ مژہ سی سینی پہ برچھی لگائین آپ

ردیف الف

غزل ۹۴

ایکشب کی مجھی دی قاتلِ نادان مہلت — مانگتا تیغِ نظر سی ہون مریجان مہلت
حوصلی خوب سنان دلِ غم کی نکلین — نیزہ بازیکی اگر دی رخِ مژگان مہلت

پھر وہی عشق وہی مشقِ سبق خوانیِ غم
جمعہ کی دنکی ہی اطفالِ دبستان مہلت

وہی قصہ وہی تاریکیِ مضمونِ فراق
تجھی ملنی کی نہین جانِ غزلخوان مہلت

کب تلک روئیگا فریاد و فغان غم کی
حشر تک کی ہی تجھی ایدلِ نادان مہلت

خوب چمٹون شبِ وصلت مین بوں چوجد از جد
دین مری یونفس کو جو یہہ پریشان مہلت

دشتِ گلزار ہوا چاہتی ہین عرض کرو
کفِ سیّاح کو دین خارِ بیابان مہلت

عذر خواہی قلم دلسی مضامین کی کرون
پنجۂ شیر سی مانگین جو نیستان مہلت

یہی حیرت شبِ وصلت مین ہی میری دلکو
بوسہ سو نسی پائینگی کیونکر لبِ جانان مہلت

جیب و دامن کا پتا پوچھینگی وسوسۂ ضیق
پنجۂ غم سی جو پائیگا گریبان مہلت

حالِ ملبوسِ بدن پیشِ خدا کہدونگا
روزِ محشر جو ملیگی تنِ عریان مہلت

خانہ داری ہی کری ملکِ فنا مین اکدم
اختر زار کو دی گنبدِ گردان مہلت

ردیف الثانی ہندی

غزل ۹۳

تا ساق تری آئی ہی ای شکِ پری لٹ — راتو نکو بجھاتی ہی چراغِ سحری لٹ

بل کھائی وہین ٹہو کر دنسی چال ہی بولی — سو تیمین اگر دیکھہ لی یہہ کبکِ دری لٹ

ٹہپا ہو ہر اک بال کا حلقی مین سمائی — بنجائی انگوٹہی مین عقیقِ شجری لٹ

پہانسی بہی ملی محتسبِ تیرہ درو نکو — لٹکی ہی جو زنجیر بپی بیدادگری لٹ

سینہ ہی جو طاؤس نمط کبک صفت چال — عنبر ہی جو تل گالکا مشکِ تتری لٹ

معدوم ہوا زہر سی سینہ مرا ایدل — کیا لوٹتی ہی سانپ سی ای ہمسفری لٹ

ہان دی جو ہوائی رخِ گلفام تو ہو خشک — کسطرح سکہائیگی ان اشکونکی تری لٹ

اب گال پہ رکہہ گال کو کر چین سی آرام — دیتی ہی ہر اک مرتبہ یہہ خوشخبری لٹ

لب شہد ذقن سیب دہن قند چمن ہا یہہ — رخ حور ہی تن مہر شکم ماہ پری لٹ

بازو و سر سیاہ عدو پا گوش و لب اگر
شمسی رخِ پر نور اگر ہی قمری لٹ

ٹھگ ہی رخِ زیبا تو نری جعل ہین نفین
قزاقی سی ہر گز نہین دنیا مین بری لٹ

آخر تہی گلا کاٹکی ہنس جائیگا شبکو
دم توڑیگا دیکھی گا جو مرغِ سحری لٹ

ردیف الثا مثلثہ

غزل ۹۴

روٹھی ہوئی ہو آج تم ایجانِ جانِ عبث
کھینچی ہو بھون کی آنکھہ کی اوپر کمانِ عبث

بادامِ چشمِ یار کی قوت کہان نصیب
پرہیز توڑتا ہی دلِ ناتوان عبث

بوئی و فانہ سونگہیگا گلزارِ دہر مین
پھولونکو چن رہا ہی دلِ نوجوان عبث

وہم و گمان و بسی تصور کرینگی ہم
معدوم ہو گیا ہی یہہ دی میان عبث

لاغر وہ ہون کہ ڈہونڈہینگی منکر نکیر بہی
لاشہ دبا دیا تہ سنگِ گران عبث

بی بار کیا جھکین گی خمیدہ ہین بار دار — اینڈا ہی باغِ دہر مین سروِ رواں عبث

کجھ وہی چرخ گردشِ گردون ہی پھر آ — سیدھا نظر پڑا نہ خطِ کہکشان عبث

بیکار قصہ کرتی ہین جھگڑا ہی رہ گئی — عاشقسی اپنی ہوتی ہین وہ بدگمان عبث

کہتی ہی سخت جانی کہ رگڑا نہ کھاؤنگی — جلّادنی کیا ہی گلی پر نشان عبث

مین وہ ہون جو کہ اپنی کہون خوب جانتا — تعریف کر رہی ہین مری تہ بہ دان عبث

طفلِ خوشی نہ آئیگا آغوشِ حرص مین — گہوارہ بنگیا ہی یہہ قلبِ طپان عبث

تا حشر وہ نہ پوچھینگی اُٹھجائی اور جا
کہاتا ہی ٹھوکرین دلِ آختر یہان عبث

ردیف الجیم

غزل ۹۰

جاتی ہو مجھی چھوڑ کی ایجان کہان آج — پوشیدہ جو دلمین تہا وہ ہوتا ہی عیان آج

کسکی رخِ سوزان نی جلایا ہی تنِ زار — اُٹھتا ہی مری قلب سی آتش کا دھوان آج

جنبش ہی اک سمت ہو از لزلہ طاری — ہلتا ہی مری نا لونسی قصر و مکان آج

فرشِ رہِ اُلفت پہ شکن تک نہیں ایشیخ — پنجونکی بہل آیا ہی کوئی جوان آج

کل قیصر و خاقان و شہنشاہِ جہان تہی — ڈھونڈہا نظر آتا نہیں تربت کا نشان آج

کس مہر بدنسی یہہ خجل ہی سرِ افلاک — فق فق نظر آتا ہی مہِ نو رفشان آج

فردائی قیامت پہ ملاقات رہیگی — اکدم تو ٹہر جاؤ تم اے ہمنفسان آج

شادی تہی کہ میت کا تہا سامان بنایا — بدلی جو چہپر گہٹ کی جنازہ رہی وان آج

فردائی قیامت کی نظر آتی ہین سبہان — گردون دہن خم رسی ہی کیون شعلہ فشان آج

خود سہم کی بی پی ہوئی گوشی مین جہپی ہین — کہنچتی نہین عشاقسی اُلفت کی کمان آج

کیا فائدہ قندِ دہن آمین ملا ہی — لذتسی جو مملو نظر آتا ہی ہیان آج

پہر زہرہ جبین طالعونسی ہونگی شادان — اختر ہی اوٹہا بزم سی گر رنج کنان آج

ردیف جیم پارسی

غزل ۹۶

آتنی نہ کرو مجھسی تم ایجانِ جہان کہینچ
پوشیدگی مین اور رہی ہوتی ہی عیان کہینچ

قامت تو قیامت ہی قدم عرش برین پر
اتنا قد و بالا کو نہ ای سروِ روان کہینچ

وہ اور زمانہ تہا تکبّر کا مگر اب
عشوہ کہان غمزہ کہان ایجان کہان کہینچ

پرکارِ تصور سی کمر یار کی توڈہونڈہ
موئی قلمِ عشقسی اعضای بتان کہینچ

پلکونکی تصور مین لگا تیر جگر پر
بہون یار کی یاد آئی تو انداز کمان کہینچ

بدنام نہو غیر و نمین باطنمین سمجھ لی
ظاہر کی کشش ترک کر اور دلکو نہان کہینچ

پتہر کی تلی دبتی ہین مونہہ چومکی ہٹ جا
ہشیار رہو ہاتہونکو تہ سنگ گران کہینچ

ہر مرتبہ ہٹ جاتی ہین وہ پہلوسی میری
برباد کریگی مجھی ای ہمنفسان کہینچ

دنیا ہی دو روزہ نہین پائندگی زر
دستِ طلب حرص کو بس کر نہ زنان کہینچ

ہزاد کی مانند مرا نام عسلم ہو
زورِ قلم عشقسی قامت کا نشان کہینچ

پھر شاہدِ مضمونسی صفائی رہی حاصل
تصویرِ جمال و رُخِ معشوق بیان کہینچ

ریتی مین چمکتا ہی وہ ذرّہ کی طرحسی
اتنا دلِ اختر کو نہ ای ماہِ جہان کہینچ

ردیف الحاء المُطلق

غزل ۹۷

آئینہ رو دکھاؤ جہانکو جمالِ صُبح
زُلفین اوٹہاؤ شبکو ہو ظاہر مآلِ صُبح

ایسا نہو کہ مرغِ سحر دی ندائی ہجر
رہتا شبِ وصال مین ہی بی ملالِ صُبح

سینہ ہی داغِ حُزنسی گلزارِ بیخزان
طاؤسِ زرکی شکل نمایان ہین بالِ صُبح

ابروئی صاف یاد ہوئی روز ہو گیا
ظاہر ہی ماہِ نو مین ہی مجھکو کمالِ صُبح

پیندا ورگئی صدائی اذان ہی چہیکی شکل
برباد کر رہا ہی ہر شب خیالِ صُبح

ہر شب وہ چھیڑ کرتی ہین پہلو مین بیٹھکر — فرمائشی بانسی کچھہ کچھہ تو حالِ صبح

کیا ہو نہہ جو قصہ ہجر کی نکالا دا کرون — کیونکر بیان ہوگا ملال و کلالِ صبح

گھڑیال نی ہلا دیا دل پاسبان اوٹھا — گردنپہ مرغ کی ہی سارا وبالِ صبح

شب بہر تو نامہ بر کی تصور مین غم رہا — آئی الٰہی ہدہدِ فرخندہ فالِ صبح

تسبیح طائرونکی گجر کی صدا غضب — سورج بہی لال ہو کی ہوا ہی زوالِ صبح

زلفین جو شب ہین خال ہین تارے تو نہہ ہو گل — ابرو می صاف رخنہ ہی کو یا ہلالِ صبح

شوخیِ رخ نی قتل کیا اختر صبیح
بہاتا نہین ہی دلکو جدال و قتالِ صبح

ردیف الخا

غزل ۹۸

بالونسی بہی باریک تیری کمر ایشوخ — یا وہم ہی یا مین کہون تا رِ نظر ایشوخ

رخسار طلائی یہ ہین سب سیم بدن فش — آگی تری رنگت کی نہین حسن زر اے شوخ

کشتہ لب خاموش کا ہون اُف نہی نکلی — کیونکر سر تعویذ وہان دی اگر اے شوخ

گہیے تیغ نظر اور کبھی ابرو کا اشارہ — مارا اس بدن زار پہ تیر و تبر اے شوخ

اسطرح دبو چون کہ بدن لال ہو بالکل — ملجائی اندہیر مین تو مجھکو اگر اے شوخ

دل میرا چرا لیگیا شوخی سی صنم افسوس — معلوم ہوا تو تو ہی اک مفت بر اے شوخ

سینہ سر ابرو پہ دہر ونگا دم پیکان — تلوار جو تو لی وہین پہیکون سپر اے شوخ

بوسہ ندیا گر وہین بدنام کرینگی — کہدینگی تجھی ہم شجر بی ثمر اے شوخ

نوبت نہ بجی سو گئی گہڑیالی ذرا گم — کسطرح سی ہوگی شب غم کی سحر اے شوخ

بچ جائیگی جان سامنی آئیگا اگر تو — صورت نہ دکہانیمین ہی خوف ضرر اے شوخ

اُف اُف مین جلا شعلہ رخ تیز ی غمسی — سینی مین فروزان ہوئی وی شرر اے شوخ

کسطرح سی اختر نہ کہی تجھکو مہ آسا — رخسار و لب صاف ہین بر شکل قمر اے شوخ

ردیف الدّال

غزل ۹۹

بس اب نکرنا ہماری برابری صیّاد
بنی ہین تیر محبت سی ہم پری صیّاد

یہہ دامدار ہی دشمن ہین جانِ بلبل کی
جو سیدہی آہو نمین کرنی لگی کجی صیّاد

مین ہون وہ بلبلِ خوش لہجہ عاشقِ گلہون
قفس کی تیلیو نسی ہوگی برتری صیّاد

جو لونگا نامِ خدا داخلِ چمن ہونگا
ملیگا روغنِ قازِ مسافری صیّاد

اُلٹ ہی دونگا مین دامِ سیاہِ زلفِ دراز
مری بہی پر کی تلی آئیگا کبہی صیّاد

وہ نخلبند حقیقی ہی میرا رزق رسا
خدا کری نہ مجہی تیرا ملتجی صیّاد

یہہ بختِ بد کا ہی شکوہ کہ شاخ تک توگیا
جما جو نیچہ تو ڈالی وہین گری صیّاد

شکار ہوئیگا اکروزِ بازِ غم کا ضرور
نہ باز آکہی رکہتا ہون مین یہی صیّاد

گلونکی یاد مین چیخا کیا ہونمین شب بہر
بچی نہ شور و فغا نسی کوئی گلی صیّاد

خزانکی یاد مین رویا کیا ہون را تونکو
نہ فصل گل مین مجھی آئی پھر ہنسی صیّاد

کھلی نہ آنکھہ کہ کنج قفس نصیب ہوا
ہماری جانکو گلہ رہوئی سبھی صیّاد

کہو کہ نذر کر اختر کی قدر دان ہی وہ
بہار مین تو نہ نوچی کلی کلی صیّاد

ردیف الدّال ہندی

غزل

تمکو ہی حُسن صورت پُر نور پر گھمنڈ
مجھکو ہی مدّ تو نسی رُخ حور پر گھمنڈ

جلوہ کبھی نہ دیکھتی آنکھونسی یار کا
موسیٰ اگرچہ کرتی سر طور پر گھمنڈ

بار خدا نہ پوچھی گا عاشق کو وہ کبھی
بیجا ہی مجھکو اوس بُت مغرور پر گھمنڈ

اوس سی زیادہ زخم دل عاشقان ہی تر
پروانی کر نہ شمع کی تا سور پر گھمنڈ

مجھکو غرور بندش مضمون پہ بیا
مطرب بسر کو بربط و طنبور پر گھمنڈ

اک دن فنا ہین رہین ہی باقی کو ہی بقا
کر لی ملک فلک دہن صور پر گھنڈا

نزدیک و بعد ایک سا معلوم ہوئیگا
گر پاس سی کرینگی دل دور پر گھنڈا

پہبتی بجا ہی یار کمر سی ضعیف ہون
لاغر وہ ہون کر ون دہن مور پر گھنڈا

جب تک نہ چہرہ دیکھون گو اہی کہا نکی دون
موسیٰ نہ کر سکی رخ مستور پر گھنڈا

بہاگا ہی عشق حسن حسینا نسی دور
نادان نہ چاہئی دل مغرور پر گھنڈا

اختر ہون ماہ پارو نمین مشہور ہون بہت
مجھکو بجا ہی عارض پر نور پر گھنڈا

خالق ہی اسکا اور کوئی تیرا قابو کیا
اختر کبہی نہ کر دل معذور پر گھنڈا

ردیف الذال

غزل ۱۰۱

خشکی دلسی ہوتی ہی ہمہ چشم تر لذیذ
عشق دہن سی کیون نہو موسی کمر لذیذ

پانی بھر آتا ہی دہن آرزو مین روز — کیا ہی غذائی حرص ہی ای بوسہ گر لذیذ

چلتا ہی دور باندہ لی پشتارۂ گناہ — نانِ جو اور حرص ہی ای ہمسفر لذیذ

شیرین دہن کی یاد مین چکھی ہین میرنے — دنیا مین کیا ہی خلق ہوا نیشکر لذیذ

اغیار مین وہ ذکر ہمارا ہی کرتی تہی — قاصد نی آج دی ہی یہہ ہمکو خبر لذیذ

لب اور دہنسی اونکی مین کسطرح موہنے — نعماتِ دنیوی مین ہی قند و شکر لذیذ

مین جانتا ہون لیلیِ زلفِ سیاہ ہون — مجنون کی رگ کی واسطی ہی نیشتر لذیذ

دیکھا جسی وہ حنظلِ فرقت نظر پڑا — چکھا نہ باغِ دہر مین کوئی ثمر لذیذ

پیشانی پر ہی مہر کی لذت ذقن ہی — شیرینیِ دہن بہی ہی شکِ قمر لذیذ

شہدِ مژہ سی چشمِ محبت چپک گئی — کیونکر نہو مجہی سرِ تیر و تبر لذیذ

کشتہ ہون دستِ عطر فشانکا جو دہر مین — مرقد پہ میرے کیون نہو بوئی اگر لذیذ

ہر سو صدائی عیش و طرب منتشر ہوئی — اختر تری مزیسی ہین دیوار و در لذیذ

ردیف الرّا

غزل ۱۰۴

نزاکت ختم ہی اگلی تری رُخسارِ رنگین پر
گُمان ہی نو رماہِ نو کا روی مہر تزئین پر

جو مُنکر ہی امامت کا خدا ناراض اوسسے ہی
فرشتی قبر مین لعنت کرینگی ایسی بیدین پر

قد و بالائی گل سی ہو گیا سکتا گلستانکو
چمن مین رشک ہی ہر سرو کو ایسی مضامین پر

نہ صیّاد و نسی ہونگی مطمئن آہو نگہہ ہرگز
یقین نیکی کا نرگس کو نہوگا چشمِ بدبین پر

شعاعِ گوش چشمِ مہر کو اندہا بنائین گی
ترا جھمکا کریگا طعن مہر و عقدِ پروین پر

بنائی گیسوی شبتاب اوسنی فرشِ مخمل پر
مچھی ہی آ ہوئی نافہ کا دھوکا شیرِ قالین پر

تڑپ ہی برقکی نظر و نکا عالم مثلِ شعلہ ہی
پڑ ہونگا یخطف الابصار اس چشمِ خونین پر

چلو گر چال تو کبک دری بھی ٹھہر کر کہین ائین
کچل ڈالو زمانیکو جو بیٹھو خانہ زین پر

کری وہ کام کیون عاقل کہ جسسی ہو پشیمانی
زمانہ آفرین کرتا ہی مرد عاقبت بین پر

نبی کی سامنی ناحق بتونکو سجدی کرتی ہو — فنا ہو جاؤگی ای مشرکو ایسے نفرین پر

نہ طالب زر کا ہون نہ خواہش دولت ہی دنیا مین — تفاخر ہی مجھی سب ہمفنو نمین لفظ تحسین پر

صبا حسرت روی جانانکی جو یاد آئی گلستانمین — نظارت تک نہین باقی چمنمین روی نسرین پر

نبات آئی ز باپر مونہہ سی جب شیرین کلامی کی — نبات ایجان تصدق ہی تری لبہای شیرین پر

نکرتا ریکیی مرقد کا غم دنیا مین ای اختر
قمر کیطرح روشن ہوگا مطلع روی بالین پر

غزل ۱۰۳

بہروسا ہوگا کس عاقل کو تجھہ نادانکی باتونپر — گمان صبح ہوئیگا نہ ہرگز کالی راتونپر

نہ دہوکا دیہہ بازی ہرچکی ہی عشق کا مایی — عیان ہوگا فریب حسن عیارونکی گہاتونپر

غم و غصہ الم ہم رنج دوری ہجر محرومی — یقین دلکی رفاقت کا ہوا ہی مجھکو ساتونپر

یہہ شاعر ہی لکہی دام چشم یار کی مضمون — دل عشاق پستی ہین اگر پریونکی گاتونپر

ہر اک داغِ بدن ملبوسِ شادی ہی بلائین لون — حسابِ خلعتِ صد پارچہ ہے پیاری لاتو پر
مین و لسی بندۂ بیدام ہون سب قدر دانو نکا — تصدق ہی دل و جان و جگر اخوص صفا تو پر
اری ای آنی والو ہوشیار اب وقتِ رخصت ہی — ہوا ہی حکمِ قتلِ عام اسجانب کی آتو پر
پلک کی تیزیونکی دیکھنی کو جمع لشکر ہی — نہ کیجئی طعن ای نیزہ فگن ان آتی جاتو پر
جو ابروئی وسانہ رخِ پرتاب پر چمکی — غضب ہی دنکو ڈانکا پڑ گیا شبکی برا تو پر
اُچک کر لی ہی لینگی بوسہ لبہائی نازکو — کرو تم افتراد اُنھو لکر پنڈلی باتو پر
ہماری دیدۂ گریانسی پوچھو خندۂ دلکو — ہنسا کرتی ہو ناحق ہجر مین آنسو گرا تو پر

رُکھائیسی بہت ڈرتا ہی تمکو اسکی عادت ہی
نکر ناطعن ای خورشید رو اختر کی باتو پر

ردیف الرّا ہیندی

غزل ۱۰۴

شبنم کی ڈبڈبہ سی کر مجھسی صنم آڑ
دیتی ہی مریجانکو اب رنج والم آڑ

اتنی کشش دلسی رکھائیسی ہو تمین تنگ
دیتی ہی دل وجانکو اب خوف ہمدم آڑ

مل مل کی مین ہاتھونکو پکتا ہون جبین کو
تن چھپتا ہی مرتبہ کرتی ہین قدم آڑ

کیونکر نہ بچی لشکر شاہنشہ الفت
کرنی لگا افواجکی میدانمین علم آڑ

نظر ائی نہین غیر نکل جاؤن بہانسی
اتنا ہی حقین کرسی لطف وکرم آڑ

روپوشی کیا کرنہ دم رقص سبکرو
حقمین مری ضرب پہ ہوجاتی ہی سم آڑ

کیا عفت وعصمت تری مشہور جہان ہی
ائی وہ نشین نامسی کرتا ہی قلم آڑ

اللہ نی پردہ یہہ فقیرونکا بنایا
روٹیکی چھپانیکی لیی ہی یہہ شکم آڑ

بدنام ہوا جاتا ہون اغیار مین ایجان
مجھسی تو خدا کی لیی اب کیجی کم آڑ

جو پردہ نشین ہوتا ہی قدر اوسکی ہی ہتی
ہوتی ہی جہانمین سبب جاہ وحشم آڑ

گو ہو نہ سپر ہاتھہ مین تلوار رہی کافی
ہر مرد کی میدانمین ہی خود جہلم آڑ

بدشکل ہی بدخلق ہی بدرو ہی نہایت
اخترتری صورتسی تو کرنی لگی ہم آڑ

ردیف الزا

غزل ۱۰۰

سکھلاتا روز ہون تمہین ابہربان تمیز — مدت ہوئی کہ آتی نہین جان جان تمیز
انشاءاللہ روز وصال سرور بخش — قصہ شب الم کا کریگی بیان تمیز
عشق پرمین ثابت و قائم رہیگا یہہ — سیکھیگا مجھسی روز دل راز دان تمیز
ظاہر ہی ہوگا حال دل زار و ناتوان — کیونکر رہیگی قلب کی اندر نہان تمیز
اغیار سی مقابلہ وحشت کا سامنا — دل نی دیا رکہی تہ کوہ گران تمیز
بلبل کیطرح پردہ مین کب تک چہپا گی — اب چاہئی ہزار مین ہوئی عیان تمیز
خود ذائقہ اوٹہاؤگی آئیگا جب ادب — تمپر نہوگی امیر یجان اب گران تمیز

امواجِ وحدتِ یمِ حق پار کر چکیں
کشتیِ معرفت کی ہوئی بادبان تیز

اللہ کو بھی سمجھا رسولِ خدا کو بھی
دیتی ہی حق و باطلِ دل کا نشان تیز

باقاعدہ ہی پلکو نسی قاتل کی میرا دل
دیتی ہی وزخنجشِ نوکِ سنان تیز

ناداری جب تلک تہی کہ مین بدتمیز تہا
گھر مین مری تو آج ہوئی میہمان تیز

خالی نہ جائی کوئی کسی سی نہین گلہ
اختر تمہاری عشق کی ہی رتبہ دان تیز

ردیف السین

غزل ۱۰۶

کسطرح اڑکی پہنچون یار کی پاس
میری شہپر ہین وامدار کی پاس

بلبلِ دل ہی میرا استادہ
تمتو جا بیٹھو گی ہزار کی پاس

بعدِ مردن بخیر پہنچے
میری مٹی مری کمہار کی پاس

وہ تمکدہ رہین مجھکو حیرت ہی — دل کا آئینہ ہی غبار کی پاس

عشق کیونکر جتاؤن ہون مجبور — دل تو ہی حسنِ نامدار کی پاس

سیر عالم نصیبِ مستان ہی — جامِ جم ہی رخِ خمار کی پاس

خاک اڑا لیگیا رکابی ساتھہ — مشتِ اعضا ہین شہسوار کی پاس

بیٹھا جاتا ہی دل تہِ گلزار — ہی خزان ہی کہڑی بہار کی پاس

چرچا ہو دور دور شعر ونکا — غزلین ہون جمع رازدار کی پاس

دور سی مجھکو بہی کری وہ صید — پھڑپھڑاتا ہی دل شکار کی پاس

یون ہی تو ام ہی گردشِ گردون — بیقراری بہی ہی قرار کی پاس

دل ہی دلدار کی قرین اختر
سینہ طاؤسِ زرنگار کی پاس

ردیف الشین

غزل ۱۰۷

قاصد زبانسی تو سُنا دی پیام عیش
بتلا دی مر چشم سی دلکو مقام عیش

دیوان میرا بزم جسیبان دہری
ہی نصف جشن ہر حسینان کلام عیش

جلسی وہ اوٹھہ گئی ہین یہہ صحبت خراب ہوئی
بدلا ہی حُزن و رنج والم سی تمام عیش

قُلقُل کا شور قُم قُم مینا صدای چنگ
گردش مین آئی یا رخدا آج جام عیش

ہم بہی شریک جلسۂ ابنای دہر تہے
ٹہوکر نہ مار قبر پہ اپنی خوشخرام عیش

سینہ سپر بنائینگی ہم بزم خاص مین
ابروئی یار رخنہ ہین گویا حُسام عیش

مسکن بہشت خُلد ہی اُلان خوبرو ہوجو
گہر مین تمہارے کیون نہو ہر دم قیام عیش

شوقینی تُمپہ ختم ہی اور مُجہپہ عاشقی
چہتری پہ دلکی اُڑتی ہین ہر دم حمام عیش

ملجائین جب وہ ہنستی ہوئی بزم جشن مین
قاصد مرا بطرز فسانہ کہین سلام عیش

جشن خوشی مین کیون نہو شہ گام عشق ریز
مونہہ مین کُمیت حُسن کی ہوگی لجام عیش

بزم طرب ہی خندۂ مینا ہی شور چنگ | کیون ہو سرور بخش زمانہ نہ نام عیش

چلتا ہی تو ہی کوئی پر یمین برائی دید
آختر ہی مہ جبینو نسی لبریز بام عیش

ردیف الصاد

غزل ۱۰۸

جانِ عالم کو ہی منظور تمہارا اخلاص | وقتِ خلوت تمہین بہلاتا ہی ہمارا اخلاص

جسقدر ربط بڑہاؤگی محبت ہوگی | جان دیسی ہوا عاشق کو گوارا اخلاص

نجمِ تقدیر شعاعِ رخِ روشن ہوگی | فلکِ حسن پہ ہی عشقکا تارا اخلاص

جان لی لیتا ہی تو وصل کی شب القصہ | بی اجل تیغِ ادا نی مجہی مارا اخلاص

ایکبارہ جو ملا ذائقہ بھولا نہ کبہی | خوش نصیبونکی زبان زد ہی ہمارا اخلاص

اوجِ خلوت پہ نظر رکہتی ہین بی مہر جہان | طاق افلاکسی حیرون نی اوتارا اخلاص

جسطرف اسنی چلایا وہین اٹھتی ہین قدم
دلسی وابستہ ہی انسانکا سارا اخلاص

تا کجا پہنچیگا انداز محبت ایدل
کر چکا تا فلک صاف گذارا اخلاص

تیری مذہب مین مسلمانی کجی ہی حلال
کم نکر نا بت سفاک خدارا اخلاص

کسطرف مزرعہ عشق چھپاؤنگا مین
ملک دل پر ہی کریگا جو اجارا اخلاص

کیا ہوا شاہ اودہ نی جو تجھی پیارا کیا
دہر مین کر چکی ہین سنجر و دارا اخلاص

مانتی ہین صف عشاق مین اغیار جہان
اختر زار کڑی تم ہو کرارا اخلاص

ردیف الضاد

معجمہ

غزل ۱۰۹

مجھی تسی ہی زمانیمین مریضان غرض
کر رہی ہی صف عشاق پہ احسان غرض

دل ہی چلتا در دولت کہ رسائی ہوجائی — تلوی سہلاؤن مری یا تہہ کو پہچان غرض

مذہب مکر و خا پیشہ فریب و دل کام — جعلسازونکی نہ مانیمین ہی ایمان غرض

بی سبب کوئی کسی شی کا نہین دم بھرتا — اہل مطلب کی جہانمین ہی دل اور جان غرض

پاؤنمین خاک قدم بنکی لپٹتی ہی روز — چھوڑتی ہی نہین معشوقونکا دامان غرض

دل تصدق ہو اونکی روش الفت پر — نکریگا پس مرون کوئی پیچان غرض

پالا تجسی ہی پڑیگا شب تنہائی مین — مونہہ پہر انجسنی تو میرا کہا مان غرض

دل ملا جس سی اوسی سی ہی بیان الفت — کہہ نہین سکتا ہی ہرایکسی انسان غرض

تیری اجلاس کی بس دیر ہی اے شاہ جہاں — کر چکا جشن کائنا رمین سامان غرض

قول و اقرار شی ہیرتی ہین حسینان جہان — توڑتی ہیرتی ہی عشاق کی پیمان غرض

عارض صاف و جبین کا ہی نظارہ حاصل — روز پڑہواتے ہی رخسارونکا قرآن غرض

جبسی سودائی رخ وکاکل شبرنگ ہوا — کر رہی ہی دل اختر کو پریشان غرض

ردیف الطا

غزل ۱۱۰

چندیسی نہایت ہی مجھی اونسی ہو ارتباط
آگاہ زمانہ ہی کہ پل پل مین بڑہا ارتباط

ہرچند وہ بیزار تہی پر مینی شب وروز
گستاخیونسی ملنی کا ہر روز کیا ارتباط

خوشنامی ہی دنیا مین تواضع پہی مردم
